عصائے محمدی



مسلکِ اہل حدیث پر
اعتراضات
حقیقت یا فریب

تالیف

خطیب الہند مولانا محمد صاحب جوناگڑھی رحمہ اللہ

مراجعہ وحواشی

مولانا حافظ عبداللطیف اثری
استاذ حدیث وفقہ جامعہ عالیہ عربیہ مئو

مکتبۃ الفہیم
مئوناتھ بھنجن یوپی

سلسلۂ محمدیات:-

عصائے محمدی

مسلکِ اہل حدیث

پر

اعتراضات

فریب یا حقیقت

تالیف

خطیب الہند مولانا محمد صاحب جوناگڑھی رحمہ اللہ

مراجعہ وحواشی

مولانا حافظ عبداللطیف اثری

استاذ تفسیر وحدیث جامعہ عالیہ عربیہ، مئو

مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن یوپی

نام کتاب: عصائے محمدی
مصنف: مولانا محمد صاحب جونا گڑھیؒ
مراجعہ وحواشی: مولانا حافظ عبداللطیف اثریؔ
صفحات: 176
سال اشاعت اول: جون 2006ء
تعداد اشاعت: ایک ہزار ایک سو
طابع وناشر: مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن
قیمت: ■/=



باھتمام
شفیق الرحمٰن ،عزیز الرحمٰن

مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن یوپی
Maktaba Al- Faheem
1st Floor Raihan Market Dhobia Imli Road
Sadar Chowk Mau Nath Bhanjan(U.P)
Ph 0547- 2222013, Mob 9336010224(R) 252019

بسم اللہ الرحمن الرحیم

احوال واقعی

اللہ کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اپنی امت کو گمراہی وضلالت کی وادیوں میں بھٹکنے سے بچانے کے لئے ایک انمول نسخہ "ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکم بھما کتاب اللہ و سنتی" بتاکر اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے ہیں۔ امت کے بہت سے خوش نصیب لوگ اسی نسخۂ کیمیا پر عمل پیرا اور اسے حرز جان بنائے ہوئے ہیں۔ لیکن امت کا ایک طبقہ جسے قرآن وسنت سے زیادہ اقوال وآراء محبوب ہیں اسے یہ نسخہ کسی بھی طرح اچھا نہیں لگتا۔ اس طبقہ کے لوگ صرف یہی نہیں کہ اس پر کلی طور پر عمل پیرا نہیں ہیں بلکہ اس نسخۂ کیمیا کو حرز جان بنانے والے افراد، علماء، ان کی جماعت اور تعلیمی درسگاہوں کو برا بھلا کہنے میں ذرا بھی نہیں جھجکتے۔ حتی کہ ان کے عقائد واعمال کو شرک وبدعت اور ان کو کافر ومرتد اور گمراہ کہتے ہیں۔ اپنے مجلات وجرائد میں ان کا تمسخر واستہزاء کرتے ہیں، نازیبا القاب سے نوازتے ہیں اپنی درسگاہوں میں سنت کی تاویل وتردید اور حنفیت کی ترویج وتوثیق کرتے ہیں۔ تصنیف وتالیف اور تحقیق کی آڑ میں دجل وفریب کی ناروا کوشش کرتے ہیں۔

تاریخ کے بیان کے مطابق اسی طبقہ سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں جنھوں نے اس جماعت سے وابستہ افراد کو انگریز حکومت کی نگاہ میں باغی قرار دیا تھا۔ اپنے فتاویٰ اور دستخط شدہ دوسری دستاویزات کی مدد سے انگریز حکمراں کو ان سے اس قدر متنفر کر دیا تھا کہ وہ وہابی اور باغی کو مترادف الفاظ سمجھنے لگے تھے اور ان کے سپاہی جسے وہابی سمجھ جاتے تھے اسے باغی سمجھ کر گولی سے اڑا دیتے تھے۔

اسی طبقہ کے ایک عالم مولانا محمد لدھیانوی نے انگریز حکومت سے باقاعدہ درخواست کی تھی کہ سید صدیق حسن قنوجی کو تختۂ دار پر لٹکا دیا جائے کیونکہ یہ وہابیت پھیلاتے ہیں اور در پردہ مجاہدین کی حمایت ومدد کرتے ہیں۔ تاریخ کے سینہ میں یہ بات بھی محفوظ ہے کہ انھی مولانا لدھیانوی نے انتظام المساجد باخراج اہل الفتن والمفاسد نامی ایک کتاب اس وقت لکھی تھی اور اسے صادق پور وپٹنہ میں اس وقت تقسیم کیا تھا جب علماء صادقپور وعاملین بالکتاب والسنۃ کے گھروں کو مسمار اور ان کے املاک کو تلف کیا جا رہا تھا، اور انھیں جیل میں بند اور ان کے لئے پھانسی کا پھندا تیار کیا جا رہا تھا۔

اسی طرح ۱۹۲۸ء میں مولانا وصی احمد سورتی نے اس عامل بالکتاب والسنۃ جماعت سے وابستہ افراد کی عناد ودشمنی میں ایک مفسدانہ کتاب جو دراصل ایک فتویٰ تھا جامع الشواہد فی اخراج الوہابین عن المساجد کے نام سے شائع کی تھی اس فتویٰ میں جماعت اہلحدیث کے علماء کو گمراہ اور مباح الدم قرار دیا گیا تھا اور لکھا تھا کہ اہلحدیث کو مساجد سے نکالنا درست ہے اور اس پر تمام دیوبندی علماء کی تصدیقی دستخط ومہریں تھیں۔

اور یہ بھی تاریخی حقیقت ہے کہ شیخ العرب والعجم مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلویؒ جن کی شرافت، تقویٰ دقت نظری اور علمی وحدیثی خدمات مسلّم ہے جب ۱۳۰۰ھ میں حج کے لئے تشریف لے گئے تو وہاں انھیں گرفتار کرانے کی سر توڑ کوشش انھی لوگوں کی طرف سے ہوئی اور اس سے بھی عجیب بات یہ ہوئی کہ بیت اللہ میں ترکی مندوب کے سامنے جب سید نذیر حسینؒ کو پیش کیا گیا تو جامع الشواہد کو سید صاحب کی تصنیف ظاہر کیا گیا تاکہ اس کے مندرجات کو اہل حدیث کے

عقائد سمجھا جائے۔ جب سید نذیر حسینؒ صاحب نے ترکی مندوب کو یقین دلایا کہ یہ نہ ہماری تصنیف ہے اور نہ ہی اس کے مشتملات ہمارے عقائد ہیں، تب ترکی مندوب نے معافی چاہی اور آپ کو باعزت رہا کیا اور دعا کی درخواست کی۔

اور صرف اس پر بس نہیں کیا بلکہ اس جماعت کی عداوت میں تاریخ نویسی کی آڑ میں تاریخ سازی بھی علماء دیوبند کا ایک زریں کارنامہ ہے اور اس میدان میں ان حضرات نے مستشرقین کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ اہلحدیث علماء کی جانب غلط باتیں منسوب کی ہیں اور جن باتوں کا ان کی کتابوں میں اتہ پتہ بھی نہیں ہے۔ اپنے بھولے بھالے عوام کو دھوکہ دینے کے لئے مع قید صفحہ وکتاب اسے اپنی تحریروں وتقریروں میں دہراتے رہتے ہیں۔

زیر نظر کتاب ایک ایسی مفسدانہ کتاب کا جواب ہے جو بار بار نئے اور شاندار نام سے ۱۳۲۷ھ سے اب تک شائع ہورہی ہے اور جس میں کبھی چالیس اور کبھی پچاس مسائل پر اعتراضات ہوتے ہیں۔ کتاب میں ثابت کیا گیا ہے کہ اہلحدیث علماء کی جانب جو باتیں منسوب کی گئی ہیں وہ ان کی کتابوں میں موجود نہیں ہیں ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ جن مسائل کو ان کی جانب منسوب کیا جارہا ہے وہ خود انھیں کی کتابوں (فقہ حنفی کی کتابوں) میں موجود ہیں اور ان کا کام الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے کے مصداق ہے۔

مذکورہ دیوبندی کتاب کا جواب کئی علماء اہلحدیث نے دیا ہے اور ہر ایک کا ھو المسك ما كررته يتضوع اپنا الگ الگ انداز وفائدہ ہے۔ لیکن جو سلجھا اور دلوں کو اپیل کرنے والا انداز مولانا محمد جونا گڈھیؒ نے اختیار کیا ہے سب پر فائق ہے آپ نے نہ صرف یہ کہ الزامات کا جواب دے کر غبار صاف کیا ہے بلکہ آرائے رجال پر مشتمل مسلک کی خانہ تلاشی بھی لی ہے۔

مولانا محمد صاحب جونا گڈھی رحمہ اللہ کی اس کتاب سے اس وقت فتنہ کا انسداد ہوگیا تھا مگر بدقسمتی سے دجل وفریب کے کچھ پرانے شکاری نئے جال کے ساتھ ایک بار پھر میدان میں اتر آئے ہیں اور انھیں مسائل کو جس کا جواب کئی جانب سے انھیں مل چکا ہے نیا نام دے کر نئی تحقیق کے ساتھ آگئے ہیں اور ایک بار پھر وہی منظر سامنے آگیا ہے ایسے وقت میں ضرورت محسوس ہوئی کہ کتاب کی دوبارہ اشاعت ہوتا کہ متلاشیان حق کے لئے کوئی زحمت نہ ہو۔ بنابریں کتاب شائع ہورہی ہے۔ کتاب کو مزید مفید بنانے کے لئے درج ذیل امور کا التزام کیا گیا ہے۔

۱- کتاب کا مراجعہ اور کتابت کی غلطیوں کی تصحیح۔ ۲- جن نصوص کا حوالہ نہیں تھا ان کا حوالہ۔
۳- جن کا حوالہ موجود تھا ان کا نئی طبع شدہ کتابوں سے حواشی میں حوالہ ۴- ثبوت کے لئے محولہ کتابوں کے صفحات کا فوٹو۔
۵- موضوع سے متعلق مزید مفید باتیں۔ ۶- آیات قرآنی پر اعراب۔

بڑی ناسپاسی ہوگی اگر اس موقع پر اپنے شفیق وعزیز شاگردان گرامی کا ذکر تشکر آمیز طریقہ سے نہ کروں کیونکہ ان دو عزیزان گرامی کے بار بار اصرار کی بدولت ہی کتاب حواشی وتعلیقات کے ساتھ قارئین کے ہاتھوں میں ہے۔ اللہ تعالیٰ انھیں مزید اخلاص عطا فرمائے اور کاروبار میں ترقی دے۔ اور انھیں "التاجر الصدوق" کا حقیقی مصداق بنائے، رب العزت سے یہ بھی دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو احقاق حق اور ابطال باطل کا ذریعہ بنائے۔ و ما توفيقى الا بالله عليه توكلت و اليه انيب۔

عبداللطیف اثری

استاذ حدیث و فقہ جامعہ عالیہ وعربیہ، مئو



الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین

نچا مارا ہے یکسر کیا عرب اور کیا عجم سب کو
خدا غارت کرے اس اختلافِ دین ومذہب کو

حضرات! آج وہ زمانہ ہے کہ ہر طرف سے ترقی کی مبارک صدائیں ہمارے کانوں میں گونج رہی ہیں، اوراس ترقی کا پہلا زینہ اتفاق بتلایا جارہا ہے، فی الحقیقۃ بات بھی یہی ہے مگر پھر بھی ہمارے بعض منچلے تیز طبع احباب اپنی اسی پرانی کاسہ لیسی پر قائم رہ کر اس کھلتے ہوئے شگوفے کو مرجھانے میں اپنی ایڑی چوٹی تک کا زور لگارہے ہیں، حتی کہ ایک فرقہ کو بدنام کرنے لئے ان کے ذمہ بیہودہ الزامات تھوپ کر پبلک کو ان سے بدظن کیا جاتا ہے، کیا یہ لوگ اس فرمان خداوندی عزاسمہ سے بالکل غافل ہیں، "وَلَايَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰىٓ اَلَّا تَعْدِلُوْا"(۱) یعنی کسی قوم کی عداوت تم کو خلافِ عدل کرنے پر آمادہ نہ کرے واللہ ہمارا ہر وقت یہی خیال رہتا ہے کہ حتی الامکان وہ باتیں کہی جائیں جو عامۃ المسلمین کو نفع بخش ہوں مگر کیا کریں جب خواہ مخواہ کوئی سنگِ راہ یا خارِ پا ہو تو لامحالہ اس کا ازالہ کرنا پڑتا ہے، آج ہمارے سامنے اس وقت ایک رسالہ بنام "وہابیہ نجدیہ غیر مقلدین کا مذہب" رکھا ہوا ہے۔ جس کا نام ہی مصنف

(۱) المائدۃ ۵/۸

کے اندرونی بغض کا پورا فوٹو ہے۔

نمی دانم حدیث نامہ چوں است
ہمی بینم کہ عنوانش بخوں ست

اس میں کچھ تو مذہب اہل حدیث پر اتہام لگائے گئے ہیں، بعض عبارتیں محض دھوکہ دہی کے لئے غلط نقل کی ہیں، بعض باتیں بے سروپا غلط حوالے سے لکھ دی ہیں، بعض سیدھی اور صاف باتوں کو الٹ سلٹ کر کے سایہ کا جن اور لکیر کا سانپ بنالیا ہے، اس کے مصنف جودت رامپوری صاحب کو یا تو مذہب اہل حدیث کی حقیقت سمجھنے میں خود مغالطہ ہوا ہے یا تجاہل عارفانہ ہے۔ اور اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو شق عموم ظاہر ہے اور وہ تعصب اور محض تعصب، اہل حدیث کا مذہب اس فرقہ کے نام ہی سے ظاہر ہے اور اس کے اصول وفروع پر یہ نام ہی حاوی ہے، اہل حدیث یعنی قرآن وحدیث والے، یعنی امام الائمہ حبیبِ خدا حضرت محمد مصطفی ﷺ سے جو کچھ بہ سند صحیح ثابت ہو جائے یہی ان کا مذہب ہے اور بس قابل عمل وعقائد ان کے یہاں صرف قرآن وحدیث ہی ہے۔

نہاد اہل حدیث است اتباع سنن
صبائے رائے نیابد گذردریں گلشن
کجاست صاحب تقلید گو بیاد ببیں
بہارایں چمن وخارزار رائے زمن

آخری وصیت نبوی ﷺ "تَرَكْتُ فِيكُمْ أَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّتِي" (موطا امام مالک)[1] یعنی میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑ چلا ہوں کہ جب تک انہیں مضبوط تھامے رہوگے ہر گز گمراہ نہ ہوگے، ایک قرآن کریم دوسری حدیث، حدیث پر عمل کرنے والے فرقے کا آج اگر کوئی متلاشی ہو تو اس کی آنکھوں کو ٹھنڈی کرنے والا اس کے دامنِ مقصود کو گلِ مراد سے پر کرنے والا یہی فرقہ ملے گا، اپنے دماغوں کو تعصب سے خالی

---

(۱) موطا امام مالک صـ ۳۶۳ (مکتبہ تھانوی دیوبند) .النهي عن القول في القدر

کر کے اپنی آنکھوں پر سے باطل کی پٹی ہٹا کر دیکھو تو سہی کہ حدیث "مَا اَنَا عَلَیْهِ وَاَصْحَابِیْ" (۱) یعنی فرقۂ ناجیہ وہ ہے جو اس چیز پر قائم ہو جس پر میں اور میرے اصحاب ہیں، پر عامل کون ہے؟

دنیا کے کل فرقوں نے اپنی اپنی نسبت اپنے بزرگوں، اماموں، مجتہدوں کی طرف کرلی، مگر اہل حدیث ہیں اور فقط وہی ہیں کہ انھوں نے سوا محمد رسول اللہ ﷺ کے دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا بھی اپنے لئے عار سمجھا، ہم تو ہر وقت یہی کہتے رہتے ہیں ؎

ما بلبلیم نالاں گلزارِ ما محمد

ما عاشقیم بیدل دلدارِ ما محمد

یعنی ہم تو محمد ﷺ کے گلزار کی نالاں بلبلیں ہیں اور آپ کے دلدادہ عشاق ہیں۔

دوستو! آپ کی طرف منسوب ہونے والا، آپ کی باتوں کو دل وجان سے قبول کرنے والا، آپ کے فرمان پر نہ فقط مال، بلکہ عزت وجان وزن وفرزند تک کو قربان کردینے والا دشمنی کے قابل ہے؟ مسلمانو! کیا عیسائی اور موسوی کرشنوی اور سناتنی محبت کے لائق اور محمدی عداوت کے قابل؟

فَكَيْفَ يَصِحُّ فِيْ الْاَذْهَانَ شَيْءٌ

اِذَا احْتَاجَ النَّهَارُ اِلَى الدَّلِيْلِ

یعنی اس بھس بھرے دماغ میں کون سی بات ٹھیک طور پر آئے گی جو روشن دن کے وجود پر بھی دلیل کا طالب ہے، اب میں چاہتا ہوں کہ مولوی صاحب نے جو کچھ فرقۂ اہل حدیث پر زبان درازیاں کی ہیں ان کو حوالہ بخدا کر کے ان کے تمام الزامات کا مختصراً جواب دوں،

(۱) پوری حدیث اس طرح ہے عن ابی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلى الله عليه وسلم قال المتمسك بسنتی عند فساد امتی له اجر مائة شهيد و قال ان بنی اسرائيل افترقوا على اثنتين و سبعين ملة و ان امتی تفترق علىٰ ثلث و سبعين كلها فی النار الا واحدة قالوا و من هم يا رسول الله قال الذی انا عليه اليوم واصحابی۔ (شفا قاضی عياض ج۲ صـ ۱۰ مطبوعه فاروقی كتب خانه ملتان / مجمع الزوائد ج۱ صـ: ۱۸۹

جوانھوں نے اہل حدیث کے ذمہ وارد کئے ہیں، وہ سیاہ رنگ کے بدنما داغ جوانھوں نے اہل حدیث کے دامن پر لگانے کی کوشش کی ہے اگر انہیں کے دامن پر نظر آجائیں تو غالباً میں معذور سمجھا جاؤں گا، کیونکہ کرد کہ نیافت''

ناظرین سے میری ایک اور عرض یہ ہے کہ مجھے اس بارے میں معذور سمجھیں قال اللہ تبارک وتعالیٰ "وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَاعَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ "[1] یعنی اگر مظلوم شخص ظالم سے اپنا بدلہ لے تو وہ قابلِ ملامت نہیں، میں اوپر بیان کر چکا ہوں کہ اہل حدیث کا مذہب قرآن کریم واحادیث صحاح ہیں، ان کو نواب صاحب وغیرہ کی کتابوں سے الزام دینا ایسا ہے جیسا کہ حنفیہ کو شافعیہ کی کتب سے یا اس کے برعکس بلکہ اس سے بھی بداور بدتر۔ آپ دور کیوں جائیں یہیں دیکھ لیجئے، آج کل احناف کی دو پارٹیاں ہیں، ایک دیوبندی جن کے ہاں قبر پر سجدہ کرنا، اولیاء اللہ سے کل مرادیں طلب کرنا، رسول اللہ ﷺ کو بالکلیۃ عالم الغیب سمجھنا وغیرہ وغیرہ شرک وکفر سمجھا جاتا ہے اور دوسری پارٹی بریلوی جن کے ہاں یہ امور مندرجہ بالا اصل الاسلام اور عین دین وایمان ہیں، کتب فقہ احناف میں اگر منصفانہ نظر ڈال لی جائے تو اول الذکر گروہ مصیب معلوم ہوتا ہے، اب اگر کوئی شخص دیوبندیوں کو الزام دے اور کہے کہ تمہارے مذہب میں قبر پرستی اور پیر پرستی ہے، چنانچہ فلاں حنفی نے اپنی فلاں کتاب میں لکھا ہے اور اولیاء اللہ ہر جگہ حاضر وناظر ہیں، ان کی قبور پر سجدے کرنے چاہئیں، وہ کائنات کے مالک ہیں وغیرہ وغیرتو دنیا کے عقلاء اس الزام کو اس کی سفاہت پر مبنی سمجھیں گے، غرضیکہ شخصی خیال مذہب نہیں سمجھا جاتا، کئی افراد کے اجتماع سے کل ہوتا ہے نہ کہ ہر ہر فرد بجائے خود کل ہے، آپ نے نواب صاحب وغیرہم کی جن کتابوں سے ہمیں الزام دیا ہے ان کل کتابوں میں سے میرے کتب خانہ میں ایک بھی کتاب نہیں مجھے تو اس کتاب کا جواب دینے کے لئے یہ سب کتابیں عاریۃً لینی پڑیں اور وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ کتابیں ہمارے مذہب کی اصل کتابیں نہیں، میں اس بات کے بیان کر دینے سے مولوی صاحب کے پورے رسالے کا جواب

(۱) الشوریٰ ۴۲/۴۱

گویا اجمالاً دے چکا ہوں، اب ذرا تفصیلاً مگر مختصراً ملاحظہ ہو "ھاو انا اشرع بعون الملك الوھاب ۔اللھم الھمنی رشدی واعذنی من شرنفسی ۔

مذہب اسلام جو دنیا بھر کی خوبیوں کا مجموعہ ہے جس نے اپنی فطری اور قدرتی خوبیوں کے ذریعہ دنیا بھر کو بہت تھوڑی سی مدت میں اپنا حلقہ بگوش بنالیا۔ چاردانگ عالم میں اپنی ہردلعزیزی اور حقانیت کا سکہ جمادیا، دنیا کے جملہ ادیان نے اس ایک دین پر دفعۃً دھاوا بول دیا لیکن اس کی صداقت کی طاقت نے سب کے پاؤں اکھاڑ دیئے، اس کی دلفریبیوں نے لوگوں کو وارفتہ کردیا، جس کی ایک بار بھی بھولے سے ہی اس پر نظر پڑ گئی وہ عمر بھر اس کا کلمہ پڑھتا ہوا ہی نظر آیا۔ ایک زمانہ تھا جس وقت اس کے ماننے والوں کی نسبت مخالفین کا اتفاق تھا کہ "غـر ھـولاء دیـنھم" یعنی یہ لوگ تو اس دین کے متوالے بن گئے، لیکن جوں جوں زمانہ گذرتا گیا یہ صاف کپڑا میلا ہوتا گیا، وہ پاک نشہ اترتا گیا، گو آج بھی اسلام اپنی ان ہی خوبیوں کے ساتھ ہے، لیکن ہم ہرگز یہ دعویٰ نہیں کرسکتے کہ مسلمان بھی اسی پرانے روینے پر ہیں، بلکہ ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کئے بغیر چارہ نہیں کہ ؎

ایں قدح بشکست وآں ساقی نماند

اسلام کی تعلیم تو یہ تھی کہ خدا کی مانو اس کے رسول کی مانو، لیکن ہم نے اس من وسلوی پر صبر نہ کرکے بنی اسرائیل کی طرح ایک تیسری چیز یعنی قیاسِ امام بھی نکال لی، اور پھر اس پر اس سختی سے جم گئے کہ شدہ شدہ وہی اصل مانی جانے لگی اور اصل کو فرع کا، بلکہ اس سے بھی نیچے کا درجہ دے دیا گیا، آج عام مسلمانوں کی یہ حالت نظر آتی ہے کہ اگر انہیں کسی مسئلہ کی ضرورت ہوئی وہ دریافت کرنے نکلے کسی عالم نے بتلایا کہ اس کی نسبت قرآن وحدیث کا یہ حکم ہے تو ان کی تشفی نہیں ہوتی وہ فوراً پلٹ کر کہتے ہیں کہ مولوی صاحب یہ بتلاؤ کہ حنفی مذہب میں اس کی بابت کیا فیصلہ ہے؟ آج خواص مسلمانوں کی یہ حالت ہے کہ جو لوگ مسند درس پر بیٹھے نظر آتے ہیں مدرس، مفتی اور عالم مشہور ہیں، مصنف اور مولوی ہیں وہ اگر فتویٰ لکھیں گے تو

تیرے میرے قول سے، مسئلہ بتلائیں گے تو زید بکر کا نام لے کر، تعلیم دیں گے تو اِدھر اُدھر کے قیاسات کی، پیروی کریں گے تو امتیوں کی، نام لیوا ہیں تو نیچے ہی نیچے کے، مجھے معاف رکھا جائے اگر میں کھلے الفاظ میں کہدوں کہ ''سچ تو یہ ہے کہ ہمارے اسلاف کا اسلام اور تھا اور ہمارا اور ہے، اور اگر وہ کامل مسلمان تھے تو ضرور ہمارے اسلام میں نقصان ہے اور بھائی اگر ہم باوجود ان ڈھنگوں کے کامل مسلمان ہیں تو وہ اس اسلام سے یقیناً بہت دور بلکہ بالکل محروم تھے۔ ہمارے زمانے میں صرف قرآن وحدیث کا نام رہ گیا ہے۔ عمل کیلئے اور چیز ہے اور تبرک کے لئے اور چیز، ''ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور'' مسئلہ دیکھنا ہو تو ''ہدایہ'' ''شرح وقایہ'' کی ورق گردانی کی جائے، اگر تبرک حاصل کرنا ہو تو بخاری ومسلم کی زیارت بھی کرلی جائے، فتویٰ لکھنا ہو تو کنز، قدوری کی ضرورت پڑے، ختم پڑھنا ہو تو خیر قرآن خوانی بھی ہوجائے، ﴿نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَآءَ ظُهُورِهِمْ﴾[1] کے پورے مصداق ہم بن گئے، رسول اللہ ﷺ کی حدیث رد ہوجائے تو دل نہ دکھے لیکن فقہ کی کسی جزئی کو کوئی ٹال دے تو قیامت ہوجائے، اگر اتباع سنت کو ترک کیا جائے تو کوئی حرج نہیں، لیکن ترکِ تقلید ترک اسلام سمجھا جائے، اگر رسول اللہ ﷺ کی طرف سے نسبت ہٹ جائے تو پروا نہیں، لیکن اماموں کی طرف سے نسبت ہٹانا کفر سمجھا جائے محمدی نہ کہلواؤ، لیکن اگر حنفی شافعی نہ کہلوائے تو یوں سمجھو کہ گویا کفر کی بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ دیا اسلام کا تقاضا تو یہ تھا کہ خدا کی دی ہوئی دولت، ورثۂ رسول، فرمان پیغمبر، حدیث نبوی کو مضبوطی سے تھام لیا جائے، لیکن ہم نے اپنے لئے جدا جدا مذہب قائم کرلئے، حنفیت اور شافعیت وغیرہ کی شاخوں نے شاہراہ محمدی سے ہمیں دور دھکیل دیا، ہم نے سختی سے اماموں کی نہیں بلکہ ایک امام کے اقوال کی تقلید شروع کردی، اپنی نسبت بھی ان کی طرف کرلی، ان کے کل فرامین کو آنکھیں بند کرکے مان لینا اپنا وظیفہ کرلیا، اس زہریلی ہوا نے کچھ اس طرح رگ وپے میں سرایت کی اور رونگٹے میں سمیّت کا اثر پہونچایا کہ آج قرآن وحدیث پر عمل

(۱) البقرۃ ۲/۱۰۱

کرنے والے، محمد ﷺ کے نام لیوا بے دین اور لا مذہب سمجھے جانے لگے، اتنے ہی پر بس نہ کیا بلکہ اس فرقہ کے ذمہ بہتان باندھنے، جھوٹ بولنے، تہمتیں رکھنے میں بھی کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی، کہیں سے کوئی کتاب چھپتی ہے، کہیں سے اشتہار شائع ہو رہے ہیں، کہیں اخبارات کے کالم سیاہ ہو رہے ہیں کہ یہ ایسے اور ایسے، کبھی تو نواب صاحبؒ کی کتابوں سے ہمیں الزام دیا جاتا ہے، کبھی مولانا اسماعیل شہیدؒ کی کتابوں سے، کبھی حضرت میاں صاحبؒ اور امام شوکانیؒ اور عبدالوہاب نجدیؒ کی کتابوں سے اور ساتھ ہی ساتھ ہمیں غیر مقلد بھی کہا جاتا ہے، کاش انہیں اتنا تو سوچنے کا موقع ملتا کہ جب ہم انہیں غیر مقلد کہتے ہیں تو ادھر ادھر کی کتابوں سے انہیں الزام تو نہ دیں؟ یاد رکھو ہم اہل حدیث محمدیوں کا مذہب صرف قرآن وحدیث ہے، جو الزام آیت قرآنی پر ہو، جو الزام صحیح حدیث نبوی پر ہو، وہ الزام اس فرقہ پر ہے، جو الزام ان کے سوا کسی اور کے قول پر ہو وہ الزام جماعت اہل حدیث پر نہیں، اس وقت جس رسالے کا جواب میں لکھنے بیٹھا ہوں اس رسالہ میں جتنے اعتراضات ہیں وہ سب ایک راندھیری کی کتاب سے لئے گئے ہیں جس کا جواب ۱۳۴۳ھ میں میں لکھ چکا ہوں جو بصورت کتاب اس وقت چھپ گیا تھا، لیکن اس بندۂ خدا نے انہیں اعتراضات کو لے کر اپنے نام سے مصنفین کی صف میں آبیٹھنے کے لئے دہرایا ہے[1]، میری وہ کتاب جس کا نام "اقامة البراهين في الذب عن المحمديين" ہے اور جو فتح محمدی کے نام سے مشہور تھی، وہ مدتیں ہوئی ختم ہو چکی ہے، اس لئے میں نے مناسب جانا کہ اس رسالے کے جواب میں اسی کتاب کو مع اضافہ پھر سے دہرا دیا جائے، پنجاب کے بعض بھائیوں نے یہ کتاب دفتر میں بھیجی اور لکھا کہ اس سے یہاں اہل حدیث کے خلاف نفرت پھیلائی جا رہی ہے اس لئے اس کا جواب لکھنا نہایت ضروری ہے اور آجکل ''اخبار الفقیہ'' میں بھی یہی کتاب دوسرا جنم لے کر آ رہی ہے اور وہ بتدریج اسے چھاپ رہا ہے اس لئے بھی اس کا جواب ضروری ہوا، پس نمبر وار جواب موجود ہے ملاحظہ ہو:

---

(۱) آج بھی کچھ لوگ اسی مقصد کے پیش نظر انہیں اعتراضات کو بڑے ہی طنطنے کے ساتھ لکھ رہے ہیں اور اس پر زور خطابت صرف کر رہے ہیں اور بعض جرائد تو بس اسی پر قائم ہیں۔ اس لئے اس کتاب کی اشاعت ہو رہی ہے۔

نمبرا: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک رنڈی کا مال توبہ کے بعد پاک ہوجاتا ہے، حوالہ دیا ہے مولوی عبداللہ صاحب غازی پوری کے فتوے کا۔

اول جواب تو اس کا وہی ہے جو گذر چکا ہے کہ "شخصی بات مذہب نہیں" دوسرے مولوی عبداللہ صاحب نے یہ فتوی دیا، کئی اہل حدیث نے اس کی تردید کی (۱)، طرفین سے بڑے بڑے رسائل لکھے گئے، مدت تک عالمانہ مذاق سے مسئلہ منجھتا رہا، کیا وہ تردید کی کتابیں جو اہل

(۱) مقلدین کی علمی دیانت دیکھئے کہ مولوی عبداللہ غازی پوریؒ کے ایک فتویٰ کی آڑ میں جو ان کی ذاتی وشخصی رائے ہے اور اہلحدیث علماء میں سے کوئی بھی اس کا موید نہیں ہے بلکہ اس کی تردید اور اس فتویٰ کے خلاف ان کے فتاوے موجود ہیں۔ پھر بھی وہ صرف مولوی عبداللہ غازی پوریؒ کے فتویٰ کی بنا پر پوری جماعت اہلحدیث کو اپنی تقریروں اور تحریروں میں مطعون کرتے ہیں اور ان فتاویٰ کو دیدہ ودانستہ چھپاتے ہیں جو بعض اہلحدیث کی جانب سے جاری ہوئے اور فتاویٰ کی کتابوں میں موجود ہیں۔

مولانا سید نذیر حسینؒ کا فتویٰ فتاوی نذیریہ میں اور مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کا فتویٰ فتاوی ثنائیہ میں موجود ہے۔

مولانا سید نذیر حسینؒ سے سوال کیا گیا

زید نے ایک عورت کو بلا نکاح ایک مدت تک اپنے پاس رکھا اور کسی قدر روپیہ بھی اسے دیتا رہا اب بعد چند برسوں کے زید اور عورت مذکورہ کو ہدایت توبہ ہوئی اور دونوں نے باہم عقد موافق شریعت کے کرلیا۔ اب جو مال کہ زید نے اس عورت کو حالت غیر نکاح میں دیا اب وہ مال اس عورت کے لئے حلال ہے یا نہیں اور اگر حلال نہیں تو اس کو کس جگہ خرچ کرنا چاہئے۔

اس سوال کا جواب مولانا سید نذیر حسین نے جو دیا وہ اس طرح ہے:

وہ روپیہ اس عورت کو حلال نہیں اس واسطے کہ یہ روپیہ اس عورت کو بمقابلہ زنا ملا ہے اور ایسا مال خبیث ہوتا ہے، وہ روپیہ عورت زید کو واپس کردے۔ (فتاویٰ نذیریہ، ج ۲، ص ۱۸۲، ۱۸۳، مطبوعہ ادارہ نور الایمان، دہلی) (ثبوت کے لئے ملاحظہ فرمائیں ضمیمہ ص ۹۰، ۹۱)

اسی طرح کا ایک فتویٰ اسی فتاویٰ نذیریہ میں دوسری جگہ یوں مرقوم ہے۔ واضح ہو کہ سبیل مال حرام کا یہ ہے شرعاً۔ کہ جس کسی کا مال بوجہ رشوت یا ربا یا حرام کاری اور زنا اور غنا سے جمع کیا ہو تو فرض وواجب ہے اس پر کہ ان مالوں کو بمالکان مال رد کرے اگر صاحبان مال موجود اور معلوم ہوں، ورنہ ان مالوں کو صدقہ کردے۔...... چنانچہ مال زانیہ ورقاصہ ورشوت خوار وسود خوار وغیرہ کا ہو پس ایسے لوگوں کے ہاتھ کچھ چیز بیچنا یا مزدوری کرنی اور وہ زانیہ وغیرہ ثمن اور اجرت ومزدوری مال حرام سے دیں تو بائع اور نوکر کو اس مال حرام کے عوض مبیعہ اور مزدوری کے لینا حرام ہے۔

فتاویٰ نذیریہ ج ۲ ص ۲۳۳ (ثبوت کے لئے ملاحظہ فرمائیں ضمیمہ ص ۹۲)

::::

حدیث ہی نے لکھی ہیں آپ کے ہاتھ نہیں پڑیں؟ اگر نہیں پڑیں تو آپ نے بے تحقیق کیسے زبان کھولی ؟وقد قال اللہ تبارک وتعالیٰ ﴿وَلَاتَقْفُ مَالَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا﴾ (۱) یعنی جس بات کا تمہیں علم نہ ہو اس میں لب نہ ہلاؤ، کانوں اور آنکھوں اور دل سے بھی قیامت کے دن حساب لیا جائے گا۔ اور اگر باوجود معلوم ہونے کے پھر کتمان کیا گیا ہے تو یہ وعید ہے "ومن اظلم ممن کتم شہادۃ عندہ من اللہ" (۲) یعنی جو شخص خدائی شہادت کو چھپائے اس سے بڑھ کر کوئی ظالم نہیں، ہمیں افسوس ہے کہ مولوی صاحب نے یہ کیوں ظاہر نہیں کیا کہ پھر اس مال کو کیا کیا جائے؟ اور لطف یہ ہے کہ مولوی صاحب نے اپنے مذہب کی کتابوں میں اس مسئلہ کو نہ ٹٹولا اور یونہی لکھ مارا، حنفی مذہب کی معتبر کتاب ذخیرۃ العقبیٰ اور چلپی حاشیہ شرح وقایہ میں ہے "ان ماخذتہ الزانیۃ ان کان بعقد الاجارۃ فحلال عند الامام الاعظم" (۳) یعنی زانیہ عورت رنڈی زنا کی اجرت مقرر کر کے لے وہ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک حلال ہے۔ اور فتاویٰ قاضی خاں میں ہے "واستاجر امرأۃ لیزنی بہا فزنیٰ بہا لایحد فی قول ابی حنیفۃ" (۴) یعنی امام ابوحنیفہ کے نزدیک اگر کوئی شخص کسی عورت کو زنا کی اجرت دے کر اس سے زنا کرے تو اس پر حد نہیں، اور ہم اہل حدیث زانیہ کی کمائی اور اس کے پیشہ کو حرام سمجھتے ہیں "قال رسول اللہ ﷺ مهر البغی حرام" (۵) یعنی زانیہ کی اجرت حرام ہے، افسوس نہ مولوی صاحب منھ کھولتے نہ کھلواتے فلیت النمل لم تطر کاش کہ چیونٹی کے پر نہ نکلتے۔

:::: فتاویٰ ثنائیہ میں یہ سوال وجواب موجود ہے۔
سوال: رنڈی کا مال توبہ کرنے کے بعد حلال ہے یا نہیں؟
جواب: خاکسار کی ناقص تحقیق میں رنڈی کا مال جو زنا سے پیدا کیا ہے بعد توبہ کے پاک نہیں ہوتا۔ (فتاویٰ ثنائیہ ج۲ص۴۶۸ کتاب البیوع (دیکھئے ضمیمہ ص۹۴)

(۱) بنی اسرائیل ۱۷/۳۶ (۲) البقرۃ ۲/۱۴۰
(۳) ذخیرۃ العقبیٰ ط۲۹۹ چلپی حاشیہ شرح وقایہ
(۴) فتاوی قاضی خاں ج۴ص۸۲۱
(۵) مسلم ج۲ صـ ۱۹ باب تحریم ثمن الکلب وحلوان الکاهن ومهر البغی حدیث کے الفاظ یہ ہیں "ثمن الکلب خبیث ومهر البغی خبیث وکسب الحجام خبیث" بخاری ج ۱ صـ ۳۰۴ کتاب الاجارۃ باب ماجاء فی کسب البغی والاماء. نسائی ج۲ صـ ۲۰۰ باب بیع الکلب /ترمذی ج ۱ صـ ۲۴۰ باب ماجاء فی ثمن الکلب / ابوداؤد صـ ۴۹۲ باب فی اثمان الکلب

نمبر۲: میں لکھتے ہیں کہ غیر مقلدین کے نزدیک کافر کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے، حوالہ دیا ہے، دلیل الطالب مصنفہ نواب صاحبؒ کا۔

جواباً گذارش ہے کہ یا تو مولوی صاحب دلیل الطالب کی عبارت اور معنیٰ سمجھ نہیں سکے یا عمداً تنکے کا تاڑ بنالیا ہے، دلیل الطالب میں بزبان عربی سوال جواب ہے۔

سوال: یہ ہے کہ اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے یا نہیں؟ اور جو فریق مسلمانوں میں بوجہ اپنی تاویلات کے کافر ہیں ان کے ذبیحے کا حکم اہل کتاب کا سا ہے یا کچھ اور؟ اس کا مدلل و مفصل جواب نواب صاحبؒ نے لکھا ہے اور ثابت کیا ہے کہ ان کے ذبیحے کی حرمت میں کوئی دلیل وارد نہیں ہوئی ہے(۱) میں جانتا ہوں کہ معترض صاحب کا تعامل تو ضرور نواب صاحبؒ ہی کے فتوی پر ہوگا، کیا جو لوگ تعزیہ پرست پیر پرست ہیں ان کا ذبیحہ وہ نہیں کھاتے؟ کیا جو لوگ اولیاء اللہ اور انبیاء اللہ کو مالک کل مانیں، صفات باری تعالیٰ عزاسمہ مخلوقات میں ثابت کریں ان کے کفر میں کوئی شک ہے؟ پھر آپ ہی فرمایئے ان کا ذبیحہ حلال ہے یا حرام؟ باقی رہے سکھ، ہندو، چوہڑے، چمار وغیرہ ان کے ذبیحے کو نواب صاحبؒ حلال نہیں کہتے، دیکھئے اپنی تفسیر فتح البیان میں زیر آیت ﴿وطعام الذين اوتوا الكتاب﴾(۲) تحریر فرماتے ہیں "بخلاف الذين تمسكوا بغير التوراة والانجيل كصحف ابراهيم فلاتحل ذبائحهم"(۳) یعنی یہود و نصاریٰ کا ذبیحہ ہمارے لئے حلال ہے ان کے سوا اور کفار کا حرام، کاش کہ آپ اہل حدیث کے ذمے یہ تہمت تھوپنے سے پہلے اپنے مذہب کی کتابوں کو ٹٹول لیتے، فتاوی عالمگیری مصری جلد سوم ص:۱۶۰ میں ہے "اذا ذبح کلبه وباع لحمه

(۱) ملاحظہ ہو دلیل الطالب، ص ۴۱۱ سوال کے الفاظ یہ ہیں، ما يقول السادة العلماء فى تحليل ذبائح اهل الكتاب و هل يلحق كفار التاويل بهم ام لا. (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۳۴)

(۲) المائدة ۵/۵

(۳) فتح البيان فى مقاصد القرآن ج۲ ص ۲۱۷، مطبوعه دارالكتب العلمية بيروت۔ (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۹۸)

جاز"(۱) یعنی جب کوئی اپنا کتا ذبح کر کے اس کا گوشت بیچے تو جائز ہے۔(۲)

نمبر۳: میں لکھتے ہیں کہ غیر مقلدوں کے نزدیک ایک مرد ایک وقت میں چار سے زیادہ بیویاں کرسکتا ہے، کوئی اس کی حد نہیں۔

میں کہتا ہوں کہ یہ ہم پر صریح تہمت ہے خدایا کیسے وہ دل ہیں جو تجھے ایک، اور تیرے نبی کو برحق ماننے والوں کی عداوت سے پُر ہیں اور بیٹھے بٹھائے مسلمانوں کی ترقی کی راہوں میں روڑے اٹکانا چاہتے ہیں، نواب صاحب کی تفسیر فتح البیان اس وقت ہمارے سامنے کھلی رکھی ہے آیت ﴿**فانکحوا ماطاب لکم**﴾ (۳) کے تحت میں لکھتے ہیں **واما استدلال من استدل بالآیة علی جواز نکاح التسع باعتبار الواو الجامعة وکانه قال انکحوا مجموع هٰذا العدد المذکور فهذا جهل بالمعنیٰ العربی** (۴) یعنی جس

(۱) فتاویٰ عالمگیری المعروف به فتاویٰ هندیه. ج۳ صـ ۱۱۵ فی بیع المحرم الصید و فی بیع المحرمات

(۲) فقہ کے کچھ اور مسائل آپ ملاحظہ فرمائیں:

● مسلمان نے مجوسی کی بکری آتشکدہ کے واسطے خریدی ذبح کی یا کافر کی بکری ان کے معبودوں کے واسطے ذبح کی تو کھانا حلال ہے۔(مسلم ذبح شاة المجوسی لبیت نارهم اوالکافر لآلهتهم توکل۔(فتاویٰ عالمگیری ج۵ ص۲۸۶)

آگ سے اگر جانور کا گلا جلا دیا جائے تو حلال ہے۔ وحل الذبح بکل ما افری الا وداج و انهر الدم ای اساله و لو بنار، (درمختار ج۲ ص۲۲۷ کتاب الذبائح)

● رومی یا فارسی زبان میں اللہ کا نام لے کر ذبح کیا تو جائز ہے۔(فتاویٰ عالمگیری ج۵ ص۲۷۵)

● اگر کتے نے بکری سے جفتی کی اور بچہ مشترک پیدا ہو تو گوشت اور گھاس سامنے رکھ کر دیکھنا چاہئے اگر گھاس کھاتا ہے تو حلال اور گوشت کھائے تو حرام، اگر دونوں کھائے تو مارا جائے گا، اگر بھونکے تو کتے کے حکم میں ہے، ورنہ بکری کے، اگر دونوں آوازیں کرتا ہے تو ذبح کیا جائے اگر اوجھڑی نکلے تو کھایا جائے ورنہ نہیں۔(درمختار ج۲ ص۲۳۱ کتاب الذبائح/ فتاویٰ عالمگیری ج۵ ص۲۹۰) درمختار میں یہ مسئلہ منظوم منقول ہے۔

نوٹ: اس کے علاوہ مسائل دیکھنے کے لئے ملاحظہ فرمائیں حقیقۃ الفقہ، تحقیق شدہ ایڈیشن، مطبوعہ مکتبہ الفہیم، مئو

(۳) النساء۴/۳

(۴) فتح البیان فی مقاصد القرآن ج ۱ ص ۹.

شخص نے اس آیت سے نو بیویوں کو جمع کرنے کا استدلال کیا ہے وہ عربیت سے ناواقف ہے۔اس سے پہلے نواب صاحب نے ایک عالمانہ بحث کر کے لکھا ہے "**فالاولیٰ ان یستدل علیٰ تحریم الزیادۃ علی الاربع بالسنۃ**"[1] یعنی احادیث سے چار سے زیادہ بیویوں کے اجتماع کی حرمت ثابت ہے، پھر حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث لائے ہیں کہ جب وہ مسلمان ہوئے ان کی دس بیویاں تھیں آپ ﷺ نے فرمایا ان میں سے چار کو جو تمہیں پسند ہوں رکھ لو باقی کو طلاق دیدو[2]۔حنفی مذہب کی معتبر کتاب فتح القدیر میں حضرت ابوحنیفہؒ کے دادا استاد ابراہیم نخعی سے البتہ مروی ہے کہ شخص واحد کو آن واحد میں نو بیویوں کا جمع کرنا جائز ہے۔[3]

نمبر۴: میں لکھتے ہیں کہ غیر مقلدین کے نزدیک خشکی کے وہ کل جانور حلال ہیں جن میں خون نہیں (بدرو الاہلۃ)

میں کہتا ہوں بدرو الاہلۃ کی عبارت یہ ہے "وآنچہ از بری خون ندارد پس شناختۂ کہ قرآن دال است بر اصلیت حل وخارج نمی شود ازاں مگر ہماں کہ دلیل صحیح دال باشد بر تحریم آں"[4] یعنی اصل اشیاء میں حلت ہے جس جس جانور کی حرمت احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتی جائے گی وہ حرام اور ان کے ماسوا کل حلال ہیں۔اس کی کئی ایک دلیلیں ہیں ازآں جملہ فرمان

---

(۱) فتح البیان فی مقاصد القرآن ج ۱، ص ۹. (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۹۷)
(۲) غیلان ثقفی کی حدیث کے لئے ملاحظہ فرمائیں ترمذی ج ۱ صـ ۲۱۴ کتاب النکاح باب ماجاء فی الرجل یسلم وعندہ عشر نسوۃ / ابن ماجۃ ج ۱ صـ ۶۲۸
نوٹ: غیلان ثقفی کے علاوہ نوفل بن معاویہ الدیلی کی حدیث جس کو امام شافعی نے مسند میں نقل کیا ہے اور قیس بن حارث اسدی کی حدیث جسے ابن ماجہ نے نقل کیا ہے اسے بھی نواب صاحب نے اپنی تفسیر میں درج کیا ہے۔
(۳) فتح القدیر ج ۳ صـ۱۴۴
(۴) (بدور الاہلۃ، ص۳۴۸) (ترجمہ) جن بری حیوانات میں خون نہیں ہوتا ان کی بابت تم جان چکے کہ قرآن مجید اصولی طور پر ان کے حلال ہونے پر دلالت کرتا ہے اس اصول سے وہی خشکی والے بے خون حیوانات مستثنیٰ ہیں جن کی حرمت پر دلیل صحیح موجود ہو۔(ثبوت کے لئے ملاحظہ ہو ضمیمہ ص ۱۰۸)

خداوندی ﴿قُلْ لَآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ﴾(۱) اور كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا (۲) اور قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ﴾ (۳) وغیرہ اور فرمان رسالت مآب ﷺ وماسكت عنه فهو عفو (۴) وغیرہ۔ مطلب یہ ہے کہ جن چیزوں کی حرمت قرآن وحدیث سے ثابت ہو جائے وہ حرام ہیں باقی سب حلال ہیں، (۵) خیر اسے تو اپنی جگہ پر رہنے دیجئے، حنفی مذہب کی کتاب فتاویٰ قاضی خاں میں ہے " لا بأس باكل دود الزنبور قبل ان ينفخ فيه الروح " (۶) یعنی جس بھڑ میں روح نہ پھکی ہو اس کے کھانے میں کچھ مضائقہ نہیں۔

نمبر ۵ : غیر مقلدین کے نزدیک سورنا پاک اور نجس نہیں، دلیل الطالب، ص: ۲۴۰

میں کہتا ہوں بیچارے ان پڑھ مسلمان تو جھوٹ بول کر توبہ بھی کر لیتے ہوں گے مگر ان مولویوں کو شاید توبہ بھی نصیب نہ ہوتی ہوگی، نہ جانے اہل حدیثوں سے کیوں ادھار کھائے بیٹھے ہیں ؟ دلیل الطالب کے اس صفحہ میں تو اس مسئلہ کا نام ونشان بھی نہیں وہاں حائضہ و مستحاضہ عورتوں کا بیان ہے (۷)۔

چہ دلاور ست مولوی کہ در بغل کتاب دارد

---

(۱) الانعام ۶/ ۱۴۵ (۲) البقرة ۲/ ۱۶۸ (۳) الاعراف ۷/ ۳۲
(۴) ابوداؤد صـ ۵۳۹ كتاب الاطعمة باب مالم يذكر تحريمه.
(۵) مصنف بدور الاهلة اپنی کتاب عرف الجادی میں لکھتے ہیں وظاہر تحریم اکل نمل است اجماعاً چیونٹی کے کھانے کا حرام ہونا دلیل ظاہر ہے، اجماعی طور پر ثابت ہے، عرف الجادی ص ۲۴۳ (ثبت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۰۴)
معلوم یہ ہوا کہ جماعت اہلحدیث کی جانب منسوب یہ بات من گھڑت اور جھوٹ ہے، فلعنة الله على الكاذبين.
(۶) فتاوی قاضی خان ج ۳ ص ۱۵۷/ ردالمحتار المعروف بہ فتاویٰ شامی ج ۹ ص ۴۴۲۔ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۶۶)
(۷) (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۲۹)

بلکہ نواب صاحب نے تو دلیل الطالب کے ص: ۲۲۴ اور ص: ۲۲۵ میں سور کی نجاست پر تصریح کی ہے، لکھتے ہیں "حکم رجسیت خاص بخنزیر کرد" یعنی اللہ تعالیٰ نے سور کی نجاست پر خاصۃً حکم لگایا ہے۔(۱)

مولوی صاحب کا اہل حدیث سے بگڑنا تو حیرت انگیز امر نہیں، جب تک اہل حدیث کو برا بھلا نہ کہیں سفید سفید گول پیوں کا دیدار بھی نصیب نہ ہو، مگر غور طلب امر یہ ہے کہ نواب صاحب مرحوم نے ان کا کیا بگاڑا؟ ایک فوت شدہ خادم اسلام کے ذمے تہمتیں لگانا اپنے آپ کو اہلِ دنیا کا مجرم اور خدا کا گنہ گار بنانا ہے، درمختار جو حنفی مذہب کی بڑی معتبر کتاب ہے اس کو ملاحظہ فرمائیے، لکھا ہے "والخنزير ليس بنجس العين عند ابی حنيفة" (درمختار جلد پنجم ص: ۳۳۰)(۲) یعنی حضرت امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک سور ناپاک اور نجس العین نہیں، اور حلبی کبیر مع منیہ میں ہے " اما اذا دبغ جلد الخنزير فقد طهر ويجوز بيعهٗ والانتفاع به والصلوٰة فيه وعليه"(۳) یعنی سور کے چمڑے کو جب دباغت دی جائے تو وہ پاک ہو جاتا ہے اس کو بیچنا اور نفع اٹھانا اور اس کو پہن کر اور اس کی جانماز بنا کر نماز پڑھنا بھی جائز ہے، ردالمحتار والے نے بھی اسی صفحے میں نقل کیا ہے "فيحل بكل معلم ولو خنزيرا"(۴) یعنی ہر سدھے ہوئے جانور کے ساتھ شکار کھیلنا جائز ہے اگر چہ خنزیر یعنی سور ہو، اسی کتاب کے اسی صفحے میں ہے "والخنزير عند الامام ليس بنجس العين"(۵) یعنی سور امام صاحب کے نزدیک نجس العین نہیں، تجرید وغیرہ

---

(۱) (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۲۴، ۱۲۵)

(۲) درمختار ج ۲ صـ ۲۶۲ کتاب الصيد (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۵۰)

(۳) حاشية الطحاوی صـ ۹۰، منية المصلی صـ ۶۴، ۹۰، طحطاوی ج ۱ صـ ۹۷

درمختار ج ۲ صـ ۳۳۶ میں ہے "اكل جدی غذی بلبن خنزير" یعنی بکری کا بچہ جو سورنی کے دودھ سے پالا گیا ہو اس کا کھانا حلال ہے۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے "الخنزير اذا وقع فی المملحة فصار ملحا يطهر عندهما" یعنی سور نمک میں پڑ گیا اور نمک بن گیا تو امام ابوحنیفہ و محمد کے نزدیک پاک ہو گیا۔ فتاویٰ عالمگیری، ج ۱، ص ۲۸،

(۴، ۵) ردالمحتار ج ۱۰ صـ ۴۹ کتاب الصيد. (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۶۸)

میں بھی یہی لکھا ہے،(۱) اچھا! اب اس کی تائید میں فقہ کے اقوال سنئے! ہدایہ یوسفی جلد۲ ص:۳۱۸ میں ہے "فان تزوج الذ می "(۲) یعنی کسی ذمی مرد نے ذمیہ عورت سے نکاح کیا اور شراب یا سور مہر میں مقرر کیا پھر دونوں یا دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو بھی مہر کا مقرر کردہ سور یا شراب اسے دیدے، پس سور اور شراب کا مہر اور اس مہر سے نکاح جائز، لیکن اگر قرآن پڑھا دینے یا سکھا دینے پر نکاح ہوا تو یہ مہر مہر نہیں چنانچہ درمختار جلد۲ ص:۳۶۲ میں ہے "وفی تعلیم القرآن "(۳) ہدایہ کتاب البیوع ص: ۳۹ جلد۳ فاروقی میں ہے "یجوز الانتفاع به للخرز لضرورة "(۴) یعنی سور کے بالوں سے گانٹھنا ضرورۃً جائز ہے، عینی میں ہے "جاز بیعه "(۵) یعنی سور کے بالوں کا بیچنا بھی جائز ہے، ہدایہ میں ہے اگر تھوڑے سے پانی میں بھی سور کے بال گر جائیں تو امام محمد کے نزدیک وہ پانی فاسد نہیں ہوگا اس لئے کہ سور کے بالوں سے نفع اٹھانے کا اطلاق دلیل ہے، اس بات کی کہ سور کے بال پاک ہیں، عبارت ملاحظہ ہو:

"وعند محمد لایفسد ہ لان اطلاق الانتفاع به دلیل طهارته "(۶)

درمختار کی شرح ردالمختار کے ص:۱۵۱ جلد اول مصری میں ہے "انه عند محمد طاهر "(۷) یعنی سور کے بال امام صاحب کے شاگرد محمد کے نزدیک پاک ہیں، اور اسی صفحہ میں ہے کہ اگر ایک درہم سے کم سور کے بال ساتھ لے کر نماز پڑھے تو نماز بھی ہو جائے گی،

---

(۱) تجرید بحواله درمختار ج۲ صـ ۲۶۲ کتاب الصید

(۲) "فان تزوج الذمی ذمیة علیٰ خمر او خنزیر ثم اسلما او اسلم احد هما فلها الخمر والخنزیر" هدایه ج۲ صـ ۳۳۸ / درمختار ج۱ صـ ۲۰۴ / شرح وقایه ج۲ صـ ۴۷ / البحر الرائق ج۳ صـ ۳۲۶

(۳) درمختار ج۱ صـ ۱۹۸

(۴) هدایه ج۳ صـ ۵۵ باب البیع الفاسد

(۵) عینی بحواله هدایه ج۳ صـ ۳۹

(۶) هدایه ج۳ صـ ۵۵ باب البیع الفاسد.

(۷) ردالمحتار ج۱ صـ ۳۶۰ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۵۳)

اوراگرتھوڑے سے پانی میں سور کے بال گر پڑیں تو وہ پانی بھی ناپاک نہ ہوگا۔(۱)

فتح القدیر جلد۶ ص:۶۴ میں ہے کہ گانٹھنے والے کے پاس اگر سور کے بال ہوں اور وہ انہیں لئے ہوئے نماز پڑھے تو اس کی نماز ہو جائے گی،(۲)

عالمگیری جلد۳ مصری ص:۱۶۱ میں ہے "یجوز الانتفاع به للخرازین "(۳) یعنی سور کے بالوں سے فائدہ اٹھانا گانٹھنے والوں کو جائز ہے، ردالمختار جلد اول ص:۱۵۰ میں ہے "فی روایة عن ابی یوسف ذکرها فی المنیة " (۴) یعنی امام صاحب کے شاگرد ابو یوسف سے مروی ہے کہ ان کے نزدیک سور کی کھال بھی دباغت دے لینے سے پاک ہو جاتی ہے، فتاویٰ عالمگیری مصری جلد اول ص:۴۲ میں ہے "الخنزیر اذاوقع فی المملحة فصار ملحاً یطهرعند هما " (۵) یعنی سور نمک میں پڑ گیا اور نمک ہو گیا تو امام ابوحنیفہ اور ان کے شاگرد محمد کے نزدیک پاک ہو گیا، یعنی ہر چہ در کان نمک رفت نمک شد، مبسوط میں ہے "واما جلدالخنزیر فقد روی عن ابی یوسف رحمه الله انه یطهر بالدباغ " (۶) یعنی ابو یوسف کے نزدیک سور کا چمڑا دباغت دینے سے پاک ہو جاتا ہے۔(فتح) اور نجس العین کے معنیٰ خود ردالمختار جلد اول ص:۱۵۰ میں لکھے ہیں کہ " ان ذاته بجمیع اجزآئه نجسة حیا ومیتا" (۷) یعنی نجس العین اسے کہتے ہیں جس کی ذات تمام اس کے اجزاء سمیت زندگی میں اور مرنے کے بعد ناپاک ہو، پس جب اس کے

---

(۱) ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۶۰، الفاظ یہ ہیں" فلو صلی ومعه منه اکثر من قدرالدرهم لاتجوز ولووقع فی ماء قلیل نجسه وعند محمد لاینجسه .(ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص۱۵۳)

(۲) فتح القدیر ج۶ صـ ۶۲

(۳) فتاوی عالمگیری ج۳ صـ ۱۱۵ / فتاوی قاضی خان میں ہے خنزیر کے بال کی بیع اور کلب معلم کی بیع ہمارے نزدیک جائز ہے فتاوی قاضی خان ج۲ ص۳۳۵

(۴) ردالمحتار ج ۱ ص: ۳۵۷

(۵) فتاوی عالمگیری ج ۱ ص: ۲۸ / یہی بات فتاوی قاضی خاں میں بھی ہے اور اس میں اتنا اضافہ ہے کہ امام محمد کے نزدیک اس کا کھانا حلال ہے۔ ملاحظہ ہو فتاوی قاضی خان ج۱ ص:۷

(۶) حاشیة الطحاوی صـ ۹۰ / ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۵۷/فتح القدیر، ج ۱، ص ۸۲.

(۷) ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۵۷ (دیکھیں ضمیمہ ص۱۵۲)

بعض اجزاء مثلاً بال ہی پاک سمجھے گئے تو وہ نجس العین نہ رہا بلکہ طحطاوی مصری جلد اول ص: ۹۷ میں ہے: " ان جلد الخنزير يطهر بالد باغ ويجوز بيعه والانتفاع به والصلوٰة فيه وعليه "(۱) یعنی امام ابو یوسف سے جو امام ابوحنیفہ کے اعلیٰ درجہ کے شاگرد رشید ہیں ایک روایت میں ہے کہ سور کی کھال بھی دباغت دینے سے پاک ہوجاتی ہے، اسے بیچنا اس سے نفع حاصل کرنا اسے پہن کر نماز پڑھنا، اس کی جانماز بنا کر اس پر نماز پڑھنا بھی جائز ہے، اور درمختار مصری جلد چہارم ص: ۴۴۵ میں ہے "وصح توكيل مسلم ذمياً ببيع خمراو خنزير وشراء هما" (۲) یعنی مسلمان کسی سور کی یا شراب کی خرید و فروخت کے وقت کسی ذمی شخص کو اپنا وکیل بنالے تو یہ صحیح ہے۔

ناظرین کرام! چونکہ مسئلہ معرض بحث میں ہے اس لئے میں ایک مسئلہ اسی کے متعلق آپ کو حنفی مذہب کا اور بھی سنادوں۔

درمختار مصری جلد پنجم ص: ۲۴۰ میں لکھا ہے " حل اكل جدى غذى بلبن خنزير " (۳) یعنی بکری کا بچہ جو سورنی کے دودھ سے پالا گیا ہو اس کا کھانا حلال ہے، حنفی مذہب فقہ کی مشہور و معروف کتاب منیۃ المصلی مترجمہ بہ ترجمہ فارسی مطبوعہ فاروقی دہلی ص: ۶۵ سطر ۱۱ میں ہے "وروى عن ابى يوسف انه يطهر ويجوز بيعه " (۴) یعنی سور کی کھال بھی رنگ لینے سے پاک ہوجاتی ہے پھر اس کی تجارت جائز ہے۔ اسی کتاب کے ص: ۹۱ سطر ۷ میں ہے "لوصلىٰ فى جلد خنزير مدبوغ جاز وقد ساء" (۵) یعنی اگر کسی شخص نے سور کی رنگی ہوئی کھال پہن کر نماز پڑھی تو گو برائی کی لیکن اس کی نماز ہوجائے گی، نماز سور کی کھال پہنے ہوئے جائز ہے، پس دراصل اہلحدیث تو سور کو نجس کہتے ہیں ہاں البتہ حنفی مذہب کی کتابوں میں اسکا نجس العین نہ ہونا لکھا ہے، عبارتیں آپ کے سامنے ہیں۔

---

(۱) حاشية الطحاوى صـ ۹۰ / منية المصلى صـ ۶۴
(۲) درمختار ج ۲ صـ ۱۰۳ كتاب الوكالة
(۳) درمختار ج ۲ صـ ۲۳۶ (۴) منية المصلى صـ ۶۴ (۵) منية المصلى صـ ۹۰

نمبر۶: میں لکھتے ہیں، غیر مقلدین کے نزدیک تمام جانوروں اور انسانوں کا خون سوائے حیض ونفاس کے پاک ہے، حوالہ دیا ہے دلیل الطالب ص:۲۳۰ کا۔

سنئے! دلیل الطالب میں سوال ہے کہ انسانوں اور گھوڑوں کے خون اور گوشت کا کیا حکم ہے، (۱) جواب دیا ہے کہ انسانوں اور گھوڑوں کے خون کی ناپا کی پر کوئی دلیل نہیں، اور اسی طرح ہر ایک ماکول اللحم جانور کا خون پاک ہے، مولوی صاحب کا اس صاف مسئلہ کو بگاڑ کر کل جانور یعنی غیر ماکول اللحم کو بھی شامل کر لینا جسارت اور دلیری ہے، دیکھئے بہت بڑی لمبی بحث کے بعد نواب صاحب دلیل الطالب ص:۲۳۱ میں لکھتے ہیں ''ہیچ وجہ برائے حکم نجاست دم آدمی وخیل وابل ونحو آن از ماکولات نیست'' یعنی انسان اور گھوڑے اور اونٹ اور حلال جانوروں کے خون کی نجاست پر کوئی دلیل نہیں (۲)، میں محض مولوی صاحب کی دلجمعی کے لئے چند دلائل اس کے بیان کر دیتا ہوں، کیونکہ بوجہ مشاغل کثیرہ ضروریہ کے اتنا وقت دستیاب نہیں جو میں تطویل کروں، دیکھئے صحیح بخاری کے پہلے پارہ میں ہے " یذکر عن جابر ان النبی ﷺ کان فی غزوۃ ذات الرقاع فرمی رجل بسهم فنزفه الدم فرکع وسجد ومضی فی صلوته وقال الحسن مازال المسلمون یصلون فی جراحاتهم وقال طاؤس ومحمد بن علی وعطاء واهل الحجاز لیس فی الدم وضوء عصر ابن عمر بثرة فخرج منها دم فلم یتوضا وبزق ابن ابی اوفیٰ دما فمضیٰ فی صلوته وقال ابن عمر والحسن فیمن احتجم لیس علیه الاغسل محاجمه " (۳) اور فتح الباری میں اس کے ماتحت لکھا ہے "ان عمر صلیٰ وجرحه یتبع دما" اور لکھا ہے اخرج اسماعیل القاضی من طریق

(۱) ملاحظہ ہو دلیل الطالب علیٰ ارجح المطالب مصنفہ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی، ص۲۲۷ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۱۲۶)
(۲) (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۱۲۸)
(۳) بخاری ج۱ صـ۲۹ کتاب الوضوء باب من لم یر الوضوء الامن المخرجین القبل والدبر

ابی الزناد عن الفقهاء السبعة من اهل المدينة وهو قول مالك والشافعي "
(۱) یعنی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ غزوہ ذات الرقاع میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھیوں میں سے ایک صحابی عباد بن بشر الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک کافر نے نماز پڑھتے ہوئے تین تیر مارے جس سے اس قدر خون نکلا کہ وہ ناطاقت ہوگئے، مگر اپنی نماز میں لگے رہے یہاں تک کہ اسے پوری کی اور حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ مسلمان ہمیشہ زخم کھاتے رہے اور زخموں کی حالت میں نماز پڑھتے رہے اور حضرت طاؤس اور محمد بن علی اور اہل حجاز کا یہی مذہب ہے کہ خون نکلنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ہے اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے اپنے پھوڑے کو دبوچ کر اس میں سے خون نکال دیا اور بلا وضو کئے نماز پڑھی، اور حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منھ سے خون نکلا اور انھوں نے تھوک دیا اور نماز پڑھتے رہے اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حسن بصریؒ فرماتے ہیں جو پچھنے لگوائے اس پر وضو نہیں۔ اور خلیفہ ثانی حضرت عمرؓ کے جسم میں سے خون نکلتا رہا اور آپ نماز پڑھتے رہے، مدینہ کے ساتوں فقہاء اور امام مالکؒ اور امام شافعی رحمہم اللہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ حضرت معاذؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، سالم بن عبداللہ، طاؤس، حسن، قاسم، عطا، مکحول، سعید بن مسیب، ربیعہ مالک، ابوثور، یحییٰ بن سعید انصاری، جابر بن عبداللہ، ابو ہریرہ، عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ان سب کا بھی یہی مذہب ہے، ان کے علاوہ صحابہ اور تابعین کی ایک جماعت کا بھی یہی قول ہے (عون المعبود) (۲) اسی طرح جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کا خون پاک ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بے دھوئے گوشت کو پکایا کرتی تھیں جو خون آلودہ ہوتا تھا، (۳) جن جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے کیا ان کے گوشت میں پھر خون کی آمیزش نہیں رہتی، اگر آپ کی تشفی اب بھی نہ ہوئی ہو تو لیجئے ہم آپ کے آدمیوں کو شہادت میں پیش کریں، حنفی مذہب کی معتبر کتاب حلبی کبیر میں ہے "والدم النجس هو الدم المسفوح اور فماليس

---

(۲) فتح الباری ج ا صـ ۳۷۳
(۲) عون المعبود ج ا صـ ۲۳۱ مطبوعہ مکتبہ اشرفیہ دیوبند/مکتبۃ الفہیم مئو
(۳) تفسیر فتح القدیر ج ا صـ ۱۶۹

بمسفوح لایکون حراما فلایکون نجساً "(۱) یعنی جانوروں کو ذبح کرنے کے وقت جو خون گردن کی رگوں میں سے نکلتا ہے وہ حرام ہے اور وہ نجس ہے اور اس کے سوا کوئی خون نجس نہیں، لیجئے جو نواب صاحب نے لکھا تھا وہی مذہب تمہارے اماموں کا ہے، اب آپ کو اختیار ہے شوق سے گالیاں دیجئے، مگر انصاف یہ ہے کہ نمبروار کام ہو پہلے اپنے اماموں کو لیجئے، پھر اگر کچھ ہمت باقی ہو تو نواب صاحب کو اور اگر پھر بھی سانس پھول نہ جائے تو اہل حدیث کے گناہ دھونا، حنفی مذہب کی معتبر کتاب شامی اور فتاوی قاضی خاں وعالمگیری وغیرہ میں ہے "لورعف فکتب الفاتحة بالدم علی جبهته وانفه جاز"(۲) یعنی اگر نکسیر پھوٹی ہو اور سورہ فاتحہ کو اپنی پیشانی اور ناک پر خون سے لکھے تو جائز ہے، لیجئے صاحب نہ صرف خون کا پاک ہونا بلکہ اس سے قرآن کا لکھنا اور وہ بھی انسان کی پیشانی پر آپ کے ہاں جائز ہے، بلکہ آپ کے مذہب کی بہت ہی معتبر اور مستند کتاب ردالمحتار جلد اول ص:۱۵۴ میں اس مسئلے کے لکھنے کے بعد یہ بھی لکھا ہوا ہے "وبالبول ایضاً"(۳) یعنی طلب شفا کے لئے سورہ فاتحہ (الحمد شریف) پوری اگر کوئی شخص پیشاب سے بھی اپنی پیشانی اور ناک پر لکھ لے تو جائز ہے، بلکہ آپ کے مذہب کی معتبر کتاب مراقی الفلاح مصری جلد اول ص:۹۰ میں ہے "وعفی رشاش بول"(۴) یعنی پیشاب کے بہت ہی باریک چھینٹے کپڑے یا بدن پر خواہ کتنے ہی پڑے ہوں یہاں تک کہ کپڑا یا بدن بھر گیا ہو پھر بھی وہ سب معاف ہیں، ہدایہ یوسفی جلد اول ۷۱ باب الانجاس میں ہے "قدر الدرهم ومادونه من النجس المغلظ كالدم والبول والخمر وخرء الدجاج وبول الحمار جازت الصلوٰة

---

(۱) ذخیرۃ العقبیٰ ص ۳۶ و ص ۵۳ میں ہے فإن النجس هو الدم المسفوح اور فغير المسفوح لا يكون محرماً فلا يكون نجساً۔

(۲) ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۶۵ / ردالمحتار کے موجودہ نسخہ میں "لورعف" کے بجائے "لوعرف" ہے / فتاویٰ قاضی خان ج ۴ صـ ۴۰۸

(۳) ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۶۵ (دیکھیں ضمیمہ ص ۱۵۵)

(۴) مراقی الفلاح ج ۱ صـ ۸۴

معہ" (۱) یعنی سخت اور غلیظ نجاست جیسے کہ ناپاک خون اور پیشاب اور شراب اور مرغ کی بیٹ اور گدھے کا پیشاب وغیرہ اگر بدن یا کپڑے پر بقدر ایک درہم کے لگا ہوا ہو تو بھی نماز ہو جائے گی (بقدر درہم سے مراد ہتھیلی کی چوڑائی کے برابر ہونا یا وزن میں ایک مثقال ہونا ہے جیسے کہ ہدایہ کے اس کے بعد کے صفحے میں تفصیل موجود ہے (۲) آپ کے مذہب کی اسی مثلِ قرآن کتاب ہدایہ کے اسی باب میں ص:۷۳ میں ہے "جازت الصلوٰة معه حتى يبلغ ربع الثوب يروىٰ ذٰلك عن ابى حنيفة" (۳) یعنی اگر نجاست خفیف ہو اور اس سے کپڑا نجس ہو گیا ہو تو چوتھائی حصے تک پہنچنے کے پہلے پہلے اسی کو پہنے ہوئے نماز پڑھ لینا جائز ہے، امام ابوحنیفہؒ کا مسلک یہی روایت کیا گیا ہے، اسی کتاب کے اسی باب میں ص:۷۳ میں ہے "ان اصابه خرء مالايوكل لحمه من الطيور اكثر من قدر الدرهم اجزأت الصلوٰة فيه" (۴) یعنی اگر حرام پرندوں کی بیٹ کپڑے پر ہتھیلی کی چوڑائی اور ایک مثقال کے وزن سے بھی زیادہ ہو تو بھی نماز ہو جائے گی۔

نمبر۷: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے ہاں مال تجارت میں زکوٰۃ نہیں۔

میں متعجب ہوں کہ مولوی صاحب کو اپنی عمر میں کبھی کتابیں دیکھنے کا اتفاق پڑا ہے یا نہیں؟

---

(۱) هدایه ج ۱ صـ ۷۴ / باب الانجاس و تطهیرها. شرح وقایه ج ۱ صـ ۱۲۴ / بدائع الصنائع ج ۱ صـ ۲۳۳ / البحرالرائق ج ۱ صـ ۳۹۵ / فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۴۵

(۲) هدایه ج ۱ صـ ۷۵/ البحرالرائق ج ۱ صـ ۳۹۶

(۳) هدایه ج ۱ صـ ۷۵ / شرح وقایه ج ۱ صـ ۱۲۴ / درمختار ج ۱ صـ ۵۵ البحرالرائق ج ۱ صـ ۴۰۷ / فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۴۶

(۴) هدایه ج ۱ صـ ۷۷، باب الانجاس و تطهیرها/ شرح وقایه ج ۱ صـ ۱۲۴ / البحرالرائق ج ۱ صـ ۴۰۴ / بدائع الصنائع ج ۱ صـ ۱۹۸ / فتاوی قاضی خان ج ۱ صـ ۱۰

ہمارے ہاں تو مالِ تجارت میں زکوٰۃ ہے "ولو قال قائل بخلافه"[1] محدثین نے اس پر تبویب کی ہے ابوداؤد میں صریح حدیث ہے "كان رسول الله ﷺ يأمرنا ان نخرج الصدقة من الذى نعده للبيع "[2] یعنی ہمیں رسول اللہ ﷺ مال تجارت میں سے زکوٰۃ نکالنے کا حکم فرمایا کرتے، زکوٰۃ کو ٹال دینے والے فرقے کی اگر آپ کو تلاش ہو تو آیئے میں پتہ بتلاؤں، حنفی مذہب کی معتبر کتاب فتاویٰ عالمگیری میں لکھا ہے " رجل له مأتا درهم واراد ان لا تلزمه الزكوٰة فالحيلة له ان يتصدق بدرهم قبل تمام الحول بيوم حتى يكون النصاب ناقصا فى اٰخر الحول اويهب ذلك الدرهم لابنه الصغير قبل تمام الحول بيوم اويهب الدراهم كلها لابنه الصغير اويصرف الدراهم على اولاده فلايجب الزكوٰة "[3] یعنی جو شخص مالک نصاب ہو اور وہ کسی حیلہ سے زکوٰۃ نہ دینا چاہے تو حنفی مذہب میں اس کے چار حیلے ہیں ان میں سے کسی کو کرے زکوٰۃ اس پر نہیں آئے گی، زکوٰۃ نہ دینی پڑے اس نیت سے سال بھر ختم ہونے سے پہلے دوسو درہم میں سے ایک کو خیرات کردے (تاکہ پانچ کے عوض ایک سے ہی چھٹکارا ہوجائے) یا اپنے کم سن بچے کو دیدے (تاکہ خرچ نہ کرڈالے) یا کل درہم اپنے چھوٹے بیٹے کے نام ہبہ کرڈالے (تاکہ ملکیت باقی رہے) یا اپنی اولاد پر خرچ کرڈالے (مثلاً بیاہ ، شادی کردے تاکہ بہ یک کرشمہ دوکار ہوجائے) اور حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد قاضی ابویوسف ایسا ہی کیا کرتے تھے،

---

(۱) یہاں بھی قیاسی حضرات نے الٹی گنگا بہائی ہے، نواب صدیق حسن کی رائے کو جو بدورالاہلہ ص ۱۰۱ و ۱۰۲ میں مرقوم ہے اور جس کی انھوں نے اپنے اعتبار سے وجہ بھی بتائی ہے پوری جماعت اہلحدیث کی رائے بنادیا ہے، لیکن جماعت اہلحدیث کے جن علماء نے صراحۃً لکھا ہے کہ مال تجارت میں زکوٰۃ ہے اس سے اندھے بن گئے ہیں۔ اگر واقعۃً معلوم نہیں ہے کہ اہلحدیث علماء کا مال تجارت کی زکوٰۃ کے بارے میں کیا نظریہ ہے، تو دیکھئے فتاویٰ نذیریہ ج ۲، ص ۹۳ تا ۹۶ جہاں صراحۃً لکھا ہے کہ مال تجارت میں زکوٰۃ فرض ہے اور اس کے لئے قرآن کی آیت انفقوا من طيبات ما كسبتم و مما اخرجنا لكم من الارض کو دلیل بتایا ہے۔ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۸۶ تا ۸۹) اسی طرح دیکھئے مرعاۃ ج ۶ ص ۱۷۵۔

(۲) ابوداؤد ص ۲۱۸ باب العروض اذا كانت للتجارة هل فيها زكوٰة

(۳) فتاوى عالمگیری ج ۶ ص ۳۹۱ كتاب الحيل

دیکھئے احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ امام ابو یوسف اپنا مال آخر سال میں بیوی کے نام ہبہ کر دیتے تھے اور بیوی کا اپنے نام تاکہ مال پر نہ سال پورا ہو، نہ دونوں میں سے ایک کو بھی زکوٰۃ دینی پڑے، امام ابوحنیفہ صاحبؒ سے اس کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا یہ ان کی فقاہت ہے(۱)

نمبر ۸: کوئی کچھ ہی کہے میں تو مولوی مہدی حسن صاحب مصنف رسالہ "قطع الوتین" اور مولوی جودت رام پوری مصنف رسالہ "غیر مقلدین کا مذہب" کو داد دوں گا۔

آپ خیال کیجئے کوئی شخص دن کو رات اور میٹھے کو کڑوا بتائے تو اس کو کامل العقل انسان کہنا چاہئے یا نہیں؟ مسئلہ یہ ہے کہ صحیح بخاری، صحیح مسلم وغیرہ میں حدیث ہے "الذهب بالذهب والفضة بالفضة والشعير بالشعير والبر بالبر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يداً بيدٍ" (۲) یعنی سونے کو سونے کے بدلے اور چاندی کو چاندی کے بدلے اور جو کو جو کے بدلے اور گیہوں کو گیہوں کے بدلے اور کھجور کو کھجور کے بدلے اور نمک کو نمک کے بدلے برابر برابر اور ہاتھوں ہاتھ (نقد) لین دین کرنا چاہئے، اس مسئلہ کو نواب صاحب وغیرہ نے بیان کیا ہے کہ ان چھ چیزوں کی تبدیلی کے وقت جب دونوں طرف ایک چیز ہو تو کمی زیادتی اور ادھار جائز نہیں بلکہ سود ہے ہاں جب چیزیں مختلف ہوں یعنی ایک طرف ایک ہو اور دوسری طرف دوسری تو کمی زیادتی جائز ہے مگر ادھار پھر بھی جائز نہیں(۳)، مولوی صاحب نے اس کی کایا پلٹ کر بکری کو کتے کی شکل میں

---

(۱) إحياء علوم الدين للغزالي ج۱ ص ۱۷ (ط۔ عالم الكتب) الفاظ یہ ہیں حكي أنّ أبا يوسف القاضي كان يهب ماله لزوجته آخر الحول و يستوهب مالها اسقاطاً للزكوٰة فحكى ذلك لأبي حنيفة رحمه الله فقال ذلك من فقهه۔

(۲) بخاري ج ۱ صـ ۲۹۰ كتاب البيوع باب بيع الذهب بالذهب / صحيح مسلم ج ۲ صـ ۲۵ كتاب المساقاة والمزارعة باب الربا.

(۳) بدور الاهلة من ربط المسائل بالأدلة ص۱۰۲

پیش کیا ہے اور ایسے الفاظ میں بیان کیا ہے جس سے عوام الناس سمجھیں کہ اہل حدیث کے ہاں سود جائز ہے۔

ناظرین نے مولوی صاحب کی دیانت داری اور راست گوئی معلوم کرلی ہوگی، یہ نمونہ ہے اس اندرونی بغض کا جو ابلا پڑتا ہے، ''ہر چہ درد یگ بود بر چمچہ آید'' "قد بدت البغضاء من افواههم وما تخفي صدورهم اكبر" (۱) کچھ تو ان کی دشمنیاں زبان سے ظاہر ہو چکی ہیں اور جو عداوتیں ان کی ضمیر میں پوشیدہ ہیں وہ زبردست ہیں "اللّٰهم انا نجعلك فى نحورهم ونعوذبك من شرورهم حسبنا الله ونعم الوكيل" ہم تو سود کو حلال کہنے والے پر لعنت کرتے ہیں آپ بھی آمین کہیں، پھر اپنے حنفی مذہب کی بہت بڑی معتبر کتاب ہدایہ شریف کو دیکھئے اس میں ہے "لاربوٰ بين المسلم والحربى فى دار الحرب" (۲) یعنی دارالحرب میں مسلمان حربی کافر سے سود لے سکتا ہے، ہدایہ جلد سوم فاروقی ص: ۷۰ باب الربٰو میں ہے "لاربوٰ بين المولٰى وعبده" (۳) یعنی غلام اور آقا میں سودی لین دین میں کوئی حرج نہیں، اسی صفحہ میں اس سود کی حلت کی وجہ یہ لکھی ہے کہ "لان مالهم مباح فى دارهم فباى طريق اخذه المسلم اخذ مالاًمباحاً" (۴) یعنی کفار کا مال ان کی سلطنت دارالحرب میں مسلمانوں کے لئے مباح ہے، جس طرح سے چاہے لے لے وہ مال مباح اور حلال طیب ہی رہے گا، آپ اس بات پر بھی بخوبی غور کرلیجئے کہ آپ نے جو تمسخراً لکھا ہے کہ غیر مقلد ہوجائے تو پھر تو دنیا ہی میں جنت ہے، اب فرمائیے کہ غیر مقلد ہوجانے سے دنیا کی جنت ملے گی یا مقلد اور وہ بھی حنفی ہونے سے؟

---

(۱) آل عمران ۳/ ۱۱۸

(۲) هدایه ج۳ صـ ۸٦ باب الربوٰ / د رمختار ج ۲ صـ ۴۳ / البحر الرائق ج٦ ۳۲٦ / قدوری صـ ۸۳

(۳) ایضاً

(۴) هدایه ج۳ صـ ۸٦ باب الربوٰ

نمبر ۹: میں اعتراض ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک جنبی اور ناپاک آدمی کو جائز ہے کہ وہ قرآن مجید کو بغیر غسل کئے ہوئے چھوئے، ہاتھ لگائے، اٹھائے رکھے، حوالہ دیا ہے دلیل الطالب، بنیان المرصوص اور عرف الجادی کا"

میں کہتا ہوں دلیل الطالب میں طرفین کے دلائل ... ح وقدح نقل کئے ہیں، (۱) عرف الجادی کی نسبت بہتان ہے عبارت عرف الجادی ص: ۱۵ کی یہ ہے "جنب وحائض را در آمدن بمسجد وخواندن قرآن حرام ست نہ حلال، اگر چہ محدث را مس مصحف جائز باشد (۲)، یعنی حائضہ عورت اور جنبی شخص کو مسجد میں آنا اور قرآن کریم کا پڑھنا حرام ہے ہاں محدث (یعنی بے وضو شخص) کو قرآن کا چھونا جائز ہے اور بنیان المرصوص کے ص: ۱۰ میں ہے" قرآن را مس نکند مگر طاہر" یعنی قرآن مجید کو ناپاکی کی حالت میں ہاتھ نہ لگائے، مولوی صاحب کی دلیری پر میں متعجب ہوں، بات یہ ہے کہ شاید ان لوگوں نے اپنے دل میں سمجھ لیا ہے کہ محمدیوں کی بہت تھوڑی سی جماعت ہے اور ہم بہت بڑی جماعت ہیں، ہم ان پر غالب رہیں گے، اور وہ ہمیشہ مغلوب رہیں گے، ہم جو کچھ چاہیں کہتے چلے جائیں ان میں سے کسی کی مجال نہیں کہ ہمارے مقابلہ میں لب کھولے یا زبان ہلائے، مگر انہیں معلوم نہیں "كم من فئة قليلة غلبت فئة كثيرة باذن الله" (۳) یعنی بسا اوقات تھوڑے تھوڑے لوگوں نے بڑی بڑی جماعتوں کے منہ پھیر دیئے ہیں۔ کیا انھوں نے حدیث کا یہ جملہ نہیں سنا "ناس قليل بين ناس كثير وفى رواية لايضرهم من خالفهم " (۴) یعنی حق

(۱) ملاحظہ ہو، ص ۲۵۲-۲۵۴ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۳۰-۱۳۲)

(۲) (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۱۵)

(۳) البقرة ۲/ ۲۴۹

(۴) بخاری ج ۱ صـ ۱۶ باب من يرد الله به خيرا يفقهه فى الدين / مسلم ج ۲ صـ ۱۴۲ کتاب الامارة / ابو داؤد صـ ۵۸۴ کتاب الفتن / ابن ماجة ج ۲ صـ ۱۳۰۴ باب مايكون من الفتن .

والوں کی گنتی بہت کم ہوگی، اوران کے مقابل بہت لوگ ہوں گے مگر وہ ان کو کچھ بھی نقصان نہ پہنچاسکیں گے، دیکھئے کمی زیادتی کی نسبت برابر کے لوگوں میں دیکھی جاتی ہے جہاں برابری نہ ہو وہاں اقل واکثر کی نسبت محض بیکار ہے، خیال تو کیجئے کہاں حنفی اور کہاں محمدی دوسرے لفظوں میں کہاں حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور کہاں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ،

آپ اپنے مقلّد پر خوشی منایئے ہم اپنے متبع پر نازاں ہیں
کسی کا ہورہے کوئی نبی کے ہورہے ہیں ہم

بیشک یہ مسئلہ حنفی مذہب کی معتبر کتاب ذخیرۃ العقبیٰ حاشیہ شرح وقایہ میں ہے لکھتے ہیں "لوتمضمض الجنب أوغسل يديه روى عن ابى حنيفة انه لابأس ان يقرأ القرآن اويمسه"[1] یعنی آدمی ہمبستری سے فارغ ہوتے ہی اگر کلی کر کے صرف ہاتھ دھوکر قرآن شریف پڑھے اوراس کو چھوئے تو کوئی جرم نہیں، یہی مذہب ہے ابوحنیفہ کا، لیجئے حضرت فقط چھونا نہیں بلکہ پڑھنا بھی جائز۔

نمبر۱۰: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک چاندی سونے کے زیوروں میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے (بدور الاہلۃ)

جواب: ہم اہل حدیث قائل ہیں کہ زیور میں زکوٰۃ ہے کتب صحاح ستہ دیکھنے والے پر یہ بات مخفی نہیں ہے "ولوقال قائل بخلافه" اور ہمارے پاس یہ حدیث ہے کہ رسول اللہ

---

(۱) ذخیرۃ العقبیٰ حاشیہ شرح وقایہ چلپی ص ۱۰۴ / فتاوی عالمگیری میں ہے "ان غسل الجنب فمه ليقرا لم يحل له ذلك هكذا فى محيط السرخسى وهو الصحيح هكذا فى السراج الوهاج" اس عبارت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ بعض ائمۂ احناف کے نزدیک صرف ہاتھ دھوکر اور کلی کر کے جنبی کے لئے قرآن پڑھنا جائز ہے، اگرچہ صحیح قول اس کے خلاف ہے۔ (ملاحظہ ہو فتاویٰ عالمگیری ج۱ ص ۳۸ فی احکام الحیض والنفاس والاستحاضۃ)

نوٹ:- حنفی مذہب میں قرآن مجید کو خون سے آدمی کی پیشانی پر لکھنا جائز قرار دیا گیا ہے۔ (ملاحظہ ہو فتاویٰ عالمگیری ج۵ ص ۳۵۶/ غایۃ الاوطار ج۱ ص ۱۰۷) اور یہ بھی مسئلہ موجود ہے کہ زندہ یا مردہ جانور و کم عمر لڑکی سے وطی کرنے والے کا نہ وضو ٹوٹتا ہے نہ اس پر غسل واجب ہوتا ہے۔ (درمختار ج۱ ص ۳۱/ غایۃ الاوطار ج۱ ص ۸۳)

ﷺ کے پاس دو عورتیں آئیں اور ان کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن تھے آپ نے فرمایا تم ان کی زکوٰۃ دیتی ہو؟ انھوں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تمہیں ان کے بدلے آگ کے کنگن پہنائے جائیں گے، (۱) یہ حدیث گو سنداً ضعیف ہے، مگر کثرت طرق سے ضعف منجبر ہو گیا اور درجہ حسن تک پہنچ کر قابل عمل ہو گئی ہے (۲) اسی طرح فرمانِ خداوندی " الذین یکنزون الذهب والفضة ولاینفقونها فی سبیل الله فبشرهم بعذاب الیم " (۳) بھی باعتبار عمومیت کے زیوروں کو شامل ہے، کیونکہ سونا چاندی وہ بھی ہیں، یہ تو ہوا ہمارے ہاں کا مسئلہ، اب آپ سنئے، آپ کے امام ابو یوسفؒ کے نزدیک زکوٰۃ فرض نہ ہو اس لئے سال تمام ہونے سے پہلے اس شخص کو جس کے جانوروں میں زکوٰۃ کل واجب ہو جاتی ہو جائز ہے کہ آج کسی اور معتبر آدمی کے نام جس سے یہ خوف نہ ہو کہ اپنا کر لے گا ہبہ کر دینا پھر کچھ دنوں بعد واپس لے لینا تا کہ زکوٰۃ سے بچ جائے جائز ہے، ملاحظہ ہو عالمگیری کی کتاب الحیل۔ (۴)

---

(۱) ترمذی ج ۱ ص ۱۳۸ کتاب الزکوٰۃ باب ماجاء فی زکوٰۃ الحلی.

(۲) اس حدیث کی سند میں دو راوی مثنی بن الصباح اور ابن لھیعہ ضعیف ہیں، لیکن ابوداؤد نے اس روایت کو صحیح سند کے ساتھ نقل کیا ہے، منذری لکھتے ہیں اسناده لامقال فیه فان اباداؤد رواه عن ابی کامل الجحدری وحمید بن مسعدة وهما من الثقات احتج بهما مسلم وخالد بن الحارث امام فقیه احتج به البخاری ومسلم وکذلک حصین بن ذکوان المعلم احتج به فی الصحیح ووثقه ابن المدینی وابن معین وابوحاتم وعمروبن شعیب فهو ممن قد علم وهذا اسناد یقوم به الحجة ان شاء الله تعالیٰ (تحفة الاحوذی ج ۳ ص ۲۳۰)

(۳) التوبة ۹/۳۴ (۴) فتاویٰ عالمگیری کتاب الحیل ج ۶، ص ۳۹۱.

نوٹ: - سونے چاندی کے زیورات میں زکوٰۃ کا مسئلہ مختلف فیہ ہے امام ترمذی کے بیان کے مطابق حضرت عائشہ، حضرت عبداللہ بن عمر، جابر بن عبداللہ اور انس بن مالک زیورات میں زکوٰۃ کے قائل نہیں تھے اور یہی مسلک امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور اسحاق بن راھویہ کا بھی ہے صاحب سبل السلام لکھتے ہیں زیورات کی زکوٰۃ کے سلسلے میں چار اقوال ہیں۔

۱- زکوٰۃ واجب ہے۔ ہادویہ و سلف کی ایک جماعت اسی کی قائل ہے اور امام شافعی کا قول اسی کی تائید میں ہے۔

۲- زکوٰۃ نہیں ہے۔ امام مالک، امام احمد کا یہی مسلک ہے اور امام شافعی کا ایک قول یہ بھی ہے۔ :::: ::::

نمبر ۱۱: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک شراب نجس نہیں پاک ہے۔

محض غلط، ہم تو شراب کو ناپاک اور نجس کہتے ہیں، یہ دھوکہ شاید آپ کو آپ کی کتابوں سے ہوا ہوگا کیونکہ حنفی مذہب کی معتبر کتاب فتاوی قاضی خاں میں ہے:

''اگر ہاتھ پر کوئی ناپاکی مثلاً شراب منی وغیرہ لگ گئی ہو تو وہ تین بار چاٹ لینے سے پاک ہوجاتا ہے'' (۱)

نمبر ۱۲: شاخ ہے نمبر ۸ کی اس کا جواب نمبر ۸ میں ملاحظہ ہو۔

نمبر ۱۳: میں ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک منی پاک ہے''

سنئے! ہم کہتے ہیں کہ جب منی غلیظ ہو اور کپڑے پر خشک ہوجائے تو صرف کھرچ ڈالنے سے کپڑا پاک ہوجائے گا۔ اس کی دلیل یہ ہے "عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها

:::: :::: ۳-زیورات کی زکوٰۃ اسے عاریۃً دینا ہے۔

۴-صرف ایک بار زکوٰۃ واجب ہے۔

نواب صدیق حسن خاں نے بدور الاھلہ ص ۱۰۱ میں اپنے موقف پر جو استدلال کیا ہے وہ ان کی اجتہادی غلطی ہے ورنہ اہلحدیث علماء زیورات میں زکوٰۃ کے قائل ہیں۔ (دیکھئے مرعاۃ ج ۱ ص ۱۶۶/ تحفۃ الاحوذی ج ۳ ص ۲۲۶)

(۱) فتاویٰ قاضی خان ج ۱ صـ ۱۱، فتاویٰ عالمگیری میں ہے اذا اصابت النجاسة بعض اعضائه ولحسها بلسانه حتى ذهب اثره يطهر، فتاویٰ عالمگیری ج ۱، صـ ۴۵.

ہدایہ جسے علماء احناف کالقرآن کہتے ہیں اس میں ہے يتخذ من الحنطة والشعير والعسل والذرة حلالٌ عند أبي حنيفة ولا يحد شاربهٗ و إن سكر منه ولا يقع طلاق السكران منه۔ (ہدایہ ج ۴ ص ۴۹۶ کتاب الاشربۃ) ترجمہ: گیہوں، جو، شہد اور جوار سے تیار کی گئی شراب ابوحنیفہ کے نزدیک حلال ہے۔ ان شرابوں کو پینے والوں پر حد جاری نہیں کی جائے گی اگرچہ اس کے پینے سے وہ نشہ میں بدمست ہوجائے اور ایسے بدمست کی دی ہوئی طلاق بھی واقع نہیں ہوگی۔

احناف کے یہاں شراب پاک ہے یا نجس اسے مفصل جاننے کے لئے دیکھئے حقیقۃ الفقہ محقق ایڈیشن ص ۱۷۱ باب شراب کے متعلق وکتاب البیوع ص ۳۲۳ مسئلہ نمبر ۵۲۷ تا ۵۳۵، وکتاب الاشربۃ ص ۳۳۵۔

قالت کنت افرکه من ثوب رسول الله ﷺ وهو يصلى " (۱) یعنی میں رسول اللہ ﷺ کے کپڑے پر سے منی کو کھرچ ڈالا کرتی تھی اور آپ اسی میں پھر نماز پڑھتے۔ اگر جناب کے نزدیک یہی منی کے پاک ہونے کا مسئلہ ہے تو سنئے آپ کے مذہب کی مانی ہوئی کتابوں میں بھی یہ مسئلہ اسی طرح موجود ہے، عالمگیری مصری جلد اول ص: ۴۴ میں ہے "وان جف على الثوب اجزأ فيه الفرك " (۲) یعنی اگر منی کپڑے پر سوکھ گئی ہو تو صرف کھرچ دینا کافی ہے، (۳) اس مسئلہ کی دلیل اور خود آپ کی کتاب سے یہی مسئلہ تو آپ نے دیکھ لیا ہے، اب ذرا اپنی کتابوں کے اس مسئلہ کی دلیل دیکھ بھال کر ہمیں دکھادیں، فتاویٰ خانیہ ص: ۲۲ جزء اول میں ہے "لحسها بلسانه " (۴) یعنی بدن کے کسی حصے پر نجاست لگ گئی تو زبان سے چاٹ لینے سے وہ پاک ہوجائے گا، عالمگیری کے ص: ۴۶ میں بھی یہ مسئلہ لکھا ہوا ہے، (۵) مراقی الفلاح مصری جلد اول ص: ۹۳ میں ہے "يطهر الثدى اذا رضعه الولد " (۶) یعنی عورت کی چھاتی اگر نجس ہوگئی ہو تو جب بچہ اس سے دودھ پیئے پاک ہوجائے گی۔

---

(۱) مسلم ج ۱، ص ۱۴۰، کتاب الطهارة باب حكم المنى

نوٹ: بعض علمائے اہلحدیث طہارت منی کے قائل ہیں اور صرف یہی لوگ طہارت کے قائل نہیں ہیں بلکہ بہت سارے اہل علم منی کو پاک کہتے ہیں، امام نووی لکھتے ہیں و ذهب كثير إلى ان المنيّ طاهرٌ روى ذلك عن على ابن ابى طالب و سعد بن ابى وقاص و ابن عمر وعائشة و داؤد و احمد فى اصح الرّوايتين و هو مذهب الشافعى و اصحاب الحديث. (ترجمہ) بہت سارے اہل علم منی کو پاک کہتے ہیں حضرت علی بن ابی طالب، سعد بن ابی وقاص، ابن عمر، عائشہ سے ایسے ہی مروی ہے داؤد ظاہری کا بھی یہی مسلک ہے، امام احمد کی صحیح ترین روایت یہی ہے، امام شافعی واصحاب الحدیث کی بھی یہی رائے ہے۔

(۲) فتاویٰ عالمگیری ج ۱، ص ۴۴.

(۳) فتاویٰ عالمگیری ہی کا یہ مسئلہ بھی سامنے رہے، بچھونے پر خشک منی لگی ہو اس پر سویا اور پسینہ سے بچھونا تر ہوگیا اگر بدن پر اثر ظاہر نہ ہو تو بدن پاک ہے۔ فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۴۷

(۴) فتاویٰ قاضی خاں ج ۱، ص ۱۱

(۵) فتاویٰ عالمگیری ج اول، ص ۴۵

(۶) حاشية الطحاوى على مراقى الفلاح، ص ۸۷

نمبر۱۴: میں ہے غیر مقلدین کے نزدیک مردوں کو چاندی کا زیور پہننا جائز ہے دیکھو دلیل الطالب اور بدور الاھلہ۔

پھر اپنے رسالے میں اپنی تہذیب کا نمونہ دکھاتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ ''جوانوں کو بھی مبارک ہو کہ چاندی کا زیور تو غیر مقلدین کی بدولت پہننے میں آیا پھر تو مرد وعورت میں فرق ہی نہیں، اس دروغ گوئی پر تعجب ہے دلیل الطالب ص:۴۳۶ میں لکھا ہے "فلا یشتبه احدهما بالآخر فی ذلك النوع الخاص به "[1] اور بدور الاھلہ ص۳۵۶ میں ہے'' درآں نوع خاص یکے ما نا بدیگرے نگردد''[2] یعنی مردوں عورتوں کے لئے الگ الگ طرح کی زینت ہے جس میں ایک کو دوسرے سے مشابہت نہیں، تو اس طرح کی تحلی چاندی سے مرد کے لئے جائز ہے، اب بتلائیے مرد وعورت میں فرق رہا یا نہیں؟ فی الحقیقت چاندی سے مردوں کو مطلقاً ممانعت نہیں، جیسی سونے سے مردوں کو تو مطلقاً ممانعت کردی گئی ہے،

دیکھئے حدیث میں ہے " قال رسول الله ﷺ علیکم بالفضة فالعبوا بها کیف شئتم " (ابوداؤد)[3] یعنی چاندی کو اپنے استعمال میں لاؤ، ترمذی، نسائی وغیرہ میں حدیث ہے کہ آپ اپنے داہنے ہاتھ میں چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔[4] سیف محمدی کے قبضے میں بھی چاندی تھی، صحیح بخاری کے سولہویں پارے میں ہے "کان سیف الزبیر بفضة وکان سیف عروة محلی بفضة "[5] یعنی حضرت زبیر اور حضرت عروہ رضی اللہ عنہما کی تلواروں کی موٹھ پر چاندی لگی ہوئی تھی، اسے آپ نے زیور کہا اور یہ زیور آپ کو بہت برا لگا

---

(۱) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۱۳۵
(۲) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۱۱۲
(۳) ابوداؤد صـ ۵۸۰ کتاب الخاتم باب ماجاء فی الذهب للنساء .
(۴) مسلم ج۲ صـ ۱۹۷ کتاب اللباس والزینة باب تحریم خاتم الذهب علی الرجل / بخاری ج۲ صـ ۸۷۲ باب خاتم الفضة / ترمذی ج۱ صـ ۳۰۴ باب ماجاء فی لبس الخاتم فی الیمین / نسائی ج۲ صـ ۲۴۷ باب موضع الخاتم من الید
(۵) بخاری ج۲ صـ ۵۶۶ کتاب المغازی

اوراس پرخوب پھبتیاں اڑائیں جوحدیث سے ثابت ہے، اب فرمایئے،آپ کے مذہب کے اس مسئلہ پرتو آپ ضرور عامل ہوں گے؟ اوراس کا مذاق تو بھولے سے بھی نہ اڑاتے ہوں گے؟ جوآپ کے مذہب کی معتبر کتاب عالمگیری مصری جلداول ص: ٦٥ میں ہے
"لوصلی وفی عنقه قلادة فيها سن كلب اوذئب تجوز صلوته "(١)
یعنی اگرکسی نے نماز پڑھی اس حال میں کہ اس کے گلے میں وہ ہار تھا جس میں کتے کے یا بھیڑیئے کے دانت تھےتواس کی نماز جائز ہے، کہئے مولانا مہدی حسن صاحب راندھیری اور مولانا جودت صاحب رام پوری اہل حدیث کے زیوراچھے یاحنفیوں کے؟مضحکہ خیز چاندی کا زیور ہے یا کتے کے دانت کا؟

نمبر١٥: میں ہے کہ غیر مقلدین کےنزدیک جوجانور بندوق کے شکار سے مرجائے اس کوکھانا جائز ہے حلال ہے۔

جواب: یہ مسئلہ ہمارے ہاں نہیں ہے، ہمارے ہاں تو فرمان رسول اللہ ﷺ موجود ہے "مااصاب بحدہٖ فکل ومااصاب بعرضه فهووقيذ" (٢) یعنی دھاردار اور نوک دار چیز سے اگر شکار ہوتو حلال ہے اوراگرکوئی ٹھوس چیز اپنی طاقت کی وجہ سے کسی جانورکو مارڈالےتووہ موقوذہ میں داخل ہےاورحرام ہے، جب تک اس کا ذبح نہ پایاجائے اوراگرذبح کرنا پالیاتو پھرحلال ہے،جن بعض لوگوں نے اسے حلال کہا ہےوہ اس بناپرحلال کہتے ہیں کہ خرق ہوجاتا ہے،سواس بناپرحلال کہنےوالےلوگ آپ کے ہاں بھی موجود ہیں، اور پھرگولی سےبھی نہیں،دیکھئے!الجوهرة النيرة شرح قدوری میں ہے"اور ہدایہ میں بھی موجود ہے

---

(١) فتاوی عالمگیری ج ١ صـ ٣٩
(٢) بخاری ج٢ صـ ٨٢٣ كتاب الذبائح والصيد / ابو داؤد صـ ٣٩٤ كتاب الضحايا باب فی الصيد / ترمذی ج ١ صـ ٢٧٢ ابواب الصيد باب ماجاء فی صيد المعراض / نسائی ج٢ صـ ١٧٥ كتاب الصيد والذبائح باب مااصاب بحدمن صيد المعراض .

کہ "ثم البندقة اذاکان لھا حدة یجرح یاکل "[۱] یعنی بندقہ جب دھاردار ہو اور وہ زخمی کردیتا ہو تو کھالیا جائے، اور بندقہ کہتے ہیں مٹی کے غلہ کو، حالانکہ صحیح بخاری میں ہے کہ بندقہ کا شکار بغیر زندہ پائے حرام ہے۔[۲]

نمبر۱۶: میں ہے غیر مقلدین کے نزدیک جو شخص جان بوجھ کر نماز فرض چھوڑ دے اور وقت جانے کے بعد قضا کرے تو یہ قضا مقبول نہ ہوگی۔"

یہاں بھی مولوی صاحب دلیل الطالب کی عبارت سمجھ نہیں سکے، ایک تو یہ ہے صرف قضا کرنا اور ایک قضا ایسی جو کفارہ ہو جس سے اس گناہ کا بدلہ ہو جائے، نواب صاحب وغیرہ کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر فرض نماز بلا وجہ چھوڑ دے تو صرف قضا کر لینے سے بری الذمہ نہیں ہوگا،[۳] اس کی نظیر آپ فرض روزے کو لے لیجئے حدیث میں ہے "من افطر یوما من رمضان من غیر عذر ولا مرض لم یقضه صیام الدھر کله وان صامه" (البخاری)[۴] یعنی جس شخص نے عمداً بلا وجہ روزہ توڑ دیا وہ اگر تمام عمر روزہ رکھا کرے پھر بھی اس کا بدلہ نہیں ہونے کا، فرض نماز کو بھی اسی طرح سمجھئے، ایک صورت اس کی اور ہے وہ یہ ہے کہ مثلاً آج اگر کوئی شخص بے نمازی تائب ہو کر نماز شروع کرے تو کیا آپ اس کو پہلے کی سب نمازوں کے قضا کرنے کا فتوٰی دیں گے؟ اور افسوس تو یہ ہے کہ ان حضرات

---

(۱) ھدایہ ج۴ صـ ۵۱۲ کتاب الصید
(۲) بخاری ج۲ صـ ۸۲۳ کتاب الذبائح والصید
(۳) یہ مسئلہ دلیل الطالب علی أرجح المطالب ص۳۵۰ میں ہے (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص۱۳۳)
(۴) بخاری ج۱ صـ ۲۵۹ باب اذاجامع فی رمضان /ابوداؤد صـ ۳۲۶ باب التغلیظ فیمن افطر عمداً / ترمذی ج۱ صـ ۱۵۳ باب ماجاء فی الافطار متعمداً/مسنداحمد ج۲ صـ ۳۸۶، ۴۴۲، ۴۵۸، ۴۴۰/ابن ماجه ج۱ صـ ۵۳۵ باب ماجاء فی کفارة من افطر یوماً من رمضان/دارمی ج۲ صـ ۱۸ باب من افطر یوماً من رمضان متعمداً.

کوتو اپنی بھی خبر نہیں، آپ کے مذہب کی کتاب درمختار میں ہے "التاخیر بلاعذر کبیرۃ لاتزول بالقضاء " (۱) اورالبحرالرائق میں بھی اسی طرح ہے یعنی بلا وجہ تاخیر کرنا نماز میں ایسا کبیرہ گناہ ہے کہ صرف قضا کرنے سے معاف نہیں ہوتا (۲) اب سنئے آپ قضا کورور ہے ہیں اپنے ہاں تو دیکھئے۔

ہدایہ، درمختار، عالمگیری وغیرہ حنفی مذہب کی کتابوں میں ہے " قال ابوحنیفۃ لیس فی الاستسقاء صلوٰۃ مسنونۃ فی الجماعۃ " (۳) یعنی حضرت ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ استسقاء کے لئے نماز باجماعت پڑھنا مسنون نہیں، حالانکہ بخاری مسلم وغیرہ کی حدیثوں سے صلوٰۃ استسقاء باجماعت ثابت ہے (۴)، اپنا گھر شیشے کا بنا کر دوسرے فولادی قلعے پر ڈھیلے پھینکنا نہ صرف اپنے مکان کو ہی مسمار کرنا ہے بلکہ اپنی جان کو بھی ہلاکت میں ڈالنا ہے، چونکہ نماز کے اس مسئلہ پر آپ نے غلط اعتراض کیا ہے لہذا اس کا صحیح جواب دے کر اب میں نیچے حنفی مذہب کی اس نماز کا نقشہ کھینچتا ہوں جو حنفی مذہب فقہ کی کتابوں کی رو سے جائز ثابت ہوتی ہے، یہ ہے وہ نماز جو حنفیوں کے ہاں فقہ کی کتابوں کی رو سے کم از کم جائز اور درست تو ٹھہر ہی جاتی ہے میں نے یہاں پر عمداً حوالے نہیں دیئے (۵) اگر آپ ہر ہر عبارت اور حوالے اور ترجمے کو پوری طرح دیکھنا چاہیں تو میری کتاب سیف محمدی کو ملاحظہ فرمالیں (۶) وہ نقشہ یہ ہے:۔

---

(۱) درمختار ج ۱، صـ ۱۰۰، باب قضاء الفوائت.

(۲) ملاحظہ ہو البحرالرائق ج ۲ صـ ۱۴۰ الفاظ یہ ہیں " واما اثم تاخیرها عن الوقت الذی هو کبیرۃ فباقٍ لایزول بالقضاء والمجرد عن التوبۃ بل لابد منها هذا

(۳) هدایه ج ۱ صـ ۱۷۶ باب الاستسقاء / درمختار ج ۱ صـ ۱۱۸ /عالمگیری ج ۱ صـ ۱۵۳

(۴) بخاری ج ۱ صـ ۱۴۰ باب الاستسقاء فی المصلی / مسلم ج ۱ صـ ۲۹۳ / ابوداؤد ج ۱ صـ ۱۶۴ / ترمذی ج ۱ صـ ۱۲۴ / نسائی ج ۱ صـ ۱۷۰ /ابن ماجه ج ۱ صـ ۴۰۳ /الفتح الربانی ج ۶ صـ ۲۳۳ / مصنف ابن ابی شیبه ج ۲ صـ ۴۷۳ /السنن الکبریٰ للبیهقی ج ۳ صـ ۳۵۰ / دارقطنی ج ۲ صـ ۶۶ / مؤطاامام مالک صـ ۱۷۲ / مستدرک حاکم ج ۱ صـ ۳۲۶ / نیل الاوطار ج ۳ صـ ۲۳۰ / صحیح ابن خزیمه ج ۲ صـ ۲۳۱ / مسند حمیدی ج ۱ صـ ۲۰۱ / مجمع الزوائد ج ۲ صـ ۲۱۲ / موطا امام محمد صـ ۱۶۱

(۵) اب ان کے حوالے حاشیہ میں موجود ہیں

(۶) یہ کتاب جدید حوالوں کے ساتھ اہلحدیث اکیڈمی سے شائع ہوچکی ہے اور اہلحدیث اکیڈمی مئو سے مل سکتی ہے۔

حنفی مذہب فقہ کی جائز نماز کا نقشہ

۱- جانور سے مردے سے چھوٹی لڑکی وغیرہ سے وطی کر کے بغیر انزال کے بے غسلا آجائے نماز پڑھ لے۔(۱)

۲- کپڑے پر بدن پر عورت کی فرج کی رطوبت لگی ہو تو کوئی حرج نہیں۔(۲)

۳- بچے کے ولادت کے وقت کی چکنائی لگی ہو تو حرج نہیں۔(۳)

۴- جانور کے بچے کی یہ رطوبت ہو تو حرج نہیں۔(۴)

۵- کتے کی کھال، سور کی کھال اور جس درندے کی چاہے رنگی ہوئی کھال پہن لے اوڑھ لے۔(۵)

۶- رنگی ہوئی نہ ہو تو بھی حرج نہیں۔(۶)

۷- ذبح کیا ہوا سور اور ذبح کئے ہوئے کتے کی کھال کی جانماز پر نماز پڑھ لے۔(۷)

---

(۱) د رمختار ج ا صـ ۳۱-۳۲

فقہ حنفی کی معتبر کتاب مراقی الفلاح میں ہے کہ اسی طرح اگر عورت بھی کسی جانور سے صحبت کرائے یا مردے سے تو اس پر بھی اس صورت میں نہ غسل واجب ہے نہ وضو نہ اپنی شرمگاہ کا دھونا (ملاحظہ ہو حاشیة الطحاوی علی مراقی الفلاح صـ ۵۳)

(۲) د رمختار ج ا صـ ۳۲ اور اسی درمختار صـ ۵۴ باب الانجاس میں ہے " اما عنده فهی طاهرة كسائر رطوبات البدن ، یعنی امام ابوحنیفہ کے نزدیک عورت کی شرمگاہ کی رطوبت بدن کے دیگر رطوبات کی طرح پاک ہے اور حاشیۃ الطحاوی میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس رطوبت کے لگنے کے بعد ذکر کا دھونا بھی ضروری نہیں، ملاحظہ ہو حاشية الطحاوی صـ ۴۴

(۳) ردالمحتار ج ا ص: ۵۶۴ / فتح القدير جو ہدایہ کی شرح ہے اس میں ہے کہ اگر یہ چکنائی شوربے میں پڑ جائے تو وہ نجس نہیں، دیکھئے فتح القدير شرح هدايه ج ا ص: ۱۸۶

(۴) ایضاً

(۵) درمختار ج ا ص: ۳۸ / حاشية الطحاوی ص: ۹۰ / منية المصلی صـ: ۶۴

(۶) د رمختار ج ۲ ص: ۲۳۰

(۷) د رمختار ج ا صـ ۳۸ / مراقی الفلاح ج ا صـ ۹۰ / فتاوی قاضی خان ج ا صـ ۱۰
حاشية الطحاوی علی مراقی الفلاح صـ ۹۰

۸- ان کی کھال کا لباس پہن کر نماز پڑھ لے۔(۱)
۹- کتے کا، سور کا اور جس ذبح کئے درندے کا چاہے گوشت اپنی جیبوں میں رکھ لے۔(۲)
۱۰- کتے سور اور جس درندے کی ہڈیوں کا چاہے ہار پہن کر نماز پڑھ لے۔(۳)
۱۱- کتے کی اسی کھال کی ڈول میں پانی بھر کر اس پانی سے وضو کر کے نماز پڑھ لے۔(۴)
۱۲- ذبح کئے ہوئے سانپ اور چوہے کا گوشت لے کر بھی نماز پڑھ لے۔(۵)
۱۳- کتے وغیرہ درندوں کی کھالیں، ہڈیاں، ناخن، بال، دانت، آنت، گوشت پوست، چربی، خون ان میں سے جس چیز کو چاہے اپنے ساتھ رکھ کر نماز پڑھ لے۔(۶)
۱۴- کتے کے پلے کو بغل میں دبا کر نماز پڑھ لے۔(۷)
۱۵- بڑے کتے کو سر پر چڑھا کر نماز پڑھ لے۔(۸)
۱۶- جس پانی میں کتا پڑ گیا ہو اگر اس کا منھ اس میں نہ لگا ہو تو اس پانی سے وضو کر لے اور غسل بھی۔(۹)

---

(۱) مراقی الفلاح ج ا صـ ۹۰ / حاشیة الطحطاوی صـ ۹۰ / طحاوی ج ا صـ ۹۷
(۲) فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۱۵ / درمختار ج ا صـ ۳۸
ردالمحتار میں ہے اگر ایک درہم سے کم سور کے بال ساتھ لے کر نماز پڑھے تو نماز بھی ہو جائے گی (رد المحتار ج ا صـ ۳۶۰)
(۳) فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۳۹ / ردالمحتار ج ا صـ ۳۵۷
(۴) درمختار ج ا صـ ۳۸ (۵) ردالمحتار ج ا صـ ۳۵۸
(۶) فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۱۵ / ردالمحتار ج ا صـ ۳۵۷
(۷) درمختار ج ا صـ ۲۹ / ردالمحتار ج ا صـ ۳۶۲
(۸) درمختار ج ا صـ ۲۹/۳۸
(۹) درمختار ج ا صـ ۳۸ / مراقی الفلاح صـ ۲۱/منیة المصلی میں ہے "الکلب اذا اکل بعض عنقود العنب یغسل مااصاب فمه ثلاثاً ویو کل و کذا یغسل بعد مایبس العنقود" یعنی انگور کے ایک خوشے میں سے کچھ کتے نے کھالیا باقی جو بچ رہے اس پر جہاں اس کا منھ لگ گیا ہو تین دفعہ پانی سے دھو ڈالے اور کھالے، اسی طرح خوشہ کے سوکھ جانے کے بعد بھی دھو ڈالے اور کھالے (منیة المصلی صـ ۸۹)

۱۷- نماز پڑھتے ہوئے نجس چڑیا سر پر بیٹھی ہو تو حرج نہیں۔(۱)
۱۸- نجاست آلود کپڑوں والا بچہ گود میں بیٹھا ہو تو حرج نہیں۔(۲)
۱۹- نمازی کے کپڑوں پر کتے کی چھینٹیں ہوں تو حرج نہیں۔(۳)
۲۰- چوتھائی حصے سے کم کپڑا نجاست خفیفہ سے بھرا ہوا ہو تو نماز پڑھ لے۔(۴)
۲۱- چمگادڑ کا پیشاب یا چمگادڑ کی بیٹ کپڑے پر یا بدن پر ہو تو نماز پڑھ لے۔(۵)
۲۲- کتے نے بدن پر یا کپڑے پر منہ مارا ہوا اور تھوک نہ نظر آئے تو نماز پڑھ لے۔(۶)
۲۳- پیشاب کی چھوٹی چھوٹی سوئی کے ناکے کے برابر کی چھینٹوں سے اگر سارا کپڑا بھر جائے یا سارا بدن بھر جائے تو بھی نماز پڑھ لے۔(۷)
۲۴- نماز میں کتے کو پچکارنے، نماز میں گدھے کو ہانک دینے، نماز میں عورت کی شرمگاہ کو دیکھ لینے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔(۸)
۲۵- نماز میں فقہ کی کتابوں کو دیکھ لے اور سمجھ لے۔(۹)
۲۶ کتے کے بالوں کی گھنڈیاں لگا کر نماز پڑھ لے۔(۱۰)
۲۷- سور اور کتے کے بال پڑے ہوئے پانی سے وضو کر لے۔(۱۱)

---

(۱) ردالمحتار شرح درمختار ج ۱ صـ ۳۶۳
(۲) فتاوی ظھیریه بحواله ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۶۳
(۳) درمختار ج ۱ صـ ۳۸
(۴) درمختار ج ۱ صـ ۵۵ / هدایه ج ۱ صـ ۷۵
(۵) عالمگیری ج ۱ صـ ۳۴ فصل فیمالایجوز به التوضؤ /منیة المصلیصـ ۵۴ میں ہے خرء الخفاش وبوله لایفسده
(۶) درمختار ج ۱ صـ ۳۸
(۷) حاشیة الطحاوی علی مراقی الفلاح صـ ۸۴
(۸) درمختار ج ۱ صـ ۸۹/حاشیة الطحاوی علی مراقی الفلاح صـ ۱۸۸
(۹) عالمگیری ج ۱ صـ ۶۴
(۱۰) عالمگیری ج ۱ صـ ۲۹
(۱۱) ردالمحتار ج ۱ صـ ۳۶۰ / درمختار ج ۱ صـ ۳۸ / رد المحتار ج ۱ صـ ۳۶۳

۲۸- بھیگی ہوئی کھجوروں کے شیرے سے وضو کر لے۔(۱)
۲۹- اس طرح کہ پہلے پاؤں دھوئے پھر منہ دھوئے پھر کلی کرے پھر مسح کرے یعنی الٹا پلٹا وضو کر لے۔(۲)
۳۰- اللہ اکبر کا ترجمہ کسی اور زبان میں کر دے۔(۳)
۳۱- فقط ایک آیت کا ترجمہ اپنی زبان میں پڑھ دے۔(۴)
۳۲- رکوع سجدے میں اطمینان نہ کرے۔(۵)
۳۳- رکوع کے لئے ذرا جھک جانا کافی ہے۔(۶)
۳۴ قومہ میں اور دونوں سجدوں کے درمیان ٹھہرنا ضروری نہیں۔(۷)
۳۵- سلام کے بدلے گوز مار دے۔(۸)
۳۶- کتے یا بھیڑیئے کے دانتوں والا ہار پہن کر نماز پڑھ لے۔(۹)
۳۷- کافر اگر کتے، ریچھ، بندر وغیرہ پر چھری پھیر دے تو اس کا گوشت پوست لے کر نماز پڑھ لے۔(۱۰)
۳۸- بھیڑیئے کی کھال کی جانماز پر نماز پڑھ لے۔(۱۱)

---

(۱) درمختار ج ۱ صـ ۲۰
(۲) درمختار ج ۱ صـ ۲۲
(۳) درمختار ج ۱ صـ ۷۴
(۴) درمختار ج ۱ صـ ۸۰
(۵) درمختار، ج ۱، صـ ۷۲ / هدایه ج ۱ صـ ۱۰۶
(۶) درمختار ج ۱ صـ ۷۰
(۷) هدایه ج ۱ صـ ۱۰۶ / بدائع الصنائع ج ۱ صـ ۳۹۹ / شرح وقایه ج ۱ صـ ۱۴۳
فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۷۰
(۸) درمختار ج ۱ صـ ۷۱ / هدایه ج ۱ صـ ۱۳۰ باب الحدث / شرح وقایه ج ۱ صـ ۱۵۹ / البحرالرائق ج ۱ صـ ۶۵۳
(۹) فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۳۹ /منیة المصلی صـ ۵۱
(۱۰) درمختار ج ۱ صـ ۳۸
(۱۱) فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۱۵

۳۹- کتے کی رنگی ہوئی کھال کے ڈول میں پانی بھر کر اس پانی سے غسل کر لے، وضو کر لے۔(۱)
۴۰- نماز پڑھ لے۔(۲)
۴۱- بورئیے پر بھیگا ہوا کتا بیٹھ گیا یا لیٹ گیا، اگر اس پر نجاست کا اثر نہ ہو تو اس پر نماز پڑھ لے۔(۳)
۴۲- کسی بڑے حوض میں کتا گر کر مر گیا اوپر سے پانی جما ہوا ہے تو اس سے وضو کر لے۔(۴)
۴۳- امامت نماز کے لئے کچھ شرائط۔ کی یکساں موجودگی کے بعد یہ شرط ہے کہ اس کی جورو سب کی جوروؤں سے زیادہ حسین ہو۔(۵)
۴۴- یہ بھی شرط ہے کہ خود امام شکیل اور خوبرو ہو۔(۶)
۴۵- یہ بھی ایک شرط ہے کہ امام سب سے بڑا مالدار ہو۔(۷)
۴۶- امام سب سے اچھے لباس والا ہو۔(۸)
۴۷- امام کا عضو چھوٹا ہو اور سر بڑا ہو۔(۹)
۴۸- امام غلام نہ ہو۔(۱۰)
۴۹- امام دیہاتی نہ ہو۔(۱۱)

(۱) درمختار ج ۱ صـ ۳۸
(۲) مراقی الفلاح ج ۱ صـ ۹۰
(۳) فتاوی قاضی خان ج ۱ صـ ۱۱ / منیة المصلی صـ ۸۹
(۴) درمختار ج ۱ صـ ۳۶
(۵) درمختار ج ۱ صـ ۸۲ / مراقی الفلاح صـ ۱۶۴
(۶) ایضاً اس شرط کا فلسفہ صاحب ردالمختار نے لکھا ہے کہ چہرے کی خوبصورتی جماعت کی کثرت کا سبب ہے (ملاحظہ ہو ردالمحتار ج ۲ صـ ۲۹۵)
(۷) درمختار ج ۱ صـ ۸۲
(۸) ایضاً
(۹) ایضاً
(۱۰) درمختار ج ۱، ص ۸۳/ هدایه ج ۱، ص ۱۵۲، / البحرالرائق ج ۱، ص ۱۱۰
(۱۱) ایضاً
(☆) امامت کے بارے میں حنفی قلابازی کا حقیقی سین دیکھنے کے لئے ملاحظہ فرمائیں طریق محمدی کا حاشیہ نمبر ۱، ص ۱۷۰۔ مطبوعہ اهل حدیث اکیڈمی مئو .

۵۰- امام اندھا نہ ہو۔(۱)
۵۱- سجدے میں صرف پیشانی کا زمین پر لگ جانا کافی ہے۔(۲)
۵۲- اور صرف ناک کا لگ جانا بھی۔(۳)
۵۳- التحیات میں بیٹھ کر بجائے سلام کے زور سے ہنس دے بات چیت کرلے گوز مار دے۔(۴)
۵۴- عورت کا پیٹ پاؤ سے کم ننگا ہو تو نماز ہو جاتی ہے۔(۵)
۵۵- عورت کا سر پاؤ سے کم کھلا ہوا ہو اور اس نے نماز پڑھی تو نماز ہو گئی۔(۶)
۵۶- عورت کی پنڈلی اور ران کا بھی یہی حکم ہے کہ پاؤ کھلا ہوا ہو تو نماز ہو جائیگی۔(۷)
۵۷- مرد کے بیضے میں اگر پاؤ سے کم ننگے ہوں تو نماز ہو جائے گی۔(۸)
۵۸- نمازی کے بدن پر یا کپڑے پر پاخانہ پیشاب وغیرہ جیسی غلیظ نجاست ہتھیلی کی چوڑائی کے برابر یا ایک مثقال وزن کے برابر لگی ہو تو بھی نماز ہو جائے گی۔(۹)
۵۹- حرام پرندوں کی بیٹ یا پیشاب اس سے زیادہ لگا ہوا ہو تو بھی نماز ہو جائے گی۔(۱۰)
۶۰- وضو بے نیت کرلے۔(۱۱)

---

(۱) درمختار ج ا صـ ۸۳/ هدایه ج ا صـ ۱۲۲/ شرح وقایه ج ا صـ ۱۵۲/ البحرالرائق ج ا صـ ۱۱۰
(۲) هدایه ج ا صـ ۱۰۸ / شرح وقایه ج ا صـ ۱۴۰ / بدائع الصنائع ج ا صـ ۲۸۲ منیة المصلی صـ ۹۱ / فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۸۵
(۳) ایضاً
(۴) هدایه ج ا صـ ۱۳۰ باب الحدث / شرح وقایه ج ا صـ ۱۵۹ / البحرالرائق ج ا صـ ۲۵۳ / درمختار ج ا صـ ۷۱
(۵) هدایه ج ا صـ ۹۴ باب شروط الصلوٰة التی تتقدمها
(۶) هدایه ج ا صـ ۶۶
(۷) درمختار ج ا صـ ۶۶
(۸) هدایه ج ا صـ ۹۴ باب شروط الصلوٰة التی تتقدمها
(۹) هدایه ج ا صـ ۷۴ / شرح وقایه ج ا صـ ۱۲۴ / بدائع الصنائع ج ا صـ ۲۳۳ البحرالرائق ج ا صـ ۳۹۵/ فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۴۵
(۱۰) هدایه ج ا صـ ۷۷ / شرح وقایه ج ا صـ ۱۲۴ / البحرالرائق ج ا صـ ۵۰۴ بدائع الصنائع ج ا صـ ۱۹۸ / فتاوی قاضی خان ج ا صـ ۱۰
(۱۱) درمختار ج ا صـ ۲۰ / ردالمحتار ج ا صـ ۲۲۳

۶۱- عورت کی شرمگاہ پاؤ سے کم ننگی ہو تو نماز ہو جائے گی۔(۱)
۶۲- مرد کا آلۂ تناسل چوتھائی سے کم کھلا ہوا ہو تو نماز ہو جائے گی۔(۲)

نماز کے ایسے ہی مسائل اور بھی بہت سارے ہیں

برادران! یہ ہے موجودہ حنفیت کی جائز نماز کا نقشہ۔ خدارا اس غلط راہ کو چھوڑ و اور قرآن حدیث کی صحیح راہ پر لگ جاؤ، یہ نماز نماز نہیں بلکہ خدا کے سامنے مذاق کرنا ہے

نمبر ۱۷: میں ہے غیر مقلدین کے نزدیک تمام جانوروں کا پیشاب پاک ہے،

یہ بھی ہم پر صریح تہمت ہے،(۳) ہم ان جانوروں کے پیشاب کو نجس نہیں کہتے جو ماکول اللحم یعنی حلال ہیں اور دلائل اس کے یہ ہیں "قال رسول اللہ ﷺ لا بأس ببول مایؤکل لحمہ " (۴) یعنی رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کے پیشاب میں کچھ حرج نہیں (ابن کثیر) اور صحیح بخاری وغیرہ میں حدیث ہے "قدم ناس من عکل اوعرینۃ فاجتووا المدینۃ فامرھم النبی ﷺ بلقاح وان یشربوا من ابوالھا والبانھا "(۵) یعنی کچھ لوگ عکل یا عرنیہ کے قبیلے سے مدینہ میں آئے یہاں کی

(۱،۲) ھدایہ ج ۱ صـ ۹۴ باب شروط الصلوٰۃ التی تتقد مھا
(۳) (ثبوت کے لئے دیکھیں بدور الاھلۃ من ربط المسائل بالادلۃ ص ۱۴ و ضمیمہ ص ۱۰۰)
(۴) ابن کثیر ج ۱ صـ ۱۲۸ باب الحکم فی بول مایوکل لحمہ .مسند احمد بحوالہ مشکوٰۃ صـ ۵۳ باب تطھیر النجاسات ، ایک روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں "ماا کل لحمہ فلاباس ببولہ .
(۵) بخاری ج ۲ صـ ۸۴۸، وکتاب الطب باب الدواء بابوال الابل وصـ ۸۵۲ باب من خرج من ارض لاتلائمہ صـ ۱۰۰۵ وکتاب المحاربین من اھل الکفر والردۃ / وصـ ۶۰۲ باب قصۃ عکل وعرینۃ / وج ۱ صـ ۳۶-۳۷ باب ابوال الابل والدواب وصـ ۴۲۳ کتاب الجھاد باب اذا حرق المشرک المسلم ھل یحرق

آب وہوا ان کو موافق نہ آئی اس لئے رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنے اونٹوں میں بھیج دیا کہ ان کا پیشاب اور دودھ پیتے رہیں، فتح الباری میں ہے "وھذا قول مالك واحمد وطآئفة من السلف ووافقهم من الشافعية وابن خزيمة وابن المنذر وابن حبان والاصطخری والرویانی "(۱) یعنی امام مالک، امام احمد، اور سلف کی ایک جماعت کا بھی یہی مذہب ہے، اور امام ابن خزیمہ ابن المنذر، ابن حبان، اصطخری، رویانی وغیرہ کا قول بھی یہی ہے، ہدایہ حنفی مذہب کی کتاب میں ہے "ان کانت مخففة کبول مایؤکل لحمه جازت الصلوٰة معه حتی یبلغ ربع الثوب"(۲) یعنی اگر حلال جانور کے پیشاب سے کچھ کم چوتھا حصہ کپڑے کا بھر گیا ہو تو اس کپڑے سے نماز جائز ہے، یہ آپ کے مذہب کی مسلم ومقبول کتاب ہے اور دیکھ لیجئے کہ اس میں کیا لکھا ہے؟

ہدایہ البحر الرائق، الجوہرۃ النیرۃ درمختار میں ہے کہ امام محمد کے نزدیک بھی ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب پاک ہے، (۳) لیجئے یہ آپ کی کتابوں میں ہے اور آپ کے امام زفر ومحمد کا بھی یہی مذہب ہے، نخعی اوزاعی اور زفر کا بھی یہی قول ہے۔ (نیل الاوطار) (۴)

نمبر ۱۸: میں ہے غیر مقلدین کے نزدیک دریا کے کل مردہ زندہ سب جانور حلال ہیں مگر طافی۔ بذور الاھلہ، عرف الجادی۔

مولوی صاحب نے یہ ایک بات سچ کہی ہے مگر اپنی عادت سے مجبور ہیں یہاں بھی ان سے بے محابا دو جھوٹ سرزد ہو گئے ہیں، اول تو یہ کہ ہم محمدی طافی کو بھی حلال کہتے ہیں (۵)،

---

(۱) فتح الباری ج ۱ صـ ۴۴۶ مطبوعہ مکتبہ اشرفیہ دیوبند
(۲) ھدایہ ج ۱ صـ ۷۵ / شرح وقایہ ج ۱ صـ ۱۲۴ / درمختار ج ۱ صـ ۵۵ / البحرالرائق ج ۱ صـ ۲۰۷ / فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۴۶
(۳) درمختار ج ۱ ۵۵ باب الانجاس / ھدایہ ج ۱ صـ ۷۶ باب الانجاس وتطهیرها الجوهرة النیّرة ص ۵۳
(۴) نیل الاوطار ج ۱، ص ۴۸، باب الرخصة فی بول ما یوکل لحمه
(۵) طافی اس جانور کو کہتے ہیں جو مر کر پانی میں اوپر تیر رہا ہو۔

دوسری جرأت یہ کی ہے کہ بدورالاھلہ کا حوالہ دیا ہے کہ وہ طافی کو حرام لکھتے ہیں حالانکہ انھوں نے اسے حلال لکھا ہے،[1] اب سنئے ہمارے دلائل "قال اللّٰہ تبارك وتعالیٰ احل لکم صیدالبحر وطعامه متاعالکم وللسیارة "[2] یعنی تمہارے لئے دریا کی زندہ مردہ سب چیزیں حلال ہیں، اس آیت کے معنی حجۃ الامۃ مفسر قرآن شاگرد رسول ﷺ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہی کئے ہیں، ملاحظہ ہو تفسیر ابن کثیر،[3] ابوداؤد، ترمذی، وغیرہ میں بہ سند صحیح مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "ھوالطھور مآء ہ والحل میتتہ "[4] یعنی سمندر کا پانی پاک ہے اور اس کا مردہ حلال ہے، اور دار قطنی میں ہے "ان اللّٰہ تعالیٰ ذبح مافی البحر لبنی آدم "[5] یعنی سمندر میں جتنے جانور ہیں سب حلال ہیں، صحیح بخاری میں ہے کہ خلیفۃ المسلمین امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں طافی حلال ہے،[6] تفسیر ابن کثیر میں ہے حضرت عبداللہ بن عمر، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابوایوب انصاری، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور حضرت عکرمہ اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور ابراہیم نخعی (امام ابوحنیفہ کے استاد) اور حسن بصری رحمہم اللہ کا بھی یہی مذہب ہے[7]، بلکہ جمہور علماء اسی طرف ہیں، "یآایھا الذین آمنوا لاتحرمواطیبٰت مااحل اللّٰہ لکم ولاتعتدواان اللّٰہ لایحب المعتدین "[8]

---

(۱) بدورالاھلہ ص ۳۳۳ اور عرف الجادی ص ۲۴۷ میں لکھا ہے کہ جن جانوروں پر دریائی جانور ہونے کی تعریف صحیح معنوں میں ثابت ہو جائے اور وہ جانور نہ زہریلا ہو نہ انسان کے لئے مضر ہو وہ طافی ہو یا غیر طافی سب حلال ہے۔ (ثبوت کے لئے دیکھئے ضمیمہ ص ۱۰۶ و ص ۱۲۲)

(۲) المائدۃ ۵/ ۹۶　(۳) تفسیر ابن کثیر اردو ج ۲ صـ ۲۱

(۴) ابوداؤد ج ۱ صـ ۱۱ باب الوضوء بماء البحر / ترمذی ج ۱ صـ ۲۱ کتاب الطھارۃ / مؤطا امام مالک صـ ۷ الطھور للوضوء / الفتح الربانی ج ۱ صـ ۲۰۱ / نسائی ج ۱ صـ ۱۰ / دار قطنی ج ۱ صـ ۳۴ / ابن ماجۃ ج ۱ صـ ۱۳٦ / دارمی ج ۱ صـ ۲۰۱ / ابن خزیمہ ج ۱ صـ [illegible] باب [illegible] فی الغسل والوضوء من ماء البحر .

(۵) دار قطنی [illegible] باب الصید والذبائح

(٦) صحیح بخاری ج ۲ صـ ۸۲۵ کتاب الذبائح والصید والتسمیۃ باب قول اللّٰہ تعالیٰ احل لکم صید البحر　(۷) تفسیر ابن کثیر اردو ج ۲ صـ ۲۱　(۸) المائدۃ ۵/۸۷

مسلمانو! اللہ تعالیٰ کی حلال طیب کردہ چیزوں کو حرام نہ کہو یہ حد سے گذر جانا ہے، اور ایسوں کو اللہ دوست نہیں رکھتا، اب آپ کے مذہب کی سنئے شرح وقایہ میں ہے کہ کوا اور چمگادڑ حلال ہے، (۱) لیجئے حضرت شکار کیجئے اور ہنڈیا چڑھایئے " لاتصف السنتکم الکذب ھٰذا حلال وھٰذا حرام لتفتروا علی اللّٰہ الکذب " (۲) یعنی اپنی طرف سے حلال وحرام کا فتویٰ نہ دو، اور خدا پر تہمت نہ باندھو!

نمبر ۱۹: میں ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک چاندی سونے کے برتنوں کا استعمال جائز ہے۔

یہ بھی غلط، (۳) ہمارے ہاں چاندی سونے کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے، " قال

(۱) بحوالہ نورالھدایۃ ترجمہ شرح وقایہ، ج۴، ص ۴۸، مطبع مجیدی کانپور، قدوری، ص ۲۲۶ / فتاوی شامی ج ۹ ص ۴۴۳، ۴۴۴ -- غراب کے بارے میں لکھا ہے کہ کوا کی تین قسمیں ہیں ۱- ایک قسم وہ جو صرف مردار کھاتا ہے یہ حرام ومکروہ ہے اور اسے ابقع کہتے ہیں ۲- ایک قسم وہ ہے جو صرف دانہ کھاتا ہے مردار نہیں کھاتا یہ مکروہ نہیں ہے ۳- ایک قسم وہ جو کبھی دانہ کھاتا ہے اور کبھی مردار کھاتا ہے۔ یہ ابوحنیفہ کے نزدیک مکروہ نہیں ہے اور امام ابو یوسف کے نزدیک مکروہ ہے اور خفاش میں اختلاف ہے۔ نورالھدایہ میں ہے اور چمگادڑ میں دو قول ہیں، ایک قول میں حلال دوسرے میں حرام۔ نورالھدایہ، ج۴، ص ۴۸۔

(۲) النحل ۱۶/۱۱۶

(۳) یہ اہلحدیث پر الزام ہے مقلدین نے اس الزام کے لئے بدور الاھلۃ کا حوالہ دیا ہے، حالانکہ اسی بدور الاھلہ میں اس بارے میں یہ صراحت موجود ہے۔

و اما استعمال آنیة الذهب و الفضة، پس تواں دانست کہ اصل حل است۔ چنانکہ آیت کریمہ، ﴿هو الذی خلق لکم ما فی الارض جمیعا﴾ وقولہ قل من حرم زینة الله التی اخرج لعباده من الطیبات من الرزق افادہ ۔ آں می کند پس منقول نہ شود ازیں اصل مدلول علیہ بعموم کتاب عزیز، مگر ہماں چیز کہ دلیل صحیحش خاص کند و دلیل دریں جا خاص نہ کردہ مگر اکل وشرب در آوندہائے زر و سیم وگلی بذھب را بر رجال، (بدور الاھلۃ، ص ۳۵۳، ۳۵۴) (دیکھئے ضمیمہ ص ۱۱۰، ۱۱۱)

یعنی سونے چاندی کے برتنوں کا استعمال مذکورہ دونوں قرآنی آیتوں کے مطابق اصلاً حلال ہونا چاہئے کیونکہ دونوں آیات کے عموم سے یہی مستفاد ہوتا ہے اور اس اصل سے وہی چیز مستثنیٰ اور مخصوص مانی جاسکتی ہے جس کا مخصوص ومستثنیٰ ہونا صحیح دلیل سے ثابت ہو اور سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے کو دوسری شرعی دلیل ::::::::

رسول اللہ ﷺ الذی یشرب فی أنیة الفضة انما یجرجر فی بطنه نار جهنم "(۱) یعنی ان برتنوں میں کھانا پینا پیٹ میں آگ جہنم بھرنا ہے باقی رہا اور استعمال تو اس کی بابت آپ نے جو کچھ بدور الاہلۃ میں لکھا ہوا دیکھا ہے میں نے وہی آپ کے مذہب کی مختار کتاب درمختار میں دیکھا ہے "یتجمل باوانی ذهب وفضة "(۲) یعنی سونے چاندی کے برتنوں سے زینت کرنا بلا تفاخر جائز و درست ہے۔

نمبر۲۰: میں مولوی صاحب نے اپنے ہاں کے ایک مسئلہ کو غلطی سے یا تعمداً ہماری طرف منسوب کردیا ہے، لکھتے ہیں کہ "غیر مقلدین کے نزدیک اپنی زنا کی لڑکی سے نکاح جائز ہے،

ہم تو اسے بدلیل بناتکم (۳) حرام کہتے ہیں، البتہ حنفی مذہب کی کتاب درمختار کے ترجمہ غایۃ الاوطار میں ہے کہ مطلقہ عورت کی لڑکی سے نکاح جائز ہے، (۴) بلکہ حنفی مذہب میں اگر کسی بیگانی عورت کو دو جھوٹے گواہ قاضی کے سامنے پیش کرکے لے لے تو اس سے وطی کرنے میں نہ تو اس پر حد شرعی دنیا میں ہے نہ آخرت میں اس پر کوئی سرزنش ہے۔

:::::::نے حرام کیا ہے نیز مردوں پر سونے کے زیورکا استعمال بھی، لہٰذا سونے و چاندی کے برتنوں کا کھانے پینے کے لئے استعمال کرنا مطلقاً حرام ہے حتیٰ کہ جن غیر سونے و چاندی کے برتنوں پر سونے و چاندی کا پانی چڑھا ہو ان کا استعمال کرنا بھی حرام وممنوع ہے۔

بدور الاہلۃ کے مصنف سونے چاندی کے برتنوں کے استعمال کو جائز کیوں کہیں گے جبکہ انھوں نے اپنی تصنیف میں ان برتنوں کی تجارت اور خرید و فروخت کو مطلقاً حرام لکھا ہے۔ دیکھئے دلیل الطالب، ص ۵۷۵، ۵۷۶۔

(۱) بخاری ج ۱ صـ ۸۴۲ کتاب الاشربة باب الشرب فی انية الذهب. مسلم ج ۲، صـ ۱۸۸، کتاب اللباس والزینة باب تحریم استعمال اوانی الذهب والفضة فی الشرب وغیره علی الرجال و النساء.

(۲) درمختار ج ۲، ص ۲۳۹، کتاب الحظر والاباحة.

(۳) النساء ۴/۲۳

(۴) درمختار ج ۱ صـ ۱۸۸ کتاب النکاح

ملاحظہ ہو ہدایہ، دُرمختار (۱) اور فقہ کی تمام کتابیں، ہر ایک میں یہی ہے، مولوی صاحب آپ جسے حلوائے بے دود سمجھے ہیں وہ چیونٹیوں بھرا کباب ہے،

نمبر ۲۱: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے ہاں مشت زنی کرنی یا کسی اور چیز سے مثل جمادات کے منی کا خارج کرنا اس شخص کو جس کی بیوی وغیرہ نہیں، مباح ہے پھر بعض مرتبہ مستحب ہو جاتا ہے اور کبھی واجب ہو جاتا ہے،

جناب من!

شراب تعصب ملی تم کو ستی
بہت پی گئے لگ گئی فاقہ مستی

ہم تو اسے حرام اور مطلق حرام کہتے ہیں قال اللہ عزوجل "فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ" (۲) یعنی جو شخص اپنی بیاہتا اور لونڈی کے سوا کسی اور طرح شہوت رانی کرے وہ خدائی حدود سے تجاوز کرنے والا ہے، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں"

(۱) درمختار ج ۱ ص ۱۹۰ فصل فی المحرمات / هدایہ ج ۲ فصل فی بیان المحرمات
نوٹ:- اہلحدیث پر مقلدین کے اس الزام کو دوبارہ پڑھئے اور فقہ حنفی کے درج مسائل کو دیکھئے اور خود فیصلہ کر لیجئے کہ حقیقت کیا ہے اور اس فقہ کی حقیقت کیا ہے جس پر یہ دل و جان سے اس طرح فریفتہ ہیں کہ ان کے سامنے کتاب و سنت کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔
● زوجہ کو بوقت صحبت ثیبہ پایا، مرد کے دریافت کرنے پر عورت نے کہا کہ تیرے باپ نے ازالۂ بکر کیا ہے تو مرد اگر تصدیق نہ کرے تو نکاح قائم ہے، (درمختار ج ۱، ص ۱۸۸، فصل فی المحرمات)
● عورت سے وطی کی اس کی فرج و مقعد کو پھاڑ کر ایک کر دیا تو اس عورت کی ماں اس مرد پر حرام نہیں ہوگی۔ (فتاویٰ عالمگیری، ج ۱، ص ۲۷۴)
● مردہ عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے اس کی ماں حرام نہیں ہوتی۔ (فتاویٰ عالمگیری، ج ۱، ص ۲۷۵)
● سات آٹھ برس کی لڑکی سے جماع کیا تو اس لڑکی کی ماں مرد پر حرام نہیں ہوگی۔ (فتاویٰ عالمگیری، ج ۱، ص ۲۷۵)
(۲) المومنون ۲۳/ ۷

نَاكِحُ الْيَدِ مَلْعُوْنَ "(۱) یعنی مشت زنی کرنے والا ملعون ہے، بے بیوی والوں کے لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے "وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ" (۲) یعنی اس کے لئے روزہ رکھنا خصی ہونا ہے، ہاں بیشک یہ طریقہ حنفی مذہب میں پایا جاتا ہے، حنفی مذہب کی معتبر کتاب البحر الرائق میں ہے کہ امام صاحب کے نزدیک تسکین شہوت کے لئے مشت زنی کرنا جائز ہے،(۳) بلکہ شامی میں ہے "يَجِبُ لَوْخَافَ الزِّنَا" (۴) یعنی اگر زنا کا خوف ہو تو مشت زنی واجب ہے، بلکہ فتاوی قاضی خاں میں ہے کہ مشت زنی کرنے سے روزہ بھی نہیں ٹوٹتا،(۵) بلکہ طحطاوی مصری جلد اول ص:۳۸۴ میں ہے "يؤجر اذاخاف الشهوة "(۶) یعنی زنا کے خوف کے وقت مشت زنی کرنے سے ثواب ملے گا۔

سنگ بر بارۂ حصار مزن — کہ بود کز حصار سنگ آید

نمبر ۲۲ میں ہے "غیر مقلدین کے نزدیک بجو (کفتار) کھانا جائز ہے، وہ حلال ہے دیکھو عرف الجادی"

میں کہتا ہوں اس میں اعتراض کی بات کونسی تھی، دیکھئے ابوداؤد، ترمذی نسائی، ابن ماجہ وغیرہ

---

(۱) شرعة الاسلام بحواله درمختار ج ۱ ص ۱۵۰ باب مايفسد الصوم ومالايفسده / حاشيه هدايه ج ۱ ص ۲۱۷ یہ حدیث موضوع ہے ملاحظہ ہو تقريرات الرافعي ج ۳ ص ۱۴۷

(۲) بخاری ج ۲ ص ۷۵۸ کتاب النکاح باب قول النبی ﷺ من استطاع منكم الباءة .... / مسلم ج ۱ ص ۴۴۸ باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه اليه

(۳) البحر الرائق ج ۲ ص ۴۷۵ کتاب الصوم

(۴) ردالمحتار ج ۳ ص ۳۷۱ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۶۰)

ردالمحتار ہی میں ہے۔ تسکین شہوت کے لئے مشت زنی کرنے میں کوئی برائی نہیں ہے، مزید لکھتے ہیں اپنی بیوی اور اپنی لونڈی کے ہاتھوں یہ کام کرانا جائز ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ صرف یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ جواز اس شخص کے لئے ہے جو مجرد ہو جس کی بیوی لونڈی نہ ہو نہیں گو ہو لیکن پاس نہیں یا مثلاً حیض میں ہو تو بھی یہ کام کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیل کے لئے سیف محمدی حاشیہ مولانا حافظ ابو سہیل انصاری مطبوعہ اہلحدیث اکیڈمی، مئو ملاحظہ فرمائیں۔

(۵) ملاحظہ ہو فتاوی قاضی خاں ج ۱ ص ۹۸ / هدايه ج ۱ ص ۲۱۷ / شرح وقايه ۲۴۸ / درمختار ج ۱ ص ۱۵۰ / بدائع الصنائع ج ۲ ص ۲۴۴

(۶) درمختار ج ۱ ص ۱۵۰ میں ہے "ولو خاف الزنا يرجى ان لاوبال عليه ، اگر زنا کا خوف ہو تو مشت زنی کرنے میں کوئی وبال ہی نہیں۔ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۴۱)

کتب حدیث میں ہے "عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَنْهُ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ عَنِ الضَّبُعِ فَقَالَ هُوَ صَيْدٌ" (۱) یعنی حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کفتار حلال ہے آپ نے فرمایا ہاں وہ شکار ہے (یعنی حلال ہے)۔

امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے، حضرت عبداللہ بن عباسؓ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، عطاءؒ، امام شافعیؒ، امام احمد بن حنبلؒ، اسحاقؒ ابوثورؒ وغیرہ اسے حلال کہتے ہیں، (۲) امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "مَازَالَ النَّاسُ يَأْكُلُوْنَهَا وَيَبِيْعُوْنَهَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مِنْ غَيْرِ نَكِيْرٍ" (۳) یعنی لوگ اسے کھاتے رہے ہیں اور اس کی خرید وفروخت مسلمانوں میں صفا ومروہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں بغیر کسی انکار کے ہوتی رہتی ہے، (عون المعبود ملخصاً) جس کی حلت حدیث سے ثابت ہے اسے تو حلال کہتے ہوئے آپ کو درد معلوم ہوتا ہے، اور حنفی مذہب میں تو الو بھی حلال ہے، دیکھئے شامی میں ہے "عندنا يؤكل الخطاف والبوم" (۴) یعنی حنفی مذہب میں چمگادڑ اور الو حلال ہے۔

نمبر ۲۳: میں اعتراض ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک قربانی میں اگر ایک بکری میں ہزار آدمی بھی شریک ہوں تو جائز ہے (عرف الجادی ص: ۲۱۵)

میں کہتا ہوں جھوٹ کو سچ کر دکھانا کوئی ان سے سیکھ جائے، عرف الجادی ہمارے سامنے

(۱) ترمذی ج ۲ ص ۱ ابواب الاطعمة باب ماجاء فی اکل الضبع / ابوداؤد صـ ۵۳۳ باب فی اکل الضبع / نسائی ج ۲ صـ ۱۷۶ کتاب الصید والذبائح / ابن ماجه ج ۲ صـ ۱۰۷۸ باب الضبع کتاب الصید۔

(۲) ملاحظہ ہو عون المعبود ج ۵ صـ ۱۹۶

(۳) ایضاً

(۴) رد المختار ج ۹، صـ ۴۴۴، کتاب الذبائح (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۶۶)

موجود ہے اس صفحہ میں اس عبارت کا کہیں نام ونشان بھی نہیں بلکہ اس پوری بحث میں کہیں بھی یہ عبارت نہیں ،(۱) مولوی صاحب نہ جانیں کیوں حنفیت کو بٹہ لگاتے ہیں؟ اپنے ہم مذہب مولویوں کا نہ جانیں کس بنا پر اعتبار کھوتے ہیں؟

چو از قومے یکے بیدانشی کرد

نہ کہہ را منزلت ماند نہ مہ را

آپ اپنے گھر کی خبر لیجئے ، دیکھئے حنفی مذہب میں ہے کہ جس کے پاس مال قابلِ زکوٰۃ نہ ہو وہ قربانی ہی نہ کرے۔(۲) (شاید مسئلہ مذکورۂ بالا) دراصل یوں ہوگا کہ ایک گھر کی طرف سے ایک بکری کی قربانی کافی ہے خواہ وہ تعداد میں کتنے ہی ہوں ، اگر یہی ہو تو یہ کوئی قابل اعتراض امر نہیں، دیکھئے ابن ماجہ میں ہے "کَانَ الرَّجُلُ فِیْ عَھْدِ النبیِ صلی اللہ علیہ وسلم یُضَحِّیْ بالشَّاۃِ عَنْہُ وَعَنْ اَھْلِ بَیْتِہٖ "(۳) یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہر شخص اپنی اور اپنے تمام گھر والوں کی طرف سے ایک بکری قربان کیا کرتا تھا۔

نمبر۲۴: غیر مقلدین کے نزدیک زیارتِ قبر نبوی کے واسطے مدینہ منورہ جانا جائز نہیں۔

میں کہتا ہوں یہ عبارت عرف الجادی جس کا حوالہ دیا گیا ہے اس میں نہیں ، بلکہ صریح تہمت ہے، مولوی جی کی غرض اس لایعنی اور مبہم عبارت سے یہ ہے کہ وہ لوگوں کو ہماری دشمنی پر

(۱) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص۱۲۰۔

(۲) ھدایه ج۴ ص ۴۴۳ ، ۴۴۴ کتاب الاضحیة/نور الهدایه ترجمه شرح وقایه ج۴ ص ۵۰ کتاب الاضحیة .

(۳) ابن ماجه ج۲ ص ۱۰۵۱ کتاب الاضاحی باب من ضحی بشاة عن اهله / ابوداؤد ص ۳۸۸ باب فی الشاة یضحی بها عن جماعة میں ہے "عن جابر بن عبدالله قال شهدت مع رسول الله الاضحی فی المصلی فلما قضی خطبته نزل من منبره واتی بکبش فذبحه رسول الله بیده وقال بسم الله والله اکبر هذا عنی وعمن لم یضح من امتی .

برانگیختہ کریں کہ دیکھو اہل حدیث رسول اللہ ﷺ کے دشمن ہیں یہاں تک کہ آپ کی قبر کی زیارت کرنے کو بھی منع کرتے ہیں، مگر مولوی صاحب کو بحمد اللہ پالا ایسے شخص سے پڑا ہے کہ وہ بخیہ ادھیڑ کرر کھ دے گا

انا صخرة الوادی اذا مازوحمت

واذا نطقت فاننی الجــوزاء

ہم کہتے ہیں خدا لعنت کرے اس مردود پر جو زیارت قبر نبوی کو منع کرتا ہو اور صدہا لعنتیں نازل ہوں اس پر جو مسلمانوں میں پھوٹ ڈلوانے کے لئے کسی پر تراش تراش کر تہمتیں رکھتا ہو۔ ہم زیارتِ قبر نبوی سے نہیں روکتے، بلکہ ہم تو ادنیٰ مومنوں کی زیارت قبر کو بھی مسنون کہتے ہیں، نزاع تو صرف اس میں ہے کہ باہر کا جو شخص مدینہ منورہ جانا چاہے وہ زیارت قبر نبوی کی نیت سے جائے؟ یا مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی نیت کر کے جائے؟ ہم کہتے ہیں کہ بہ نیت نماز مسجد نبوی سفر کرے دلیل اس کی حدیث صحیح متفق علیہ ہے کہ "لاتشد الرحال الاالی ثلثة مساجد" (۱) یعنی حرم نبوی (مدینہ مکرمہ کی مسجد نبوی) اور حرم خلیلی (مکہ مکرمہ کی مسجد بیت اللہ) اور مسجد سلیمانی (یعنی بیت المقدس کی مسجد) ان تین مسجدوں کے سوا اور جگہ کا سفر کرنا، بہ نیت تقرب الی اللہ وتبرک حرام ہے۔

حدیث مندرجۂ بالا کا صحیح مطلب بتلانے والی ایک روایت بہ سند صحیح موطا امام مالک میں موجود ہے کہ حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ طور پہاڑ کی زیارت کو گئے تھے وہاں سے واپس آتے ہوئے حضرت بصرہ بن ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی انھوں نے کہا اگر مجھے پہلے سے معلوم ہوتا تو میں آپ کو طور کی زیارت کے لئے نہ جانے دیتا، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ سوا بیت اللہ اور مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کے کسی اور جگہ

(۱) بخاری ج ۱ ص ۱۵۸ کتاب التهجد باب فضل الصلوٰة فی مسجد مكة والمدينة / مسلم ج ۱ ص ۴۴۷ كتاب الحج باب فضل المساجد الثلاثة / نسائی ج ۱ ص ۸۱ ماتشد الرحال / ترمذی ج ۱ ص ۷۵ باب ماجاء فی ای المساجد افضل / ابن ماجه ج ۱ ص ۴۵۲ باب ماجاء فی الصلوٰة فی مسجد بيت المقدس

(بقصدزیارت وتقرب الی اللّٰہ) سفر کرنا حرام ہے،(۱)اس روایت سے معلوم ہوا کہ مواضع متبرکہ کی طرف خاصۃً وقصداً بہ نیت حصول تبرک وتقرب الی اللہ سفر کرنے سے حدیث میں ممانعت ہے چاہے وہ کوئی مسجد ہو یا غیر مسجد، اب چونکہ ہمیں اس جگہ اختصار اور بہت ہی اختصار مطلوب ہے اس لئے آپ کے مسلّم بزرگوں کے اقوال آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں اور پھر آپ کو بطوع خاطر اجازت دیتے ہیں کہ ان قائلین کو اوران کے بعد ہم کو خوب پانی پی پی کر کوسئے، شاہ ولی اللہ علیہ الرحمۃ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں " والحق عندی ان القبر ومحل عبادۃ ولی من اولیآء اللّٰہ والطور سواء فی النھی "(۲) یعنی میرے نزدیک حق مسئلہ یہ ہے کہ ہر ایک تھان چلہ، خانقاہ اور جائے عبادت کسی ولی اللہ کی اور طور سب کی زیارت کے لئے سفر کر کے قصداً جانا اس حدیث سے ممنوع ثابت ہوتا ہے، اور طوالع الانوار حاشیہ درمختار میں ہے کہ امام الحرمین اپنے شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ "سفر برائے زیارت قبور اولیاء وصلحاء وانبیاء دو طرح سے خالی نہ ہوگا یا تو وہاں جا کر زائر خلافِ شرع تعظیمیں کرے گا جو شرک ہیں اس وجہ سے یہ سفر حرام ہے اور اگر نہ کرے تو اس سفر کی کراہیت میں تو کچھ شک نہیں (ملخصا) شاہ عبدالعزیزؒ نے بھی ان تین جگہوں کے سوا سب کو نہی میں داخل کر رکھا ہے، فتح القدیر، فتاوی عالمگیری، درمختار وغیرہ کتب میں بھی یہی لکھا ہے،(۳) ملاعلی قاری حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں "ذھب بعض العلماء الی الاستدلال بہ علی المنع من الرحلۃ لزیارۃ المشاھد وقبور العلماء والصالحین "(۴)

---

(۱) ملاحظہ ہو موطا امام مالک ص ۳۸ باب ماجاء فی الساعۃ فی یوم الجمعۃ۔ الفاظ یہ ہیں "عن ابی ھریرۃ انہ قال خرجت الی الطور......فلقیت بصرۃ بن ابی بصرۃ الغفاری فقال من این اقبلت فقلت من الطور فقال لو ادرکتک قبل ان تخرج الیہ ماخرجت سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول لاتعمل المطی الا الی ثلثۃ مساجد الی المسجد الحرام والی مسجدی ھذا اوالی مسجد ایلیاء اوبیت المقدس .

(۲) حجۃ اللہ البالغہ ج ۱ ص ۱۹۲

(۳) رد المحتار ج ۲، صـ ۲۳۲ (دیکھیں ضمیمہ ص۱۵۸)

(۴) مرقاۃ المفاتیح لملاعلی قاری حنفی بحوالہ حاشیہ مشکوٰۃ صـ ۶۸ حاشیہ ۱

شاہ ولی اللہ کی عبارت کا اور اس عبارت کا خلاصہ قریب قریب ہے یعنی بزرگوں کے عبادت خانے اور اولیاء اللہ کی قبریں وغیرہ کی طرف اس قسم کا سفر کرنا ممنوع ہے، یہ تو تھی ہماری برأت، اب آپ اپنے ہاں کی سنئے اور بغور سنئے! پھر اپنے صحیح دماغ سے فیصلہ دیجئے کہ دشمنان رسول ہم ہیں؟

حنفی مذہب میں ہے کہ مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفاً وتعظیماً حرم (قابل عزت وحرمت جگہ) نہیں، ملاحظہ ہو ترجمہ مشکوٰۃ عبدالحی غیرہ۔ اور ہم اہل حدیث اسے حرم کہتے ہیں کیونکہ بخاری مسلم وغیرہ میں فرمان رسول ﷺ موجود ہے کہ "المدینۃ حرم"[1] یہ تو ہے حرم نبوی کی عزت، اب ہم بتلائیں کہ پیغمبر خدا ﷺ فداہ ابی وامی کی عزت کا پاس حنفی مذہب فقہ کی کتابوں میں کس قدر ہے، ردالمحتار کنز، شرح وقایہ، درمختار وغیرہ معتبر کتب فقہ واحناف میں ہے کہ اگر ذمی کافر رسول اللہ ﷺ کو گالی دے تو وہ قابل قتل نہیں، نہ اس کا ذمہ ٹوٹتا ہے،(۲) انا للہ وانا الیہ راجعون ۔کوئی صاحب مجھ سے ناراض نہ ہوں اول تو میں نے صحیح حوالہ جات سے اس بات کو ثابت کیا ہے، مولوی صاحب کی طرح غلط حوالوں سے بات کا بتنگڑ بنا کر بلاوجہ سخت سست الفاظ سے کسی کی جگر خراشی نہیں کی، نہ مولوی صاحب کی طرح تمسخر آمیز لہجہ اختیار کیا ہے، دوسرے میں بالفرض نہ بھی لکھوں تو اصل کتابوں میں لکھا ہوا موجود ہے۔ بہ خدائے لایزال میرا مقصود اس سے یہ ہے کہ بندگان خدا فقہ پرستی چھوڑ دیں اور اہل حدیث کے ذمہ بری تہمتیں نہ تراشیں کہ پھر اہل حدیث ایسے ہی مسائل ان کی اصل مذہبی کتابوں سے دکھانے پر مجبور ہو جائیں اور جب یہ ہوا تو ناظرین کو چاہئے کہ جس مذہب میں ایسے مسائل ہوں اس مذہب کو چھوڑ کر اس مذہب کو اختیار کریں جو ان مسائل سے پاک ہو، اہل حدیث کے نزدیک تو جو شخص حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کرے وہ شرعاً

---

(۱) بخاری ج ۱ صـ ۲۵۱ باب حرم المدینۃ / مسلم ج ۱ صـ ۴۴۲ باب فضل المدینۃ و...

(۲) درمختار ج ۱ صـ ۳۵۳ فصل فی الجزیۃ / ردالمحتار ج ۶ صـ ۳۴۵ باب العشر والخراج والجزیۃ / شرح وقایہ ج ۲ صـ ۳۲۳ فصل الجزیۃ / ھدایہ ج ۲ صـ ۵۹۸ کتاب السیر باب الجزیۃ / قدوری صـ ۲۷۳

گردن زدنی ہے(۱) مسلم بادشاہ وقت اسی وقت اس پر قتل کا حکم جاری کردے گا۔

نمبر ۲۵: میں لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک اگر کسی کافر نے کفر کی حالت میں منت مانی تھی تو اسلام لانے کے بعد اس کا پورا کرنا واجب ہے۔

یہ اعتراض مولوی صاحب نے علم حدیث نہ ہونے کی وجہ سے کیا ہے، ایسے ہی اعتراضوں سے معلوم ہوجاتا ہے کہ حنفی اور محمدی میں کتنا اور کیا فرق ہے؟ دیکھئے حضرت عمر بن خطابؓ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ حضور ﷺ میں نے زمانۂ جاہلیت میں نذر مانی تھی کہ میں ایک رات مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا، اگر ارشاد ہو تو نذر پوری کروں؟ آپ نے فرمایا "اَوْفِ بِنَذْرِكَ" تم شوق سے اپنی نذر پوری کرو (بخاری مسلم) (۲) اس صحیح اور صریح حدیث کے مطابق اہل حدیث کا مذہب ہے کہ جو شخص زمانۂ کفر میں کوئی نذر مانے اور وہ خلاف اسلام نہ ہو تو وہ اسے مسلمان ہونے کے بعد وفا کرسکتا ہے، اب مولوی صاحب اگر اس مسئلہ میں جھگڑنا چاہیں اور طعن و تشنیع کرنا چاہیں

---

(۱) ابوداؤد میں ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک یہودیہ نبی ﷺ کو گالی دیتی تھی اور آپ کی توہین کرتی تھی ایک آدمی نے اس کا گلا گھونٹ دیا اور وہ مرگئی نبی ﷺ نے اس کے خون کو رائیگاں کردیا، ملاحظہ ہو ابوداؤد صـ ۶۰۰ کتاب الحدود باب الحکم فیمن سب النبی ﷺ.

اسی طرح ابوداؤد ہی میں ہے ان اعمی کانت لہ ام ولد تشتم النبی ﷺ وتقع فیہ فینھاھا فلاتنتھی ویزجرھا فلاتنزجر قال فلما کانت ذات لیلۃ جعلت تقع فی النبی ﷺ وتشتمہ فاخذ المغول فوضعہ فی بطنھا واتکأ علیھا فقتلھا (ابوداؤد ۵۹۹ کتاب الحدود باب فیمن سب النبی ﷺ اور بین السطور میں ہے وفیہ ان الذمی الساب یحل قتلہ یعنی گالی دینے والے ذمی کا قتل جائز ہے۔

(۲) بخاری ج ۲ ص: ۹۹۱ کتاب الایمان والنذور باب اذا نذر اوحلف الایکلم انسانا. وج ا صـ ۲۷۲ باب الاعتکاف لیلاً/ مسلم ج ۲ صـ ۵۰ کتاب النذر باب نذر الکافر ومایفعل فیہ اذا اسلم

توشوق سے کریں مگر یہ خیال رہے "فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ" (۱) فرمان رسالت مآب کا خلاف کرنے والے اللہ تعالیٰ کے دردناک عذاب اورزبردست فتنے سے ڈرتے رہا کریں،

مولوی صاحب یہ تو آپ پر بھاری پڑا، اوردن رات دھبادھب جونذریں اورمنتیں قبروں اورتعزیوں پراترتی ہیں، کبھی آپ کے اورآپ جیسے اوروں کے اوپر بھاری پڑیں؟

عبادت کا یہ طریقہ آپ کو بہت ناپسند ہے اس پرخوب لے دے کی ہے، لیکن غالباً کیا بلکہ یقیناً وہ طریقہ تو آپ کو بہت ہی پسند ہوگا بلکہ اس کے پسند نہ کرنے والوں کوآپ ناپسند کرتے ہیں جو حنفی مذہب کی فقہ کی کتابوں میں مذکور ہے کہ شراب بنانے والے کے ہاتھ شیرۂ انگور بیچنا اورگرجا گھر عیسائیوں کے عبادت خانے بنانے والے کے ہاتھ اس کے لئے زمین بیچنا اور پارسیوں کے عبادت خانوں آتش کدوں کے بنانے کے لئے زمین بیچنا جائز ہے ،ملاحظہ ہو فتاویٰ خانیہ جلد ثانی ص: ۲۵۵ (۲) کہئے ان کے ہاتھ زمین بیچ کراس میں صلیب پرستی اورآتش پرستی کرانے میں تو عین خدا کی رضامندی حاصل ہوتی ہوگی۔

نمبر ۲۶: میں اعتراض ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک پانی خواہ تھوڑا ہو خواہ بہت، جب تک کہ نجاست کی وجہ سے اس کا رنگ یا مزہ یا بونہ بگڑے تب تک وہ پاک ہے، اورص: ۶ میں اس مسئلہ پرآپ نے دل کھول کر مضحکہ اڑایا ہے۔

بات یہ ہے کہ کاٹھیاواڑ کی طرف کچھ لوگ اس خیال کے ہیں کہ وہ کسی کو دیندار اورعالم اورمولوی نہیں سمجھتے جب تک کہ وہ اہل حدیث پردس بیس پھبتیاں نہ اڑائے ، کچھ برا بھلا نہ کہے سوپچاس تہمتیں نہ رکھے، ان باتوں میں جو شخص جس قدر بڑھا ہوا ہواسی قدر اس کی عزت

(۱) النور ۲۴/ ۶۳

(۲) درمختار ج۲ صـ ۲۴۶ ،۲۴۷ فصل فی البیع /فتاوی عالمگیری ج۳ صـ ۱۱۶ / نورالهدایه ترجمه شرح وقایه ج۳ صـ ۳۹

ووقعت ہوتی ہے، یہ حضرات بھی شاید اس فہرست میں اپنا نام لکھانے کی کوشش میں ہیں۔

پانی کے بارے میں اہل حدیث کا صحیح مسئلہ یہ ہے کہ پانی جب دو قلے ہو اور کسی نجاست کے گرنے کی وجہ سے اس کا رنگ یا بو یا مزہ بگڑ گیا ہو تو وہ ناپاک ہے اور جب تک رنگ یا بو یا مزہ نہ پلٹے تب تک وہ پاک ہے، دلائل ملاحظہ ہوں "اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث" (ابوداؤد)(۱) اور فرمایا "لاینجسه شیء الا ماغلب علی ریحه وطعمه ولونه" (ابن ماجه)(۲) ایک اور حدیث میں آیا "بنجاسة تحدث فیه (بیہقی)(۳) تینوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ جب پانی دو قلے ہو جائے اور پھر کسی نجس چیز کے گرنے کی وجہ سے جب تک اس کا رنگ یا مزہ یا بو نہ بدلے پاک ہے، امام شافعیؒ امام احمد بن حنبل اور امام اسحاق کا یہی مذہب ہے (ترمذی)(۴) بلکہ تلخیص اور نیل میں اس پر اجماع نقل کیا ہے، (۵) یہ تو تھا ہمارے ہاں کا مسئلہ اور اس کے دلائل، اب آپ کے ہاں کا مسئلہ سنئے اور اس کے دلائل تلاش کیجئے، حنفی مذہب میں ہے کہ گدھیا کا دودھ پاک ہے(۶) دہ دردہ پانی جس میں سے اگر لپ بھریں تو زمین نظر نہ آئے اس میں چاہے کسی قدر نجاست پڑ جائے کوئی حرج نہیں، پاک ہے(۷) عالمگیری میں ہے " اذا صب الخمر فی المرقة ثم الخل اذا صارت المرقة کالخل فی الحموضة طهرت "(۸) یعنی شوربے میں شراب ڈالی

(۱) ابوداؤد ص ۹ کتاب الطهارة باب ماینجس الماء / ترمذی ج ۱ ص ۲۱ کتاب الطهارة / ابن ماجة ج ۱ ص ۱۷۲ باب مقدار الماء الذی لاینجس

(۲) ابن ماجة ج ۱ ۱۷۴ باب الحیاض

(۳) بیهقی ج ۱ ص ۲۵۶

(۴) ترمذی ج ۱ ص ۲۱

(۵) نیل الاوطار ج ۱ ص ۲۹

(۶) لبن الاتان طاهر فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۴۶ / منیة المصلی ص ۵۷ فصل فی الآسار / عین الهدایه ج ۱، ص ۱۱۹

(۷) درمختار ج ۱ ص ۳۶ باب المیاه / هدایه ج ۱ ص ۳۶ / شرح وقایه ج ۱ ص ۸۰ کتاب الطهارة

(۸) فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۲۷

پھر سرکہ ڈالا اگر وہ مزے میں سرکے کی طرح کھٹا ہو تو پاک صاف طیب طاہر ہے۔

نمبر۲۷: میں الزام دیا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک نمازی کے کپڑوں کے واسطے طہارت شرط نہیں، حوالہ دیا ہے عرف الجادی ص:۳۲ اور دلیل الطالب ص:۲۶۴ کا۔

مولوی صاحب کی یہ بھی ایک سنسنی خیز جھوٹ ہے، عرف الجادی کے صفحہ مذکور میں تو اس بحث کا نام ونشان بھی نہیں وہاں تو نماز کے بعد کی بعض دعاؤں اور سجدہ سہو وسجدۂ تلاوت کی بحث ہے(۱)، خدا جانے اب تک میں نے مولوی صاحب کے کتنے جھوٹ ثابت کئے اور آگے چل کر کیا کچھ گل کھلائیں گے۔

حیا وشرم　ندامت　اگر　کہیں　بکتی
تو ہم مول لیتے کسی اپنے مہرباں کے لئے

باقی رہی کتاب دلیل الطالب اس میں اس بحث کا خلاصہ ص:۲۶۴ میں اس طرح لکھا ہے
"مارا شکے در وجوب طہارت ثیاب درحال صلوٰۃ واثم مصلی باثواب متنجسہ بنا برادلہ مذکورہ نیست"
یعنی ہمیں نمازی کے کپڑوں کی طہارت کے وجوب میں اور جو شخص نجس کپڑوں میں نماز پڑھے اس کے گنہ گار ہونے میں کوئی شک نہیں۔ آگے رہا نماز کا نہ ہونا تو یہ امر دیگر ہے، میں حیران ہوں کہ جو شخص اپنی آنکھ کا شہتیر نہ دیکھ سکتا ہو وہ دوسروں کی آنکھ کے تنکے کو دیکھنے کی کیوں کوشش کرتا ہے؟ حنفی مذہب میں ہے کہ اگر کپڑے پر پاخانہ یا پیشاب وغیرہ جیسی غلیظ نجاست بقدر ایک درہم کے لگی ہو تو نماز ہو جاتی ہے، ملاحظہ ہو ہدایہ شرح وقایہ وغیرہ، (۲) بلکہ طحطاوی مصری جلد اول ص۸۹ میں بلی کے پیشاب کو بھی جو کپڑوں پر گردے پاک مانا ہے۔(۳)

---

(۱) ملاحظہ ہو ضمیمہ ص۱۱۶
(۲) ھدایہ ج ا صـ ۷۴ / شرح وقایہ ج ا صـ ۱۲۴ / بدائع الصنائع ج ا صـ ۲۳۳ / البحر الرائق ج ا صـ ۳۹۵ / فتاوی عالمگیری ج ا صـ ۴۵
(۳) طحطاوی ص ۲۲۲ / فتاوی قاضی خان ج ا ص ۱۰ / فتاوی عالمگیری ج ا ص ۴۶

نمبر ۲۸: میں اعتراض ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک نمازی کے بدن کے واسطے طہارت شرط نہیں۔

دلیل الطالب میں یہ مسئلہ بھی اسی طرح ہے جس طرح نمبر ۲۷ کا مسئلہ، ہاں البتہ حنفیوں کے نزدیک بلا روک ٹوک اس مسئلے پر عمل ہے، چنانچہ جوہرۃ النیرۃ شرح قدوری میں ہے "اذا لم یستنج بحجر ولا غیره وكانت لا يتجاوز مخرجها جازت صلوته "[1] یعنی اگر کوئی شخص پاخانہ کرنے کے بعد نہ تو پانی سے طہارت کرے نہ ڈھیلا لے اور اسی ناپاکی سمیت نماز پڑھے اور ناپاکی دبر کے حلقے سے زیادہ نہ ہو تو اس کی نماز ہو جائے گی؟

نمبر ۲۹: میں ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک بے وضو آدمی قرآن چھو سکتا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اس میں اعتراض کی بات کونسی تھی دیکھئے ترمذی، نسائی، ابوداؤد ابن ماجہ میں حدیث ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "اِنَّمَا اُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ اِذَاقُمْتُ اِلَى الصَّلٰوۃ" (۲) یعنی مجھے صرف نماز کے لئے ہی وضو کا حکم وجوباً ہے، کسی اور کام کے لئے نہیں، اور رسول اللہ ﷺ نے شاہ روم ہرقل کو جب فرمان لکھا تو اس میں آیت قرآنی "قُلْ يَـآ اَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا" (۳) لکھ بھیجی تھی حالانکہ وہ مشرک اور نجس تھا، باوضو ہونا تو ایک طرف وہ تو غالباً شرعی وضو کو جانتا بھی نہ ہوگا اور نیل الاوطار ص:۲۰۱ ج ۱ میں ہے "واما المحدث حدثاً اصغر فذهب ابن عباس والشعبی والضحاك وزيدبن علی

---

(۱) الجوهرة النيّرة ج ۱ ص ٥٦

(۲) نسائی ج ۱ باب الوضوء لكل صلوٰة

(۳) یہ آیت سورہ آل عمران ۳/ ۶ میں ہے۔ اور ہرقل کو فرمان لکھنے کا ذکر بخاری ج ۱، ص ۵ میں باب کیف کان بدء الوحی اور ص ۴۱۲ باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوۃ الخ میں ہے

والمؤید باللّٰہ والھادویۃ وقاضی القضاۃ وداؤدالی انہ یجوزلہ مس المصحف "(۱) یعنی حضرت عبداللہ بن عباسؓ، شعبیؒ، ضحاک، زید بن علیؒ مؤید باللہ ہادویہ قاضی القضاۃ اور داؤد کا مذہب ہے کہ بے وضو قرآن شریف کو چھونا جائز ہے، فتاوی ظفر خانی کو دیکھئے لکھا ہے "والصحیح من مذھب ابی حنیفۃ لایمنع المس " (۲) یعنی امام ابوحنیفہؒ کا صحیح مذہب یہ ہے کہ بلا وضو قرآن کریم کو چھونا جائز ہے، مولوی صاحب پر قرآن پاک کا بے وضو چھونا شاق گذرتا ہے، حالانکہ حنفی مذہب میں ہے کہ قرآن شریف کو فارسی، اردو، انگریزی، گجراتی، میمنی اور بنگالی وغیرہ ہر ایک عجمی زبان میں نماز کے اندر پڑھنا جائز ہے ملاحظہ ہو فتاویٰ عالمگیری وغیرہ، (۳) بلکہ امام صاحب کے اور اکثر فقہاء حنفیہ کے نزدیک حائضہ عورت کو بھی ایک آیت سے کم قرآن کا پڑھنا جائز ہے، ملاحظہ ہو فتح القدیر وغیرہ۔ (۴)

نمبر ۳۰: میں حوالہ دیا ہے عرف الجادی ص: ۲۴۴ کا اور لکھا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک خارپشت اور ضب کھانا حلال ہے۔

مولوی صاحب کو نہ جانے جھوٹ بولنے میں کئے رکعت کا ثواب ملتا ہے، اس صفحہ بھر میں ضب کا کہیں نام ونشان بھی نہیں (۵) درحقیقت مسئلہ یہی ہے دیکھئے صحیح بخاری میں ہے کہ ضب

(۱) نیل الاوطار ج ۱، ص ۲۱۶ باب ایجاب الوضوء للصلوٰۃ والطواف و مس المصحف (مطبوعہ دارالکتاب العربی، بیروت)   (۲) فتاوی ظفرخانی ص

(۳) فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۶۹ صفۃ الصلوٰۃ / فتاوی قاضی خان ج ۱ ص ۴۱ ردالمحتار ج ۲ ص ۱۸۳

(۴) منیۃ المصلی میں ہے "ولایجوز للجنب والحائض والنفساء قرأۃ القرآن یعنی آیۃ تامۃ وان قرأ مادون الآیۃ اوقرأ الفاتحۃ علی قصد الدعاء والآیات التی تشبہ الدعاء علیٰ نیۃ الدعاء یجوز وقیل یکرہ وقیل لایکرہ (منیۃ المصلی ص ۱۶) فتاوی شامی میں ہے کہ حائضہ معلمہ عورت ایک ایک کلمہ پڑھ سکتی ہے (ردالمحتار ج ۱ ص ۴۸۷)

(۵) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۲۱۔

(گوہ) رسول اللہ ﷺ کے دستر خوان پر کھائی گئی اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے "كُلُوْهُ فَإِنَّهُ حَلَالٌ" (۱) یعنی گوہ کو کھاؤ وہ حلال ہے، عون المعبود میں ہے "قال النووی اَجْمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى اَنَّ الضَّبَّ حَلَالٌ لَيْسَ بِمَكْرُوْهٍ" (۲) یعنی مسلمانوں کا گوہ کی حلت پر اجماع ہے اور ابن ملک حنفی اور امام طحاوی حنفی نے بھی اسے حلال کہا ہے (مرقاۃ ومعانی الآثار) (۳) اور خار پشت یعنی ساہی کے بارے میں ابوداؤد میں حدیث ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسے حلال کہتے تھے پھر ان کے سامنے ایک شخص نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے خبیث کہا ہے (۴) یہ ہے حدیث، اور ائمہ میں سے امام مالک اور ابن ابوثور محدث اسے حلال کہتے ہیں، (۵) بہتوں نے اسے حرام لکھا ہے، عرف الجادی میں تصریح تو نہیں مگر رجحان حرمت کو ہی دیا ہے، جس کے سمجھنے سے مولوی صاحب قاصر ہے، لکھتے ہیں: "شاید ارجح خبث اوست" (۶) نواب صاحب علیہ الرحمۃ نے دلیل الطالب کے ص: ۴۴۴ میں اسے حرام لکھا ہے لکھتے ہیں "قنفذ از خبائث است پس حرام باشد" (۷) اب سنئے حنفی مذہب میں ہے کہ اگر سورنی کے دودھ سے بکری کا بچہ پالا گیا ہو تو وہ حلال ہے (قاضی خان) (۸)

---

(۱) بخاری ج۲ ص ۸۱۲ باب ماکان النبی ﷺ لایاکل حتی یسمی له و ص ۸۳۱ باب الضب

(۲) صحیح مسلم مع النووی ج۲ ص ۱۵۱ /عون المعبود ج۵ جزء۱۰ ص ۱۹۰ مکتبه الفهیم مئو

(۳) معانی الآثار ج۲ ص ۲۹۱ میں علامہ طحاوی لکھتے ہیں "فثبت بتصحیح هٰذه الآثار انه لاباس باکل الضب وهو القول عندنا والله اعلم بالصواب /مرقاة ج۴، ص ۳۳۸

(۴) ابوداؤد ص ۵۳۲ کتاب الاطعمة باب فی اکل حشرات الارض

(۵) عون المعبود ج۵ جزء ۱۰ ص ۱۹۴ مکتبه الفهیم مئو

(۶) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۲۱۔

(۷) دیکھیں ضمیمہ ص ۱۳۶۔

(۸) درمختار ج۲ ص ۲۳۶ / فتاوی قاضی خان ج۴ ص ۸۰ کتاب الحظر والاباحة.

بلکہ عالمگیری مصری جلد سوم ص:۱۶۰ میں ہے "اذا ذبح کلبه و باع لحمه جاز"(۱) یعنی اپنے کتے کو ذبح کر کے اس کا گوشت بیچنا جائز ہے۔

نمبر ۱۳: میں ایک بڑا بھاری یہ اعتراض کیا ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک ٹخنوں کے نیچے پائجامہ پہننے والے کا وضو ٹوٹ جاتا ہے

"میں کہتا ہوں یہ کوئی نئی بات نہیں یہ آج سے چودہ سو سال پہلے کی بات ہے اور بات کس کی؟ مطاع برحق نبی اکرم ﷺ کی، تمہیں اختیار ہے جس طرح چاہو آپ کی بات پر ہنسی اڑاؤ اور مذاق کرو، مگر یہ خیال رہے "فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجاً مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيماً" (۲) یعنی آپ کی بات کو جی کھول کر اور کشادہ دلی سے نہ ماننے والا مومن نہیں، ابوداؤد میں ہے " عن ابی هريرة رضی الله عنه قال بينما رجل يصلی مسبلاً ازاره قال له رسول الله اذهب فتوضأ فذهب فتوضأ ثم جاء فقال رجل يارسول الله مالك امرته ان يتوضأ قال انه كان يصلی وهو مسبل ازاره وان الله لايقبل صلوة رجل مسبل ازاره "(۳) یعنی رسول کریم علیہ افضل الصلوۃ والتسلیم نے ایک شخص کو دیکھا کہ ٹخنے سے نیچے تہ بند لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا ہے، آپ نے فرمایا کہ جا اور نیا وضو کر، وہ گیا اور نئے سرے سے وضو کر کے پھر آیا، ایک اور شخص نے آپ سے سوال

---

(۱) فتاوی عالمگیری ج۳ ص ۱۱۵ فی بیع المحرم الصید وفی بیع المحرمات آگے لکھتے ہیں "وكذا اذا ذبح حماره وباع لحمه ويجوز بيع لحوم السباع والحمر المذبوحة فی الرواية الصحيحة . اسی طرح جب کوئی اپنا گدھا ذبح کرے اور اس کے گوشت کو بیچے تو جائز ہے، اور صحیح روایت میں درندے اور ذبح کیے ہوئے گدھے کے گوشت کو بیچنا جائز ہے۔

(۲) النساء ۴/۶۵

(۳) ابوداؤد ۵۶۵ كتاب اللباس باب ماجاء فی اسبال الازار و باب الاسبال فی الصلوٰة و نسائی كتاب الزينة. / مسند احمد ج۵ ص ۱۲۵

کیا کہ حضرت آپ نے اسے وضو دہرانے کا حکم کیوں دیا؟ فرمایا آپ نے کہ وہ اپنا تہ بند لٹکا کر نماز پڑھ رہا تھا اور ایسے شخص کی اللہ تعالیٰ نماز قبول نہیں کرتا ہے، بلکہ ایک اور حدیث میں ہے کہ ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نہ تو بات چیت کرے گا نہ اسے گناہوں سے پاک کرے گا نہ اس کی طرف نظر رحمت سے دیکھے گا اور اس کے لئے دردناک عذاب ہے (صحیح مسلم)(۱) صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے مرض الموت میں جس وقت کہ ان پر غشی پر غشی آتی تھی اور جو کچھ کھاتے پیتے تھے سب زخم کے راستے نکل جاتا تھا، ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنا کپڑا ٹخنے سے نیچے لٹکائے ہوئے ہے فرمایا اپنا کپڑا اونچا کرو، (۲) دیکھئے کس قدر تاکید کا حکم ہے، مگر آج ہم دیکھتے ہیں کہ مسلمان نام رکھ کر اللہ کے رسول کی حدیث کو قبول نہیں کرتے بلکہ اسے رد کرتے ہیں اور اس پر بھی بس نہ کر کے اس پر مذاق اور استہزاء کرتے ہیں، یہی نشانی ہے محمدی اور غیر محمدی ہونے کی۔ ولنعم ما قیل ؎

العلم میراث النبی کما — فی النص والعلمآء هم وراثه

ماخلف المختار غیر حدیثه — فینا فذاك متاعه واثاثه

فلنا الحدیث میراث نبویة — ولکل محدث بدعة احدثه

فاذا اردت حقیقة تدری — من وراثه فکرت مامیراثه

یعنی علماء نبی ﷺ کے وارث ہیں اور آپ نے سوائے حدیث کے اپنا ورثہ کچھ نہیں چھوڑا، ہمیں تو میراث نبوی یعنی حدیث کافی وافی ہے، بدعتی جانے اور اس کی بدعت، تو جب آپ کے صحیح وارثوں کو ڈھونڈنا چاہے تو پہلے آپ کی میراث کو معلوم کر لے، یہ تھا نماز کا وہ مسئلہ جو صحیح حدیث سے ثابت ہے، مگر آپ کے مذہب نے نماز کی جو صورت بنا رکھی ہے وہ ہم اسی کتاب کے ص ۳۸ میں لکھ آئے ہیں اسے دوبارہ پڑھئے اور ان کاموں کے جائز ہونے کے دلائل تلاش کیجئے۔

---

(۱) مسلم ج ۱ ص ۷۱ باب بیان غلظ تحریم اسبال الازار والمن بالعطیة......

(۲) بخاری ج ۱ ص ۵۲۴ کتاب المناقب باب قصة البیعة والاتفاق علیٰ عثمان ومقتل عمر بن الخطاب

نمبر۳۲: غیر مقلدین کے نزدیک اگر بسم اللہ نہ پڑھے تو وضو نہیں ہوتا۔

اقول، اس میں تعجب کی کون سی بات تھی؟ فرمان نبوی سے سرتابی کیسی؟ آپ فرمان رسالت مآب کو نہ مانیں نہ مانیں مگر ہمیں اور دوسروں کو آپ کیوں روکیں؟ ہم تو آپ کی بات پر عمل کرنے میں اپنی جانوں مالوں اور عزتوں تک کو قربان کر دینا اپنا فخر اور عین دین وایمان سمجھتے ہیں۔

فان ابی ووالدتی وعرضی = بعرض محمد منکم وقاء

یعنی میرے ماں باپ اور میری عزت (اور میری کل طاقتیں) محمد ﷺ کی عزت کو تمہارے ہاتھوں سے بچانے کے لئے قربان ہیں، ابوداؤد میں حدیث ہے " لا وضوء لمن لم یذکراسم اللّٰہ علیه " (۱) یعنی جو شخص بسم اللہ کہے بغیر وضو کرے اس کا وضو نہیں ہوتا، شاہ ولی اللہ صاحب حجۃ اللہ البالغۃ میں لکھتے ہیں " وھو نص علی ان التسمیة رکن او شرط " (۲) یعنی یہ حدیث نص صریح ہے اس بات میں کہ بسم اللہ کہنا وضو میں شرط ہے یا رکن ہے، حضرت امام احمد بن حنبلؒ، اور امام ابوداؤدؒ اور امام اسحاقؒ اور اہل ظاہر کا مذہب ہے کہ بسم اللہ کہنا واجب ہے (۳) اور اگر آپ کی مراد دوسرے مسئلے سے ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک بسم اللہ پڑھے بغیر جانور ذبح کیا ہوا حلال ہے تو میں کہتا ہوں یہ آپ کی عرف الجادی پر تہمت ہے، کیونکہ عرف الجادی کے ص:۲۴۷ میں لکھا ہے " ناگزیر است از ذکر نام خدا بر آں " (۴) یعنی ذبیحہ پر بسم اللہ کہنا ضروری ہے اور اگر بالفرض کسی نے لکھا ہو تو ہمیں کیا؟ ہمیں تو اللہ کی کتاب کافی وافی ہے، قال اللہ تبارک وتعالیٰ " وَلَا تَاكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ " (۵) یعنی جس جانور پر خدا کا نام نہ لیا جائے اسے نہ کھاؤ، جناب من! اب میں

(۱) ابوداؤد ص ۱۴ کتاب الطهارة باب فی التسمية علی الوضوء
(۲) حجة الله البالغة ص ۱۷۵
(۳) تحفة الاحوذی ج ۱ ص ۹۵
(۴) ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۲۲
(۵) الانعام ۶/۱۲۱

آپ کو ایک پر لطف ذبیحہ بتلاؤں، فتاویٰ قاضی خاں میں ہے "عن محمد اذا صلی علٰی جلد کلب اوذئب قد ذبح جازت صلوته " (۱) یعنی آپ کے امام محمدؒ کے نزدیک کتے اور بھیڑیئے کی کھال پر نماز جائز ہے، جبکہ وہ ذبح کر لئے جائیں تسمیہ پڑھ کر، بلکہ درمختار و فتاویٰ عالم گیری وغیرہ میں ہے کہ اگر چہ کوئی کافر چوہڑا چمار بھی کسی حرام جانور کے گلے پر چھری پھیرے تو ان کی کھال بھی حنفی مذہب میں پاک ہے، (۲) (زیادہ ظاہر قول یہی ہے بلکہ گوشت بھی پاک ہے) (۳)

نمبر ۳۳: کا جواب نمبر ۶ میں ملاحظہ ہو۔

حاصل یہ ہے کہ بہنے والا خون وضو کو توڑتا نہیں،

نمبر ۳۴: میں اعتراض ہے کہ "غیر مقلدین کے نزدیک اگر کسی شخص نے جان بوجھ کر کھا پی لیا تو اس پر روزہ توڑنے کا کفارہ نہیں فقط اس روزے کی قضا کرے"۔

مولوی صاحب کی عداوت قابل داد ہے، اہل حدیث کی دشمنی کی معراج انسان کو دشمنِ حدیث ضرور بنا دیتی ہے۔

جناب من! دیکھئے تو حدیث میں عمداً بیوی سے ملنے والے پر کفارہ ہے، کھانے پینے والے پر کوئی کفارہ سرکار محمدی سے مقرر نہیں ہوا، صحیحین وغیرہ کتب حدیث میں وارد ہوا ہے کہ جس شخص نے رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ماہ رمضان میں دن کے وقت اپنی بیوی سے جماع کیا تھا آپ نے اسے کفارہ دینے کو فرمایا کہ ایک غلام آزاد کرو اور اگر قدرت نہ ہو تو

---

(۱) فتاوی قاضی خان ج ۱ صـ ۱۰

(۲) درمختار ج ۱ صـ ۳۸ / عالمگیری ج ۱ صـ ۱۵

(۳) فتاوی قاضی خان ج ۱ صـ ۱۰ "مایطهر جلده بالدباغ یطهر لحمه بالذکوٰۃ" جس کا چمڑا دباغت سے پاک ہوتا ہے اس کا گوشت بھی ذبح سے پاک ہوتا ہے / فتاوی عالمگیری ج ۱ صـ ۱۵

دو مہینے کے پے در پے روزے رکھو اور اگر یہ بھی نہ ہوسکتا ہو تو ساٹھ مسکین کو کھانا کھلاؤ اور ایک روزہ قضا کرلو۔(۱) امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبل کا مذہب بھی یہی ہے کہ جماع کرنے والے پر کفارہ ہے کھانے پینے والے پر نہیں (ترمذی) (۲) مولوی صاحب ہمارے منھ نہ چڑھتے تو اچھا تھا، ہم پر جب انھوں نے حملہ کیا ہے تو اب ہماری بھی سنیں، حنفی مذہب میں ہے کہ اگر روزے کی حالت میں سوئی ہوئی عورت سے جماع کیا جائے تو دونوں پر روزے کا کفارہ نہیں، اسی طرح اگر دیوانی عورت سے جماع کرے جب بھی دونوں پر کفارہ نہیں، (فتاویٰ قاضی خاں) بلکہ امام زفر کے نزدیک تو روزہ بھی نہیں ٹوٹتا، عبارت یہ ہے "وکذا النائمة والمجنونة اذاجامعهما زوجهما القضآء دون الكفارة وقال زفر لايفسد صومهما" (۳) اور اس سے ایک صفحہ پہلے لکھا ہے "وان انزل فی هٰذه الوجوه كان عليهم القضآء دون الكفارةِ" (۴) اگر جانور یا مردہ عورت سے جماع کرے یا جائے مخصوص کے سوا کسی اور جگہ یا چوپائے سے جماع کرے یہاں تک کہ انزال بھی ہوتا ہم اس پر روزے کی قضا ہے کفارہ نہیں، شرم! شرم!!(۵)

---

(۱) صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۵۹ كتاب الصوم باب اذا جامع فی رمضان ولم یكن له شیٔ فتصدق علیه فلیكفر وص ۳۵۴ كتاب الهبة /ج ۲ ص ۹۹۲ كتاب الایمان والنذور ص ۸۰۸ كتاب النفقات وص ۹۱۰ كتاب الادب /مسلم ج ۱ ص ۳۵۴ /ابوداؤد ۳۳۵ / ترمذی ۱۵۴ / مسند احمد ج۲/ ۲۴۱ ، ج۶/ ۲۷۶ ، ابن ماجه ۵۳۴، موطاامام مالک ۹۷ /دارقطنی ج۲ ص ۲۰۸ /دارمی ج۲ ص ۱۹ / السنن الكبریٰ للبیهقی ج۴ ص ۲۲۱ / مصنف عبدالرزاق ج۴ ص ۱۹۴

(۲) ترمذی ج ۱ ص ۱۵۴

(۳) فتاوی قاضی خان ج ۱ ص ۹۹ فصل فیمایفسد الصوم

(۴) درمختار ج ۱ ص ۱۵۰ / فتاوی قاضی خان ج ۱ ص ۹۸

(۵) لگے ہاتھوں کچھ اور مسائل بھی سن لیں۔

☆ انگور کا دانہ اگر چبائے بغیر یوں ہی صحیح وسالم نگل کر کھا گیا تو صحیح یہ ہے کہ نہ روزہ ٹوٹتا ہے نہ کفارہ لازم آتا ہے۔(عین الہدایہ ج ۱ ص ۱۱۲۹۔)

☆ آدمی اگر خون کھاپی لے تو اس کا روزہ اگرچہ ٹوٹ جائے گا مگر کفارہ واجب نہیں ہوگا۔(عین الہدایہ، ج ۱، ص ۱۱۸۔ :::::::: ०

نمبر ۳۵: میں لکھتے ہیں کہ ”غیر مقلدین کے نزدیک مسافر کو مقیم کی اقتدا ہرگز نہ کرنی چاہئے۔“

محض غلط، سفید جھوٹ، صحیح مسلم میں ہے "کان ابن عمران صلی مع الامام صلی اربعاً واذا صلاھا وحدہ صلی رکعتین " (۱) یعنی حضرت عبداللہ بن عمرؓ جب امام کے ساتھ نماز پڑھتے تھے تو چار رکعت پڑھتے تھے اور جب اکیلے ہوتے تھے تو دو رکعت پڑھا کرتے تھے، حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مرفوعاً اس کی ہم معنیٰ روایت منقول ہے، نماز کی کتر بیونت ہم تو جانتے نہیں، ہاں حنفی مذہب میں ہے کہ اگر کوئی شخص سلام نہ پھیرے اور بجائے سلام کے گوز مار دے تو کافی ہے (ہدایہ) (۲) اسی طرح کا حنفی مذہب کی جائز نماز کا نقشہ اسی کتاب کے ص: ۳۸ میں ملاحظہ ہو۔

نمبر ۳۶: میں لکھا ہے کہ ”غیر مقلدین کے نزدیک پردے کا حکم سوائے ازواج مطہرات کے کسی کو نہیں“

شاباش ہے میرے شیر دم، غنیمت ہے جھوٹ بولنا اور پھر شرمانا مردوں کا کام نہیں، وہاں

:::::: ☆ کسی نے بھولے سے کھانا کھایا یا پانی پیا یا جماع کیا اگر اس کو گمان ہوا کہ روزہ ٹوٹ گیا پھر اس نے کھانا کھا لیا تو کفارہ لازم نہ ہوگا۔ (فتاویٰ عالمگیری، ج۱، ص۲۰۶)

☆ روزہ دار کسی غیر معشوق کی رال پی جائے تو کفارہ نہیں۔ (درمختار، ج۲، ص۳۴۵)

☆ اگر جانور کو شہوت کے ساتھ بوسہ لیا خصوصاً اس کی شرم گاہ کا بوسہ لیا تو جس نے بھی ایسا کیا مرد ہو یا عورت اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا جس کی قضا کرنی ہوگی، مگر کفارہ لازم نہیں آئے گا۔ (عین الہدایہ، ج۱، ص۱۱۶)

☆ مرد و عورت باہم ننگے ہو کر ایک دوسرے سے اپنی شرم گاہیں ملائیں یا دو مرد باہم ایسا کریں یا دو عورتیں ایسا کریں تو انزال ہونے کی صورت میں روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضا لازم ہوگی مگر کفارہ نہیں واجب ہوگا۔ (ایضاً)

☆ اگر روزہ دار نے عمداً و قصداً مکھی کھالی اور حقہ و تمباکو اور بیڑی و سگریٹ پیا تو اگرچہ روزہ ٹوٹ جائے گا اور قضا لازم آئے گی مگر کفارہ نہیں لازم آئے گا۔ (عین الہدایہ، ج۱، ص۱۱۷، ۱۱۸)

فقہ حنفی کے اس طرح کے مزید مسائل کے لئے ملاحظہ فرمائیں۔ حقیقۃ الفقہ، تحقیق شدہ ایڈیشن۔

(۱) صحیح مسلم ج ۱ ص ۲۴۲

(۲) ہدایہ ج ۱، ص ۱۳۰ /شرح وقایہ ج ۱، ص ۱۵۹ / البحر الرائق ج ۱، ص ۲۵۳

کچھ اور مسئلہ ہے یہ کچھ کہہ رہے ہیں ''من می سرایم وطنبورہ من چہ من سراید'' بنیان المرصوص میں تو ہے ''زنان در عہد نبوت متبرقعات ومتقنعات ومتلفتات بیرون خانہا می آمدند'' اور آگے لکھا ہے ''امر بغض بصر بیکدیگر آمدہ است''(۱) یعنی عورتیں رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں برقعوں اور چادروں میں لپٹی لپٹائی منہ ڈھکے ہوئے گھر سے باہر ضرورتاً نکلا کرتی تھیں اور خدائے تبارک وتعالیٰ نے مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے سے آنکھیں بند کرنے کو فرمایا ہے، پس اول تو بنیان کے ذمے تہمت، پھر اہل حدیث پر، ہمارا مذہب تو یہ ہے "وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ"(۲) وقال رسول الله ﷺ النظر سهم من سهام ابليس مسمومة (رواہ الحاکم)(۳) یعنی مومن عورتوں کو چاہئے کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں نظر ابلیس کے زہر آلود تیروں میں سے ایک تیر ہے، اب سنئے پردہ تو ایک طرف، حنفی مذہب میں ہے کہ محرمات ابدیہ ماں، بہن، بیٹی وغیرہ سے جو شخص جان بوجھ کر نکاح کرلے اور پھر ان سے جماع کرے تو اس پر حد نہیں (ہدایہ وغیرہ)(۴) حالانکہ حدیث میں ایسے شخص کو قتل کرڈالنے کا حکم ہے۔(۵)

---

(۱) البنیان المرصوص ص ۱۶۸۔ (۲) النور ۳۱/۲۴

(۳) طبرانی بحوالہ تفہیم القرآن ج۳ ص ۳۸۰

(۴) هدايه ج۲ ص ۱۶ ۵ / البحر الرائق ج۵ ص ۲۵ / فتح القدير ج۵ ص ۴۰ كتاب الحدود.

(۵) الفاظ یہ ہیں "من وقع علىٰ ذات محرم فاقتلوه، ابن ماجه ج۲ ص ۸۵۶ باب من اتىٰ ذات محرم /ترمذى ج۱ ۲۷۰ ابواب الحدود باب ماجاء فيمن يقول للآخر يامخنث.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اپنے ماموں کو دیکھا کہ وہ آں حضرت ﷺ کا بطور نشان عطا فرمایا ہوا جھنڈا لے کر کہیں جارہے ہیں میں نے پوچھا آپ کہاں جارہے ہیں فرمایا کہ مجھے جناب رسول اللہ ﷺ نے بھیجا ہے کہ ایک شخص نے اپنے باپ کی بیوی سے نکاح کرلیا ہے مجھے آپ کا حکم ہے کہ میں اس کا سر کاٹ لاؤں، نسائی دارمی میں سر کاٹنے کے ساتھ ساتھ مال بھی لے آنے کا ذکر ہے، ترمذی ج۱ ص: ۲۷۰ ابواب الحدود/ابوداؤد ص ۶۱۲ باب فى الرجل يزنى ....../نسائى ج۲ ص: ۷۰ باب نكاح مانكح الآباء /ابن ماجه ج۲ ص: ۸۶۹ باب من تزوج امرأة ابيه من بعده/ دارمى ج۲، ص ۲۰۵ باب الرجل يتزوج امرأة ابيه.

نمبر ۳۷: میں لکھا ہے کہ ”غیر مقلدین کے نزدیک تمام سر کے بال منڈوانا خلاف سنت اور خارجیوں کی علامت ہے۔“

میں کہتا ہوں

ان کنت تدری فتلک مصیبة
وان کنت لاتدری فالمصیبة اعظم

بنیان المرصوص کے اس صفحے میں تو صاف لکھا ہے ”درنہی از حلق تمام راس دلیلے نیامدہ“ (۱) یعنی پورے سر کو منڈوانے کی نہی میں کوئی دلیل نہیں آئی ہے، کتنی صاف عبارت ہے کہ اس کو اگر کسی شخص کے دماغ میں گوبر بھرا ہوا ہو تو بھی سمجھ سکتا ہے، مگر نہ جانے مولوی صاحب کو کیا ہو گیا ہے، افسوس تو یہ ہے کہ اور لوگ جو اس رسالے میں ممد و معاون تھے ان میں سے بھی کسی کی دیانت داری نے ان دھوکے بازیوں سے نہ روکا، ”قطع الوتین“ اور رسالہ ”غیر مقلدین کا مذہب“ کو کوئی صاحب کسی شخص خاص کی محنت کا نتیجہ نہ سمجھیں، یہ کاسہ گدائی کا اندوختہ ہے ہمیں بخوبی معلوم ہے کہ کن کن لوگوں نے مل کر اس کو مزور و مزخرف بنایا ہے اور یہ رسالہ کہاں سے کہاں پہنچایا گیا ہے؟ غرض یہ بھی ہم پر بہتان ہے، محمدیوں کے امام اعظم نے فرمایا ہے "احلقوا کلہ اوا ترکوا کلہ" (ابوداؤد) (۲) یعنی چاہے کل سر منڈواؤ چاہو پورے سر کے بال بڑھاؤ، ہاں رکھوانا منڈوانے سے افضل ہے، محمدی محمد ﷺ کے قول پر ہیں اگر آپ کا فرمان قابل رد ہے تو یہ فرقہ بھی قابل تردید ہے والا فلا

قرآں و حدیث مایۂ خاطر ماست — پیرایۂ جملہ باطن و ظاہر ماست
من خطبۂ سنتش بلب درشتہ ام — نقد تخنم سکۂ پیغمبر ماست

---

(۱) البنیان المرصوص ص ۱۶۹

(۲) ابوداؤد ص ۵۷۷ کتاب الترجل باب فی الصبی له ذؤابة /نسائی ج۲ ص ۲۳۴ باب الرخصة فی حلق الراس

احادیث کی سوء ادبی آپ سے ممکن ہے بلکہ قرآن کی بھی، حنفی مذہب کی اصول کی کتاب جو مدرسوں کی پڑھائی میں داخل ہے یعنی نورالانوار میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے آیت قرآن ہونے سے انکار کردے تو بھی وہ مسلمان ہی ہے" (۱)

نمبر ۳۸: میں ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک کافروں سے حیلہ کرکے ان کے شہروں میں سود لینا جائز ہے۔

"سبحانك هذا بهتان عظيم" مولوی صاحب تو آنکھیں بند کرکے اپنے مذہب کی باتوں کو ہماری طرف منسوب کرنے لگے۔

حضرت ایمان سے کہئے ہدایہ ہمارے ہاں معتبر ہے یا آپ کے ہاں؟ دیکھئے اس میں لکھا ہے کہ دارالحرب میں کافروں سے جی کھول کر سود لے سکتا ہے "لا ربوٰ بين المسلم والحربی فی دارالحرب" (۲) اور آگے لکھا ہے "کان مالهم مباح فی دارهم فبای طريق اخذه المسلم اخذمالا مباحاً" (۳) یعنی ان کے مال دارالحرب میں مسلمانوں پر مباح ہیں جس طرح لے لے وہ مباح ہے، درمختار میں ہے "لا ربوٰ بين سيد وعبده" (۴) یعنی آقا اور اس کے غلام کے درمیان سودی لین دین میں کوئی حرج نہیں، بلکہ درمختار جلد چہارم ص: ۲۰۹ اور ۲۱۰ میں سود کو مثل ماں کے دودھ کے چھ صورتوں میں حلال کیا ہے۔ (۵)

نمبر ۳۹: میں ہے کہ غیر مقلدین کے نزدیک لفظ اللہ کے ساتھ ذکر کرنا بدعت ہے"

یہ بھی بنیان المرصوص کی فارسی عبارت کو نہ سمجھنے کی آفت ہے، بنیان میں لکھا ہے کہ اذکار الٰہی کا طریقہ جو احادیث صحاح میں موجود ہے اسی طرح ذکر اللہ کرنا چاہئے، حدیث میں

(۱) نورالأنوار ص ۱۱

(۲) ہدایہ ج۳ ص ۸۶ / درمختار ج۲ ص ۴۳ / البحرالرائق ج۶ ص ۳۲۶ / قدوری ص ۸۳

(۳،۴) ایضاً (۵) درمختار ج۲ ص ۴۳ (ثبوت کے لئے دیکھیں ضمیمہ ص ۱۴۶)

لا الٰہ الا اللہ پڑھنا آیا ہے، فقط اللہ کے لفظ سے ذکر کرنا احادیث میں منقول نہیں، عبارت یہ ہے "اللہ اللہ گفتن ماثور نیست" (۱) یعنی اللہ اللہ کرنا حدیث میں نہیں آیا، آپ ہی کہہ دیجئے کہ وہ حدیث کہاں ہے؟ ذکر اللہ سے روکنے والے بلکہ غیر اللہ کا ذکر جاری کرانے والے اگر ڈھونڈنا چاہتے ہو تو آیئے میں بتلاؤں،

مذہب حنفیہ میں ہے "من آجر بيتاً يتخذ فيه بيت نار اوكنيسة اويباع فيه الخمر فلا بأس به وهذا عندابی حنيفة" (ہدایہ)(۲) یعنی مکان کو اس لئے کرایہ پر دینا کہ وہاں آتش پرستی یا صلیب پرستی یا شراب فروشی کی جائے جائز ہے امام اعظم کے نزدیک۔

نمبر ۴۰: میں ہے مولوی صاحب نے اپنی پوری طاقت سے وار کیا ہے مگر کاٹھ کی تلوار ہے، بنیان المرصوص میں بحث ہے اور ثابت کیا ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ صحابی تھے اور بہت بڑے جلیل القدر صحابی تھے ان پر لعن طعن کرنا شان اسلام سے بعید ہے، جو لڑائیاں ان کی خلیفۂ وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہوئیں ان میں وہ مصیب نہ تھے مگر اس سے وہ سب وشتم کے قابل ہرگز نہیں، اس سیدھی سی اور چھوٹی سی بات کو لے کر مولوی صاحب نے شیطان کی آنت کی طرح لمبی کر دی ہے اور لکھ مارا ہے کہ:

"غیر مقلدین کے نزدیک بعض صحابہ فاسق تھے"

"فلعنة الله على الكاذبين" آپ کے مذہب میں شرح عقائد نسفی جو کہ عقائد میں بہت معتبر سمجھی جاتی ہے اس کو دیکھئے، بنیان المرصوص سے کہیں زیادہ سخت الفاظ میں لکھا ہے، غاية امرهم البغی والخروج على الامام" (۳) یعنی ان کا انتہاء امر یہ ہے کہ انھوں نے سرکشی کی اور امام

(۱) البنیان المرصوص، ص ۱۷۳

(۲) ھدایہ ج۴ صـ ۴۷۲ / درمختار ج۲ صـ ۲۴۷

(۳) شرح عقائد نسفی صـ ۱۶۲ / توضیح ج۲ صـ ۲۶۰ میں حضرت امیر معاویہ کو بدعتی لکھا ہے، اور اس کی شرح تلویح کے اسی صفحہ پر امیر معاویہ کو باغی اسلام محاربِ اسلام اور قاتل صحابہ لکھا ہے۔ فالعياذ بالله

وقت پر چڑھائی کی، ہم تو باواز بلند علیٰ رؤس الاشہاد کہتے ہیں کہ خدایا! تو اس شقی ازلی پر اپنا غضب نازل فرما جو صحابہ کو برا بھلا کہتا ہو، پروردگار! تو اس بدنصیب کو دنیا اور آخرت میں ذلیل کر اور دوزخ کا کندہ بنا جو تیرے نبی کے جاں نثار ساتھیوں سے دل میں بغض و بیر رکھتا ہو، اب کان لگا کر سنئے!

حنفی مذہب میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ارد گرد رہنے والے سارے صحابی جن کی تعداد سیکڑوں اور ہزاروں تک ہوگی یہ سب کے سب غیر فقیہ یعنی ناسمجھ تھے (توضیح تلویح، اصول الشاشی، نور الانوار وغیرہ)(۱) بلکہ نور الانوار میں حضرت وابصہ بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مجہول العدالۃ لکھا ہے(۲) یعنی ان کی عدالت معلوم نہیں، اناللّٰہ وانا الیہ راجعون

فلیبك علی الاسلام من کان باکیاً

جس دل میں اسلام کی محبت ہو وہ جی کھول کر رو لے۔

مولوی صاحب نے اپنے مذہب کے مسائل کو اوروں کے نام رکھ کر بیان کیا ہے مگر ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش   من انداز قدت را می شناسم

بحمد اللہ مولوی صاحب کے کل اعتراضوں کا جواب ہوگیا۔ اب اگر میں مولوی صاحب کی طرح ان مسائل کو جمع کردوں جو کتب فقہ میں سے استخراج ہو سکتے ہیں تو پھر مولوی صاحب کی آنکھیں کھل جائیں اور یقیناً معلوم ہو جائے کہ مضحکۂ صبیان ہم ہیں یا وہ؟ مگر میں ایسا نہیں کرتا کیونکہ ہمیں تو اپنا دامن دھونا تھا سو ہم دھو چکے ؎

پنداشت ستمگر کہ جفا بر من کرد   بر گردن او بماند و از ما بگذشت



(۱) ملاحظہ ہو اصول الشاشی ص: ۷۵ / نور الانوار صـ ۱۸۳ / حسامی ص: ۷۵ / توضیح تلویح، صـ ۳۰۵، ۳۰۶

(۲) ملاحظہ ہو نور الانوار صـ ۱۸۴ / توضیح صـ ۳۰۵ میں حضرت فاطمہ کو بھی مجہول لکھا ہے، اسی طرح حسامی ص: ۷۵ میں وابصہ بن معبد اور حضرت سلمہ بن محبق جیسے بزرگ صحابہ کو مجہول لکھا ہے، مرجانی والے نے معقل بن سنان کو بھی مجہول لکھا ہے۔

خاتمہ

دنیا کی چیزوں پر آپ ایک سرسری نظر ڈالئے تو معلوم ہو جائے گا کہ ہر ایک شے میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے انتقام لینے کا کم وبیش مادہ رکھا ہے، کسی چیونٹی پر بھی اگر ہمارا پاؤں پڑ جاتا ہے تو وہ پلٹ کر کاٹتی ہے، اسی بنا پر کسی دوسرے شخص کی جگر خراشی کر کے بھول جانے والا ہر گز عقلمند کہلانے کا مستحق نہیں ہو سکتا، یہی وجہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے بھی ہمیں بدلہ لینے کی رخصت عطا فرمائی، چنانچہ ارشاد ہے "جَزَآءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا"[1] برائی کا بدلہ اس کے مانند برائی کرنا ہے۔

ایک فرقے کی دل آزاری اور وہ بھی بلا وجہ غلط طور پر کرنی پھر ان سے خاموشی کی امید رکھنی ایسی ہے جیسے انگارے کھا کر آسودگی طلب کرنی ہے۔

مصیبتوں کے برداشت کرنے کی بھی ایک حد ہوتی ہے ہم (اہل حدیث) اپنے بھائیوں کے اس سلوک کو اب تک نہیں بھولے جو کل تک ہمارے ساتھ ہوتا رہا، ہم کو سلام کا جواب لعنت سے دیا جاتا تھا، ہمیں ستانا اور تکالیف پہنچانا عین عبادت گنا جاتا تھا، ہم پر تہمتیں رکھنا اور برا بھلا کہنا نشانِ اسلام تھا، اللہ کے گھروں (مساجد) سے ہمیں روکا جاتا تھا، بلکہ ان بدھنیوں کو توڑ دیا جاتا تھا جن سے ہم وضو کر لیں، ان بوریوں کو جلا دیا جاتا تھا جن پر ہم خدائے تعالیٰ کے سامنے سر ٹیک دیں، اس جگہ کو دھویا جاتا تھا جہاں ہم مالکِ ہر دو جہاں کی عبادت (نماز) ادا کریں، ہماری شکلوں سے نفرت، ہماری مجلسوں سے بعد، ہماری ترقیوں سے وحشت، غرضیکہ ہماری ہر راحت سے یہاں رنج تھا، مگر ہم تھے کہ اس کسمپرسی کی حالت میں اپنے پہلو میں بجائے دل کے گویا ایک خونی بے حس بوٹی رکھے ہوئے فیصلہ تقدیر کے منتظر بیٹھے تھے، ہمارے سہاروں کی بیلیں خشک اور ہماری امیدوں کے پھول پژمردہ ہو چلے تھے، ہاں ہماری روح کو تقویت پہنچانے والا، ہماری عین ناامیدی کی حالت میں باغِ امید کو سرسبز

(۱) الشوریٰ ۴۲/۴۰

اور لہلہاتا ہوا پیش نظر کرنے والا، ہمارے اندھیرے کا اجالا، ایک اور صرف ایک یہی نغمۂ الٰہی تھا کہ "وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ"(۱) یعنی ہم پر مومنوں کی مدد کرنا برحق ہے، الحمدللہ اب ان مصیبتوں کا دور ختم ہوا، اس رات کے بعد دن نکل آیا، اب اہل حدیث کی طرف تیکھی چتونوں سے دیکھنا بھی سخت ہڈی کو دانتوں سے چبانے کے برابر ہے ؎

این قدح بشکست و آں ساقی نماند

اب بہتیروں کو گورنمنٹ کے قانون نے اور بہتیروں کو متواتر جان توڑ حملوں کی پے درپے ناکامیابیوں نے مجبور کردیا، ان کی کمر ہمت ٹوٹ گئی اور انہیں طوعاً وکرہاً اپنا مورچہ چھوڑنا پڑا، بعض وہ بھی ہیں کہ جن پر حق واضح ہوگیا اور ان کی عداوت مبدل بہ محبت ہوگئی، تاہم کچھ لوگ اب بھی ایسے ہیں کہ وہ اسی گاؤ خردہ پرانے دفتر کو کھنگال رہے ہیں اور جاگتے میں خراٹے لے رہے ہیں اور یہ تھوڑی سی خود بخود حاصل شدہ یگانگت کو دور کرنی چاہتے ہیں، مولوی مہدی حسن صاحب اور مولوی جودت صاحب کو ہی دیکھ لیجئے، بیٹھے بٹھائے آ بیل مجھے مار کی مثال کر بیٹھے، جھٹ سے ایک رسالہ آتش کا پرکالہ لکھ مارا، جس میں اس قدر بدزبانی سے کام لیا گیا ہے کہ پناہ بخدا، کہیں ہمیں بدتہذیب اور بداخلاق لکھا ہے، کہیں بدزبان اور بدعادت لکھا ہے، کہیں کچھ اور کہیں کچھ، تین صفحے تو محض ہم پر سوقیانہ پھبتیوں سے بھرے ہوئے ہیں، فالی اللہ المشتکی ؎

ما شاخ درختیم پر از میوۂ توحید ہر رہ گذرے سنگ زند عار نداریم

ایک ایک صفحہ میں نہ جانیں کتنی دفعہ غیر مقلد لکھا ہے، شاید مولوی صاحب کے نزدیک غیر مقلد کسی کو کہنا بھی جزء ایمان ہے، اس کا ٹھیک بدلہ تو یہ تھا کہ انہیں بدعتی کہا جاتا، مگر ہم اس روش پر چلنے والے نہیں، قال اللہ تبارک وتعالیٰ، وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوْا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا اَذًى كَثِيْرًا(۲) یعنی تمہیں ان کی گالیاں سننی پڑیں گی۔

---

(۱) الروم ۳۰/۴۷

(۲) ال عمران ۳/۱۸۶

اس جگہ پہنچ کر دفعۃً ذہن ایک اور بات کی طرف دوڑ جاتا ہے کہ ہمیں یہ غیر مقلد کیوں کہا جاتا ہے، اگر اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم امام ابوحنیفہؒ کی کل باتیں بلا دلیل تسلیم نہیں کرتے تو میں علیٰ وجہ البصیرت دعوے سے کہتا ہوں کہ امام صاحب کے زمانے سے لے کر آج تک کوئی ایک شخص بھی مقلد نہیں گذرا اور نہ اب ہے اور نہ قیامت تک ہوگا، کیونکہ امر محال پر تعامل بھی محال ہے، آپ حنفی مذہب کی کوئی بھی کتاب اٹھالیجئے اور اس کے اوراق الٹتے جایئے، کیا مجال جو کسی ورق کو اختلاف سے خالی پائیں، امام صاحب کے شاگرد امام صاحب کے خلاف کریں پھر ان کے بعد والے ان کا، وھلم جرا۔ ایسے اختلاف کی بین اور واضح تر مثالیں عاجز کی تصنیف کردہ کتاب طریق محمدی میں ہے، وہاں ملاحظہ کیجئے، یہ کتاب تقریباً ڈیڑھ سو صفحات کی ہے اور اس میں تقلید کی تردید سیکڑوں دلائل سے کی ہے)(۱) بیسیوں مسئلے امام صاحب کے ہیں جن کے برخلاف فتویٰ دیا جاتا ہے، صاحبین نے ان میں اختلاف کیا ہے مثلاً امام صاحب کا فتویٰ ہے کہ اذان، حج، امامت، تعلیم قرآن، تعلیم فقہ وغیرہ پر اجرت لینا جائز نہیں، (۲) صاحب شامی وغیرہ نے اس کے برخلاف فتویٰ دیا اور اسی کو آج کل احناف مانتے ہیں، (۳) مولوی

---

(۱) یہ کتاب جدید طباعت کے ساتھ منظر عام پر آ گئی ہے۔ اہلحدیث اکیڈمی سے طلب فرمائیں۔

(۲) ملاحظہ ہو ھدایہ ج۳ ص: ۳۰۳

(۳) ملاحظہ ہو رد المحتار ج ۹ ص ۷۶ کتاب الاجارۃ۔ نور الھدایہ ترجمہ شرح وقایہ ج ۴ ص ۹ / درمختار ج ۲ ص ۱۷۹ باب الاجارۃ الفاسدۃ. خود ہدایہ ہی میں آگے لکھتے ہیں" الاستیجار علیٰ تعلیم القرآن الیوم لانہ ظھر التوانی فی الامور الدینیۃ ففی الامتناع یضیع حفظ القرآن وعلیہ الفتویٰ. ھدایہ ج۳ ص ۳۰۳ / فتاوی قاضی خان میں ہے" لاباس للمعلم ان یاخذ الاجرۃ علی تعلیم القرآن فی ھذا الزمان فتاوی خان ج ۴ ص ۷۷۸ کتاب الحظر والاباحۃ ، اور اسی فتاویٰ قاضی میں ابو اللیث الحافظ کا یہ قابل ذکر فتوی بھی مرقوم ہے کہتے ہیں کہ میں تین چیزوں کا فتوی دیا کرتا تھا لیکن میں نے تینوں سے رجوع کر لیا ہے۔ ۱- معلم کے لئے تعلیم قرآن پر اجرت لینا جائز نہیں ہے۔ ۲- عالم کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ سلطان کے دربار میں جائے۔ ۳- صاحب علم کے لئے مناسب نہیں ہے کہ گاؤں و دیہات میں جا کر اہل قریہ کو وعظ و نصیحت کرے اور وہ لوگ اس کے لئے کچھ ہدیہ تحفہ جمع کریں، لیکن اب میں نے ان تینوں سے رجوع کر لیا ہے اگر بچے کا باپ معلم یا مودب کو کچھ دے تو کچھ حرج نہیں بلکہ مستحب ہے (فتاویٰ قاضی خان ج ۴ ص ۷۷۹ - ۷۷۸ کتاب الحظر والاباحۃ)

مہدی حسن صاحب بھی جو اجرت پڑھائی پر لیتے ہیں یہ امام صاحب کے نزدیک تو حرام ہے اسی طرح عقیقے کو امام صاحب ناجائز بتلاتے ہیں اور پچھلوں کا اس کے خلاف تعامل ہے،(۱) مفقود الخبر کی عورت کے بارے میں غالباً کل حنفی اپنے امام صاحب سے الگ ہیں (۲) وغیرہ وغیرہ بہت سے مسائل ہیں جنہیں میں نے مع حوالہ اپنی کتاب طریق محمدی میں بیان کردیئے ہیں،(۳) غرضیکہ اس معنیٰ کا کوئی مقلد دنیا میں نہیں۔ پھر ہمیں کو اس خطاب کے ساتھ مخصوص کرنے کی کیا وجہ؟ اور اگر اس لئے ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم حدیث پر عمل کرتے ہیں تو خیر کہتے رہیئے۔

ان کان حب ال محمد رفضاً

فلیشهد الثقلان انی رافض

مگر پھر بھی میں یہ ضرور کہوں گا کہ انصاف کا خون نہ کرو، جس کی باتوں کا ماننا تم نے اپنے اوپر فرض کرلیا ہے اس کی طرف ہم تمہیں منسوب کریں اور جس کی باتوں کا تسلیم کرنا ہم نے اپنے اوپر فرض کرلیا ہے تم ہمیں اس کی طرف منسوب کرو، یعنی ہم تمہیں حنفی کہیں اور تم ہمیں محمدی!

برادران! میں آپ کو سیدھی راہ بتلاؤں سنئے! جو مسائل حضرات ائمہ کرام رحمۃ اللہ علیہم نے بتلائے ہیں حصر عقلی کے مطابق یا تو ان مسائل کا بیان قرآن حدیث میں ہوگا یا نہ ہوگا بس تیسری صورت نہیں، اگر ان مسائل کا بیان قرآن حدیث میں ہے تو اب بھی حصر عقلی کے مطابق دو صورتیں ہوسکتی ہیں یا تو ائمہ کے مسائل اس کے مطابق ہوں گے یا مخالف، پس یہ چار صورتیں ہوئیں،

۱- ائمہ کے بیان کردہ مسائل قرآن حدیث میں ہیں ۲-نہیں ہیں، ۳- ہیں اور ائمہ کے اقوال کے مطابق ہیں، ۴- ہیں اور ائمہ کے اقوال کے خلاف ہیں، اب اگر وہ مسائل قرآن وحدیث

(۱) ملاحظہ ہو فتاویٔ عالمگیری ج۵ ص ۳۶۲
(۲) ملاحظہ ہو ردالمحتار ج۲ ص ۳۶۱- ۳۶۲ (دیکھیں ضمیمہ ص ۱۶۲،۱۶۳)
(۳) طریق محمدی اہل حدیث اکیڈمی مئو سے طلب کریں۔

میں ہیں اور اسی طرح ہیں جس طرح ائمہ سے منقول ہیں ظاہر ہے کہ قرآن و حدیث بس ہے اور وہی اصل ہے اور اس میں یہ چیز موجود ہے ہمیں اقوال ائمہ کی ضرورت مطلقاً اس صورت میں نہیں، دوسری صورت میں یعنی قرآن حدیث میں بھی وہی مسائل ہیں اور ائمہ کے اقوال کے خلاف ہیں، ظاہر ہے اور دنیائے اسلام کے نزدیک مسلّم ہے کہ اس صورت میں ان اقوال کی تابعداری کسی ایک مسلمان کے نزدیک بھی جائز نہیں بلکہ حرام اور محض حرام بلکہ شرک و کفر ہے۔ پس ہونے کی اور نہ ہونے کی صورت میں مخالفت موافقت کی یہ صورتیں آ گئیں اب رہی چوتھی صورت یعنی ائمہ نے کچھ فرمایا ہے اور بالفرض قرآن حدیث میں اس کی بابت کچھ نہیں یعنی اس بارے میں کوئی عام یا خاص حکم نہیں تو ہم کہتے ہیں کہ اولاً تو یہ صورت فرضی ہے اور اگر ایسا واقعہ بھی ہوتا تو ہم کہتے ہیں کہ اس صورت میں ائمہ کا یہ قول داخل شریعت نہیں بلکہ شرع محمدی سے خارج اور یکسر خارج ہے اس لئے کہ خدا بھولنے والا نہیں۔ فرماتا ہے "وَمَاكَانَ رَبُّكَ نَسِيّاً" (۱) اس کے محترم رسول ﷺ حق کو نہ پہنچانے والے، اسے چھپا لینے والے اس کے بیان سے رک جانے والے نہیں، فرماتا ہے "يَآاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآاُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ فَاِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَابَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ" (۲) مطلب یہ ہے کہ اگر میرا ایک فرمان بھی تو نے نہ پہنچایا تو تو میرا سچا پیغمبر نہیں، پس نہ خدا بھولنے والا، نہ رسول چھپانے والے، اب سنئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ" (۳) آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا، رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں "يا ايها الناس ليس من شيء يقربكم الى الجنة ويباعدكم من النار الاقد اَمَرْتُكُمْ بِهٖ وليس من شيء يقربكم من النار ويباعدكم من الجنة الاقد نهيتكم عنه" (۴) مطلب یہ ہے کہ بھلے برے نیک بد تمام کام میں تمہیں بتلا چکا ہوں کرنے کے تمام کاموں کا حکم اور نہ

(۱) مریم ۱۹/۶۴
(۲) المائدة ۵/۶۷
(۳) المائدة ۵/۳
(۴) مشکوٰة صـ ۴۵۲ باب التوکل والصبر، شعب الایمان للبیهقی۔

کرنے کے کل کاموں سے ممانعت میں تمہیں کر چکا ہوں اور حدیث میں ہے "وما سکت عنه فهو عفو" یعنی جو چیز بیان نہیں کی وہ دین نہیں شرع نہیں تم اس میں معافی میں ہو،(۱) ابن ماجہ میں ہے "وما سواهما فهو فضل" یعنی ان دونوں (قرآن وحدیث) کے سوا جو ہے وہ فضول چیز ہے، پس ائمہ کے وہ اقوال جو قرآن حدیث میں نہیں وہ شریعت میں داخل نہیں، دینی احکام کہے جانے کے قابل نہیں، پس بحالت موجودگی موافقت کی صورت میں بے ضرورت و بے کار، مخالفت کی صورت میں قابلِ ترک و انکار، بصورت عدم موجودگی شرع سے خارج اور فضول طومار، تو اب کیا باقی رہ گیا؟ جس کے لئے تقلید کا پٹہ گلے میں ڈال کر اتباع کی راہ ٹال کر پیغمبر سے نسبت توڑ کر کسی امام سے نسبت جوڑ کر خدا کو بیزار اور پیغمبر کو بر سر پیکار کیا جائے؟

اب میں دو باتیں اور ضروری لکھ کر اپنے اس رسالے کو ختم کرتا ہوں، اول تو یہ کہ اگر کوئی صاحب میری اس کتاب کا جواب لکھیں تو انہیں خدائے واحد کی قسم ہے کہ وہ ہمیں ہماری مسلمہ کتابوں کا حوالہ دیں اور اس امر کا خیال رکھیں کہ ہمارے نزدیک کسی کی محض بات چیت حجت نہیں صرف قرآن کریم اور احادیث صحاح حجت ہیں تو ہمیں ان ہی دو چیزوں سے الزام دیا جائے اور نا ملائم اور جگر خراش الفاظ استعمال نہ کریں تو بہتر ہے۔

دوسری اور آخری عرض میری سر برآوردگان قوم سے یہ ہے کہ دنیا ترقی کے مدارج طے کر رہی ہے اور ہم بوجہ اپنی نا اتفاقیوں کے جتنا آگے بڑھنا چاہتے ہیں اتنا ہی پیچھے ہٹ آتے ہیں، اگر ہم ان خانہ جنگیوں کی بساط کو ذرا سی دیر لپیٹ دیں تو کچھ دنوں میں لوگوں کو اپنا منہ دکھانے کے قابل ضرور ہو جائیں گے، آپ لوگ اس لگی ہوئی آگ میں تیل کا کام نہ دیں بلکہ پانی کا کام کیجئے اور وہ بھی نہایت سرد پانی کا، آؤ! سب مل کر سنت رسول اللہ ﷺ کی زنجیر کو مضبوط تھام لیں "وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعاً وَّلَاتَفَرَّقُوْا" (۲) کا مجسم عملی نمونہ بن جائیں اور باآواز بلند پکار دیں۔ رضينا بالله رباو بالاسلام دينا و بمحمد نبياً۔

---

(۱) مشکوۃ صـ ۳۶۲ باب مايحل اكله ومايحرم
(۲) ال عمران ۳/۱۰۳

برادران! میں نے اپنا لب ولہجہ بگڑنے نہیں دیا اوران دونوں مصنفوں کی طرح دل توڑ اور سر پھوڑ الفاظ نہیں لکھے، ہاں بعض مسائل جو حنفی مذہب کی فقہ کی کتابوں میں ہیں وہ آپ کے سامنے رکھے ہیں، لیکن یہ بھی دل خراشی اوردل آزاری کے لئے نہیں بلکہ صرف اس لئے کہ آپ کو مسائلِ حدیث اور مسائل فقہ کا فرق معلوم ہوجائے، دوستو! خدارا غور کرو قبول حق سے عار نہ رکھو، کل خدا کے سامنے کھڑا ہونا ہے قرآن وحدیث کا عمل وہاں موجب نجات ہوگا اورفقہ پرستی وہاں نیچا دکھائے گی۔ دوستو! فقہ تواب نکلی اس کی صحیح تاریخ آپ میرے رسالے سیف محمدی میں ملاحظہ فرمایئے۔(۱) اس سے پہلے مسلمانوں کے ہاتھ میں صرف قرآن وحدیث تھا وہی کیا اب تمہیں کافی نہیں، دوستو! آپ کے دوہاتھ ہیں اورخدا کی طرف سے دو چیزیں تمہیں دی گئی ہیں پس ایک ہاتھ میں کتاب اللہ لواور دوسرے میں حدیث رسول اللہ، اب نہ تیسرا ہاتھ نہ تیسری چیز، اللہ کے نبی نے امت کو یہی وصیت سب سے آخر میں کی کہ میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں جب تک انہیں مضبوطی سے تھامے رہو گے گمراہ نہ ہوگے، ایک کتاب اللہ دوسرے سنت رسول اللہ۔(۲)

مسلمانو! آج اگر ہم مذاہب کی چاردیواری اٹھادیں تو آج سب متفق ومتحد ہوجائیں اور یہ روزمرہ کی چپقلش اٹھ جائے،

مسلمانو! میں ہر ایک بزرگ کا احترام شرعی امر سمجھتا ہوں، میں اماموں اور بزرگوں کے دشمن کو دشمنِ خدا جانتا ہوں، لیکن میرا ایمان ہے کہ ہرطرح کا کمال صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے اور ہرطرح کی عصمت اور غلطی سے بچاؤ صرف انبیاء علیہم السلام کے لئے ہے، اگر غیر نبی بھی نبیوں کی طرح غلطیوں سے معصوم ہوتو ان میں اوران میں فرق ہی کیا رہ گیا؟ اگر امتیوں کی اطاعت بھی ہم پر ضروری ہوتو پھر رسول آخر الزماں کی فضیلت ہی کیا رہ گئی؟ اگر قیاس مجتہد

---

(۱) ملاحظہ ہوسیف محمدی، ص ۷، یہ کتاب اہلحدیث اکیڈمی مئو سے طلب فرمائیں۔

(۲) تركت فيكم امرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما كتاب الله و سنة رسوله، موطا امام مالك النهي عن القول في القدر. صـ ۳۶۳ (مكتبه تهانوى، ديوبند)

قرآن وحدیث کی طرح واجب القبول سمجھا جائے تو پھر دونوں میں کیا تفاوت رہا؟ پس میں آپ کے زندہ ضمیر سے آپ کو خدا کی یاد دلا کر اپیل کرتا ہوں کہ رائے قیاس کی اندھی تقلید سے ہٹ کر قرآن وحدیث کی نورانی شعاعوں کا نور حاصل کیجئے، فقہاء اور اماموں وغیرہ کے وہ مسائل جو موافق ہوں سر آنکھوں پر، نہ اس لئے کہ فقہاء اور ائمہ کے اقوال ہیں بلکہ اس لئے کہ فرمانِ رسول یہی ہے اور جو فرمان رسول کے خلاف ہوں ان پر ہرگز عمل نہ کیجئے بلکہ آنکھ اٹھا کر دیکھئے بھی نہیں، صرف میں ہی یہ نہیں کہتا بلکہ خود حضرت امام ابوحنیفہؒ کے ایسے ہی بیسیوں اقوال ہیں، ملاحظہ ہو میری کتاب طریق محمدی، (۱) اس میں سیکڑوں مسائل آپ کی مذہبی معتبر کتابوں سے میں نے نقل کئے ہیں اسی طرح کے تقریباً چھ سو مسائل میں نے اپنی کتاب سیف محمدی میں جمع کئے ہیں اور اسی موضوع پر میں نے ہدایت محمدی اور درایت محمدی وغیرہ بھی لکھی ہیں (۲) میرا مقصود ان سے نہ دل آزاری ہے نہ دل شکنی، نہ سب وشتم اور نہ لعن طعن، نہ توہین وتشنیع، بلکہ خدا خوب جانتا ہے اس کی نگاہیں دلوں پر ہیں کہ میرا مقصود اس سے صرف یہ ہے کہ مسلمان سیر کرتے کرتے جس چمنستان محمدی سے نکل آئے ہیں اور خارزار رائے قیاس میں سرگرداں ہیں ان کا ہاتھ تھام کر اس وادی تیہ کے قید خانے سے چھڑا کر پھر ارض مقدس میں پہنچاؤں، یقیناً جو میں سمجھا ہوں وہی ٹھیک ہے اس لہسن پیاز کو اس من وسلویٰ کے بدلے نہ اختیار کرو، کیا کرر ہے ہو مسلمانو کیا کرر ہے ہو؟ کلمہ پڑھو محمد رسول اللہ ﷺ کا اور تابعداری کرو کسی اور کی؟ اور پھر ان کا بھی یعنی امام ابوحنیفہؒ کا بھی صرف نام ہی نام ہے اصل تقلید تو فقہ کی ان کتابوں کی ہے اور میرا تو ایمان ہے کہ ان میں جو مسائل ہیں وہ سارے کے سارے ہرگز ہرگز حضرت امام عالی مقام علیہ رحمۃ اللہ کے نہیں، ورنہ ایسی فاش غلطیاں اور ایسے دور از دین خدا مسائل ان میں نہ ہوتے، پس ان مسائل کی کتابوں بلکہ ان کے مصنفین کو بھی

---


(۱) یہ کتاب بھی الکٹرانک کتابت وروشن طباعت کے ساتھ منظر عام پر آگئی ہے۔ اہلحدیث اکیڈمی مئو سے حاصل کریں۔

(۲) مذکورہ تمام کتابیں آپ اہلحدیث اکیڈمی مئو سے حاصل کر سکتے ہیں۔

چھوڑ دو اور اتباع رسول اور وحی خدا اور راہ ہدیٰ طریقۂ مصطفےٰ کی طرف آؤ، اے اللہ ہم پر رحم فرما، نیک توفیق دے، قرآن وحدیث کو ہماری آنکھوں کا نور اور دل کا سرور بنادے، اسی پر زندہ رکھ، اسی پر موت دے، اسی پر حشر کر، قیامت کے دن جبکہ ہر گروہ اپنے اپنے پیشوا کی طرف منسوب کرکے پکارا جائے گا تو ہمیں ہمارے حقیقی پیشوا سچے رہنما سید اولاد آدم رسول اکرم حضرت محمد ﷺ کی طرف منسوب کرکے آواز دے، ہمیں اپنا دیدار، اپنے نبی کی شفاعت نصیب فرما، دوزخ اور اپنے غصے سے بچا اور جنت الفردوس میں اپنے بہترین اور افضل ترین رسول ﷺ کے قدموں میں جگہ دے۔ آمین یارب العالمین۔

الراقم: محمد بن ابراہیم جونا گڑھی

مدرس مدرسہ محمدیہ وایڈیٹر اخبار محمدی دہلی ٦



طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ (الحديث)

شیخ الکل فی الکل حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی ؒ ۱۸۰۵ء — ۱۹۰۲ء

کے مکتوبہ و مصدقہ فتاویٰ کا بے نظیر مجموعہ

فتاویٰ نذیریہ

مبوّب و مترجم

جلد دوم

ناشر

ادارہ نور الایمان ۲۱۲، اجمیری گیٹ دہلی ۶

فرض جاننا محتاج دلیل ہے واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ محمد عبد الرحمٰن المبارکفوری عفا اللہ عنہ۔

سوال ۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مال تجارت میں زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب ۔ مال تجارت میں زکوٰۃ فرض ہے بدلیل اس آیت کے انفقوا من طیبات ما کسبتم ومما اخرجنا لکم من الارض الآیۃ واضح ہو کہ کسب میں دستکاری اور بیع و شری داخل ہے بدلیل روایت احمد بن حنبل کے رافع بن خدیج سے قال قیل یا رسول اللہ ای الکسب الطیب قال عمل الرجل بیدہ وکل بیع مبرور رواہ احمد کذا فی المشکوٰۃ بنابر اسی کے امام بخاری نے ایک باب منعقد کیا ہے زکوٰۃ کسب اور تجارت میں یعنی ان دونوں صورتوں میں زکوٰۃ واجب ہوتی ہے یعنی جو مال کسب و دستکاری اور بیع و شری سے بقدر نصاب کے حاصل ہو اس میں زکوٰۃ واجب ہوگی اس لئے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کسب مطلق میں کسب تجارت کو شامل کیا اور آیۃ انفقوا من طیبات ما کسبتم سے فرضیت زکوٰۃ کی اظہر من الشمس ہے۔ اجماعاً تو کسب و تجارت میں بھی زکوٰۃ بلاشبہ واجب ہوگی اسی واسطے اس پر بھی اجماع منعقد ہوا منکر اور مخالف اس کا مذاق قرآن مجید و محاورہ لسان عرب سے محظوظ و ماہر نہ ہوا اللھم اغفر لہ وارحمہ۔ باب صدقۃ الکسب والتجارۃ لقول اللہ تعالیٰ یا ایہا الذین آمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم ومما اخرجنا لکم من الارض الی قولہ غنی حمید انتہی ظاہر الآیۃ یدل علی

---

[1] اپنی پاکیزہ کمائی اور زمین کی پیداوار میں سے خرچ کرو [2] رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ پاکیزہ کسب کونسا ہے آپ نے فرمایا ہاتھ کی کمائی اور ایمانداری کی تجارت ۔

[3] اپنی پاکیزہ کمائی میں سے خرچ کرو۔ [4] اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایماندارو اپنی پاکیزہ کمائی اور زمین کی پیداوار میں سے خرچ کرو (غنی حمید تک) ظاہر آیت سے ہر مالی مکتسب میں زکوٰۃ فرض معلوم ہوتی ہے۔ اس میں تجارت کا مال بھی شامل ہے اور سونے چاندی اور مویشی کی زکوٰۃ بھی کیونکہ یہ سب کمائی میں شامل ہیں۔ یہ آیت داؤد کے خلاف اجماع کی سند ہے اور جمہور کی حجت کہ وہ سونے چاندی اور جانوروں کے علاوہ اور کسی چیز میں زکوٰۃ فرض نہیں کہتا اور جمہور کے نزدیک اصلی ... [illegible]

وجوب الزکوٰۃ فی کل مال یکتسبہ الانسان فیدخل فیہ زکوٰۃ التجارۃ وزکوٰۃ الذھب والفضۃ وزکوٰۃ النعم لان ذلک مما یوصف بانہ مکتسب کذا فی التفسیر الکبیر وھذہ الایۃ سند الاجماع وحجۃ الجمھور علی داؤد حیث قال لا یجب الزکوٰۃ الا فی الانعام والنقود وعند الجمھور یجب فی العروض والعقار ایضا اذا کان للتجارۃ وانما شرطوا نیۃ التجارۃ لان النمو شرط لوجوب الزکوٰۃ بالاجماع ولا نمو فی العروض الا بنیۃ التجارۃ وعن ابن عمر لیس فی العروض زکوٰۃ الا ما کان للتجارۃ رواہ الدارقطنی ومما یدل علی وجوب الزکوٰۃ فی العروض ما روی عن حماس قال مررت علی عمر بن الخطاب وعلی عنقی ادمۃ احملہا فقال الا تؤدی زکوتک یا حماس فقال مالی غیر ھذا واھبۃ فی القرظ قال ذلک مال فضعھا فوضعتہا بین یدیہ فحسبہا فقد وجبت الزکوٰۃ فیہا فاخذ منہا الزکوٰۃ رواہ الشافعی واحمد وابن ابی شیبۃ و عبد الرزاق وسعید بن منصور والدارقطنی انتہی ما فی التفسیر المظہری للقاضی ثناء اللہ الپانی پتی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی والد ماجد شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ازالۃ الخفا میں فرماتے ہیں الشافعی عن ابن عمر وابن حماس ان اباہ قال مررت بعمر بن الخطاب وعلی عنقی ادمۃ احملہا فقال عمر الا تؤدی زکوتک یا حماس فقلت یا امیر المومنین مالی غیر ھذہ التی علی ظہری واھبۃ فی القرظ قال ذلک مال فضع فوضعتہا بین یدیہ فحسبہا

میں بھی زکوٰۃ فرض ہے جبکہ وہ تجارت کے لئے رکھا ہوا اور اس میں تجارت کی نیت فرض ہے۔ کیونکہ نمو وجوب زکوٰۃ کے لئے بالاجماع شرط ہے اور مال میں نمو تجارت ہی سے ہوتا ہے ابن عمرؓ کا بھی یہی مذہب ہے اور سامان میں زکوٰۃ واجب ہونے کی دلیل حماس کی حدیث بھی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں حضرت عمرؓ کے پاس سے گذرا میری گردن پر چمڑے کی کھالیں تھیں آپ نے فرمایا اے حماس تو اپنی زکوٰۃ کیوں نہیں ادا کرتا؟ میں نے کہا میرے پاس تو یہی کچھ ہے آپ نے فرمایا یہ مال ہے اسے یہاں رکھ میں نے رکھا تو آپ نے اس کا حساب کیا تو وہ نصاب کو پہنچ گئیں آپ نے ان کی زکوٰۃ لے لی۔

لہ ابن حماس کہتے ہیں کہ میرا باپ حضرت عمر فاروقؓ کے پاس سے گذرا ان کی گردن پر کھالیں تھیں حضرت عمرؓ نے کہا اے حماس اپنے مال کی زکوٰۃ کیوں نہیں ادا کرتا انہوں نے کہا میرے پاس تو [illegible]

فوجد ما قد وجبت فیہا الزکوٰۃ فاخذ منہا الزکوٰۃ انتہی مافی ازالۃ الخفاء۔ یہ روایت حضرت عمرؓ کی اگرچہ لفظاً موقوف ہے مگر باعتبار حکم کے مرفوع ہے کیونکہ جس امر میں رائے کو دخل نہیں اس کو صحابی اپنی طرف سے نہیں کہہ سکتا جب تک حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے نہ سنا ہو جیسا کہ اہل حدیث اور فقہ پر مخفی نہیں اور اس آیت کریمہ والذین فی اموالہم حق معلوم للسائل والمحروم سے بھی مال تجارت میں فرضیت زکوٰۃ ثابت ہوتی ہے کیونکہ فی اموالہم میں مال تجارت بلاریب شامل ہے بدلیل اس آیت کے لاتاکلوا اموالکم بینکم بالباطل الاان تکون تجارۃ ای الاان تکون الاموال اموال تجارۃ صادرۃ عن تراض منکم چنانچہ تفسیر دوں میں مذکور ہے لہٰذا تفسیر عزیزی میں حج اہل آیت کا اس طرح پر ترجمہ کیا ہے والذین فی اموالہم یعنی وکسانیکہ در جمیع انواع مالہائے ایشان از نقد ومحصول زراعت ومال تجارت در بردہ حق معلوم یعنی حصے است مقرر کردہ شدہ ومعین نمودہ کہ آن زکوٰۃ است وصدقہ فطر انتہی مختصراً۔ اور ماہرین شریعت پر واضح ہے کہ صلوٰۃ حق بدن ہے اور زکوٰۃ حق مال ہے اور مال تجارت جنس اموال میں بلاریب شامل ہے اسی واسطے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ نے مانعین زکوٰۃ سے جہاد کیا جیسا کہ صحاح ستہ سے معلوم ہوتا ہے یا مواشی سائمہ یا زراعت یا تجارت سے لہٰذا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں۔ الاموال النامیۃ ثلثۃ اصناف الماشیۃ

نے فرمایا یہ مال ہے اسے یہاں رکھو چنانچہ ان کا حساب کیا گیا تو نصاب پورا ہو گیا آپ نے اس سے زکوٰۃ لے لی۔ [1] اور وہ لوگ کہ ان کے مال میں سائل اور غیر سائل کے لئے ایک حصہ مقرر ہے

[2] آپس میں اپنے مال باطل طریقہ سے دکھایا کرو ہاں اگر تجارت رضامندی سے ہو تو درست ہے یعنی مال اگر تجارت کی غرض سے رکھا ہو اور تمہاری آپس کی رضامندی سے اس میں سے نفع کما کر آدمی کھائے تو جائز ہے۔

[3] بڑھنے والے مال تین قسم کے ہیں مویشی جو چراگاہ میں چر کر گزر کریں اور ان کی نسل بڑھے۔ کھیتیاں اور تجارت کا سامان چونکہ تجارت کا سامان دور کے شہروں سے لایا جاتا ہے اور کھیتیاں اور پھل وغیرہ پک کر سال کے بعد کمائی ہوتی ہے اور یہی زکوٰۃ کی بڑی قسمیں تھیں لہٰذا ان کے لئے ایک سال کی مدت رکھی گئی اور ان چیزوں کے لئے یہ مدت درست تھی۔

المتناسلة السائمة والزروع والتجارة ولما كان دوران التجارة من البلدان النائية وحصاد الزروع وجني الثمرات في كل سنة وهي اعظم انواع الزكوة قدر الحول لها ولانها تجمع مختلفة الطبائع وهي مظنة النماء وهي صدقة صالحة لمثل هذه التقديرات انتهى كلامه۔ اور سابق معلوم ہو چکا کہ بیع کسب میں داخل ہے بدلیل روایت امام احمد کے رافع بن خدیج سے اور بیع تجارت ہے دوران مال تجارت سے تو نص قرآنی سے زکوٰۃ مال تجارت میں بھی فرض ہوئی کیونکہ صیغہ انفقوا کا آیۃ انفقوا من طیبات ماکسبتم میں واسطے وجوب فرضی کے ہے۔ علی الاطلاق تو فرضیت زکوٰۃ مال تجارت میں قرآن مجید سے ثابت ہوئی باقی رہی حدیث ابو داؤد کی جو دربارہ زکوٰۃ مال تجارت کے وارد ہے اور وہ حدیث یہ ہے عن سمرة بن جندب قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأمرنا ان نخرج الصدقة من الذي نعده للبيع رواه ابو داؤد واسناده لين كذا في بلوغ المرام۔ سو یہ حدیث دلیل مستقل فرضیت زکوٰۃ مال تجارت پر نہیں ہے بلکہ وہ دلالت کرتی ہے۔ نص آیت انفقوا من طیبات ماکسبتم اور سند اجماع پر اور یہ حدیث سند اجماع کے واسطے کافی ہے اگرچہ سند اس کی لین وضعیف ہے اور فی نفسہ قوی نہیں کہ موجب استنباط ہو البتہ اجماع سے اس میں قوت آگئی چنانچہ تفصیل اور تشریح اس کی بحث اجماع میں مذکور ہے کما لا یخفی علی الماہر باقوال العلماء من المتقدمین والمتاخرین واللہ اعلم بالصواب فاعتبروا یا اولی الالباب حررہ السید محمد نذیر حسین عفی عنہ ۳ ماہ ربیع الثانی ۱۲۹۸ھ۔

سید محمد نذیر حسین

سوال۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ جس کے پاس مکان رہنے کا نہیں ہے یا کپڑا پہننے کو نہیں ہے یا کبھی کبھی اس کے پاس روزمرہ کا کھانا نہ رہتا ہو یا جس کے پاس یہ سب چیزیں موجود ہوں مگر قرض اس کے ذمہ زیادہ ہے تو ان سب صورتوں میں وہ زکوٰۃ لینے کے قابل ہے یا نہیں؟

۱؎ اپنی پاکیزہ کمائی میں سے خرچ کرو ۲؎ سمرہ بن جندب نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو مال تجارت میں سے زکوٰۃ دینے کا حکم دیا کرتے تھے ۳؎ اپنی پاکیزہ کمائی میں سے خرچ کرو

یجب علیہ الاجر وان اعطاہ الاجر وقبضہ لا یحل لہ ویجب علیہ ردہ کذا فی الزیلعی والعینی وغیرھما من کتب الفقہ واجمعوا علی ان اجرۃ الزنا باطلۃ کذا فی العینی شرح صحیح البخاری والقسطلانی وشرح النووی وغیرہ۔

وسبب ردا این است، کہ ہرگاہ گیرندہ مال بوجہ حرام در زنا وغیرہ مالک آن نہ شد، پس آن مال از ملک مالک خارج نہ گشتہ، دریں صورت طریق رسانیدن حقوق عباد ہمیں است کہ آن را بمالکانش برسانند اگر معلوم باشند والا از طرف ایشان صدقہ کنند، و دلیل بریں مدعی این آیت کریمہ را می گردانند ان اللہ یامرکم ان تؤدوا الامانات الی اھلھا الایۃ۔ قال فی البیضاوی خطاب یعم المکلفین والامانات وان نزلت یوم الفتح فی عثمان بن طلحۃ انتھی ما فیہ وھکذا فی الجلالین والنیسابوری وغیرھما، و در بناء مسجد و مرمت آن مال حلال طیب ضرور باید چہ مسجدے کہ از مال حرام تیار بودہ باشد خواندن نماز دراں مکروہ است و نزد امام احمد حرام و در چاہ ہم صرف نہ کنند بلکہ بفقراء و مساکین بدہند باین نیت کہ ثواب این مال بمالک آن مال برسد تا از عذاب اخروی رہا شود۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ السید محمد نذیر حسین عفی عنہ | سید محمد نذیر حسین

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک عورت کو بلا نکاح ایک مدت تک اپنے پاس رکھا اور کسی قدر روپیہ بھی اس کو دیتا رہا، اب بعد چند برسوں کے زید اور عورت مذکور کو ہدایت ہوئی اور انہوں نے توبہ کی اور دونوں کے باہم عقد موافق شریعت کے کر لیا ہے، اب جو مال کہ زید نے اس عورت کو حالت غیر نکاح میں دیا تھا اب وہ مال اس عورت کو حلال ہے یا نہیں، اور اگر حلال نہیں، تو اس مال کو کس جگہ خرچ کرنا چاہیئے۔

ہے کہ زنا، یا لہو، یا گانے بجانے کے سبب سے جو مال حاصل ہو، وہ شریعت میں عقد صحیح نہیں ہے جب عقد صحیح نہ ہوا، تو وہ اصل مالک کی ملکیت رہا، ایسی صورت میں حقوق العباد سمجھ کر اس کو واپس کرنا واجب ہے اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے "خدا تمہیں حکم دیتا ہے، کہ امانتیں اصل مالکوں کی طرف واپس کر دو" اگرچہ یہ آیت عثمان بن طلحہ کے حق میں نازل ہوئی لیکن حکم اس کا بہر حال عام ہے، اور اگر صدقہ کرے تو ایسے مال کو مسجد پر نہ لگائے کیونکہ جس مسجد کی تعمیر میں حرام مال خرچ ہوا ہو اس میں نماز پڑھنے کے متعلق اختلاف ہے امام احمد تو مطلقاً حرام کہتے ہیں اور امام اعظم کراہت، اور نہ ہی ایسے مال کو کسی وقف کنوئیں کی تعمیر میں خرچ کیا جائے، بلکہ مسکینوں کو دے دیا جائے۔

الجواب: ۔ وہ روپیہ اس عورت کو حلال نہیں ہے اس واسطے کہ وہ روپیہ اس کو بمقابلہ زنا کے ملا ہے، اور ایسا مال خبیث ہوتا ہے، وہ روپیہ عورت زید کو واپس کر دے، واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ عبدالرحمن المبارکفوری عفا اللہ عنہ

سید محمد نذیر حسین

سوال: ۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید نے دو بیگہ زمین بکر سے ہبیت مبلغ پچاس روپیہ خرید کی، اور شرط یہ ہوئی کہ بکر جو بائع ہے اگر مشتری کو چار برس کے اندر کل روپیہ ادا کر دے، تو زمین بکر کی بکر کو ملے گی، اور مدت معینہ تک نہیں دیا تو زمین مشتری کی ہو جاوے گی، اور بائع کو اس پر کوئی دعویٰ نہیں رہے گا، اور مدت معینہ تک مشتری اس زمین کی مالگذاری دیتا رہے گا، اور اس کے منافع سے مشتری مدت معینہ تک منتفع ہوتا رہے گا، ایسی خرید و فروخت شرعاً جائز ہے یا نہیں اور یہ سود میں داخل ہے یا نہیں بینوا بالکتاب توجروا یوم الحساب۔

الجواب: ۔ یہ بیع شرعاً ناجائز ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی بیع و شرط سے منع فرمایا ہے، طبرانی میں ہے نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع و شرط۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی بیع سے کہ جس میں شرط ہو منع فرمایا ہے، چونکہ بائع و مشتری نے اس بیع میں ایسی شرط کی ہے کہ بالکل منافی و مخالف بیع ہے اس لئے یہ بیع فاسد و باطل ہے اور ایسی شرط جو بیع میں کرنی، جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں، اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے باطل فرمایا ہے، صحیحین میں حضرت عائشہ سے روایت ہے۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فما بال رجال یشترطون شروطا لیست فی کتاب اللہ ما کان من شرط لیس فی کتاب اللہ فھو باطل وان کان مائۃ شرط۔ یعنی آپ فرماتے ہیں کہ کیا حال ہے لوگوں کا کہ ایسی شرطیں کرتے ہیں، جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں، جو شرط ایسی ہو کہ اللہ کی کتاب میں نہ ہو تو وہ باطل ہے اگرچہ سو شرطیں ہوں امام نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں الخامس ان قولہ صلی اللہ علیہ وسلم کل شرط الخ صریح فی ابطال کل شرط لیس لہ اصل فی کتاب اللہ وقلما لاجماع علی ان من شرط فی البیع شرطا لا یحل فھو لا یجوز علا بھذا الحدیث انتہی۔

لہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانا کہ ہر وہ شرط الخ اس بارہ میں صریح دلالت ہے کہ ہر وہ شرط جو کتاب اللہ میں نہیں ہے

فی المنح الازھر۔ واضح ہو کہ سبیل مال حرام کا یہ ہے شرعًا، کہ جس جس کسی کا مال بوجہ رشوت یا ربا یا حرام کاری اور زنا اور غناء سے جمع کیا ہو، تو فرض وواجب ہے اس پر کہ ان مالوں کو بمالکان مال رد کردے، اگر صاحبان مال موجود اور معلوم ہوں، ورنہ ان مالوں کو صدقہ کردے اس نیت سے کہ یا الٰہی جس جس کسی کا مال صدقہ کرتا ہوں ان لوگوں کو ثواب اس کا پہنچا اور اپنا ثواب دینے کا قصد نہ کرے، چنانچہ زیلعی وطحطاوی وغیرہ سے مستفاد ہوتا ہے، اور جس کسی کا کسب حرام ہے یا مال حرام ہے، چنانچہ مال زانیہ ورقاصہ ورشوت خوار وسود خوار وغیرہ کا ہو، پس ایسے لوگوں کے ہاتھ کچھ چیز بیچنا یا مزدوری کرنی اور وہ زانیہ وغیرہ ثمن اور اجرت ومزدوری مال حرام سے دیں، تو بائع اور نوکر کو اس مال حرام کو عوض مبیعہ اور مزدوری کے لینا حرام ہے۔ لان[1] ما حرم اخذہ حرم اعطائہ کما فی الاشباہ ومنتقل الحرمۃ مع العلم کما فی الدر المختار وغیرہ ویردونہا علی اربابہا ان عرفوھم والا تصدقوا بہا لان سبیل الکسب الخبیث التصدق اذا تعذر الرد علی صاحبہ فانہ یتصدق بہ بنیۃ الخصماء کما افادہ الحموی وغیرہ۔ ہاں اگر زانیہ ورقص کرنے والا وغیرہ کسی غیر سے قرض لے کر ثمن یا مزدوری بائع یا نوکر کو نوکری حلال کے عوض دے تو البتہ درست وجائز ہوگا، چنانچہ اشباہ وغیرہ سے واضح ہوتا ہے، لیکن طالب العلم کو نہ چاہیے کہ زانیہ فاجرہ یا رقاصہ فاسقہ کی نوکری تعلیم وتعلم کی قبول کرے، کہ دور از جادہ دیانت ہے الحیاء[2] شعبۃ من الایمان الحدیث وفی روایۃ الحیاء من الایمان کما فی الصحاح الستۃ۔

سید محمد نذیر حسین

سوال۔ کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی ایک جائداد کسی شخص کو اجارہ یعنی ٹھیکہ پر کسی رقم معین پر دی اور ایک وثیقہ اس مضمون کا لکھا گیا، کہ تا حیات میں منافع مقررہ سے منتفع ہوتا رہوں گا، بعد میری موت کے میری زوجہ ہندہ تا حیات منافع مذکورہ کی مالک رہے گی اب زید فوت ہو گیا، ہندہ حسب اس تحریر

[1] جس کا لینا حرام ہے اس کا دینا بھی حرام ہے اور حرمت علم کے ساتھ منتقل ہوتی ہے اور مال حرام اصل مالکوں کو اگر معلوم ہوں تو واپس لوٹا دیا جائے ورنہ اس کو صدقہ کیا جائے، کیونکہ خبیث کمائی کا واحد علاج یہی ہے کہ وہ اصل کو دے سکے یا صدقہ کرکے ان کو اس کا ثواب پہنچا دیا جائے، تاکہ قیامت کے تقاضے سے بچ جائے۔

[2] حیا ایمان کی ایک شاخ ہے اور فرمایا حیا ایمان کا ایک حصہ ہے۔

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

پس اہل ذکر سے پوچھ لو اگر تمہیں علم نہ ہو (الانبیاء: ۷)

فتاویٰ ثنائیہ

جلد دوم

جس میں شیخ الاسلام حضرت مولانا ابوالوفاء ثناء اللہ امرتسری کے ۴۰ سالہ فتاویٰ کو فقہی ترتیب کے ساتھ اس طرح مرتب کر دیا گیا ہے کہ عبادات و معاملات کا کوئی مسئلہ باقی نہیں رہا۔

محشی بحواشی شیخ الحدیث حضرت مولانا ابوسعید شرف الدین دہلوی

مرتبہ

حضرت مولانا محمد داؤد صاحب راز



مکتبہ ترجمان

۴۱۱۶ اردو بازار، اہلحدیث منزل، جامع مسجد، دہلی ۱۱۰۰۰۶

شک وشبہ نہیں، اس کا ممبر بنانا، دواس استعمال کرنا وغیرہ سب ممنوع۔

